★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعرات 17 ذیقعد 1446ھ، 15 مئی 2025ء 2 جیٹھ 2082 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 187

مریم نواز
وردی کا مذاق اڑایا گیا، آج یہی وردی پوش سرحدوں پر لڑ رہے ہیں

ہر لحاظ سے بڑے دشمن سے صرف جنگ ہی نہیں جیتی بلکہ قوم کا روشن مستقبل یقینی بنایا، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں لیپ ٹاپ اور ہونہار اسکالرشپ فیز ٹو کی تقریب سے خطاب

میں بار بار بچوں کو تفریق اور تقسیم کرنے والوں کے بارے میں بتاتی رہی ہوں، میں بچوں سے پہلے بھی کہتی رہی، آج بھی کہتی ہوں کہ نفرت اور تقسیم پھیلانے والوں کی باتوں میں نہیں آنا: وزیر اعلیٰ پنجاب

فیصل آباد، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز ہونہار سکالرشپ پروگرام کی تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

فیصل آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے پر مسلح افواج کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ وردی کو ڈنڈے پر لٹکا کر مذاق اڑایا گیا، آج یہی وردی پوش جوان سرحدوں پر ہماری حفاظت کے لیے لڑ رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں لیپ ٹاپ اور ہونہار اسکالرشپ فیز ٹو کی تقریب سے خطاب کے دوران کہا کہ پاکستان کو دنیا کی سب سے بڑی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

نائب وزیر اعظم کا چینی کی قیمت کم کرنے کا حکم، ملز ایسوسی ایشن کی اسحٰق ڈار کو تعاون کی یقین دہانی

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم اسحٰق ڈار نے چینی کی قیمت کم کرنے کا حکم دے دیا۔ بدھ کو نائب وزیر اعظم کی زیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

آئی ایم ایف کی طرف سے پاکستان کو ایک ارب 23 لاکھ ڈالرز موصول

آئی ایم ایف نے رقم ای ایف ایف قرض پروگرام کی دوسری قسط کے طور پر جاری کی' اسٹیٹ بینک

کراچی (این این آئی) انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (آئی ایم ایف) کی طرف سے پاکستان کو ایک ارب 23 لاکھ ڈالرز موصول ہو گئے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف نے رقم ای ایف ایف قرض پروگرام کی دوسری قسط کے طور پر جاری کی۔ اسٹیٹ بینک نے کہا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

بی جے پی کے سینئر رہنما نے بھارتی مسلم فوجی کرنل کو دہشتگردوں کی بہن قرار دے دیا

بی جے پی رہنما کے مسلمانوں اور صوفیہ قریشی کیخلاف نفرت انگیز بیان کے بعد نئی بحث چھڑ گئی، کانگریس رہنماؤں کا وزیر سے فوری مستعفی ہونے کا مطالبہ

بھارتی فوج کی کرنل صوفیہ قریشی نے آپریشن سندور کی تفصیلات بتاتے ہوئے پاک فوج کی جوابی کارروائیوں میں بھارت کو پہنچنے والے نقصانات کی تفصیلات سے میڈیا کو آگاہ کیا تھا

نئی دہلی (این این آئی) بی جے پی کے سینئر رہنما اور وزیر وجے شاہ نے بھارتی فوج کی مسلم فوجی کرنل صوفیہ قریشی کو دہشتگردوں کی بہن قرار دے دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بھارت کی ہندو انتہا پسند جماعت بی جے پی کے سینئر رہنما وجے شاہ نے بھارتی فوج کی جانب سے پاکستان کے خلاف شروع کیے گئے آپریشن سندور کی تفصیلات سے میڈیا کو آگاہ کرنے والی مسلم فوجی کرنل صوفیہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

سندھ طاس معاہدہ کا احترام کیا جائے، برطانوی پارلیمنٹ کا کشیدگی پر اظہار

برطانیہ میں 3 ملین سے زائد افراد کا تعلق بھارت اور پاکستان سے ہے، ہم نے اب تک بھارتی و پاکستانی وزرائے خارجہ سے 4 بار بات چیت کی ہے' برطانوی وزیر خارجہ

ہمارے حلقے کے بہت سے لوگ آزاد کشمیر، میرپور، کوٹلی اور گجرات سے تعلق رکھتے ہیں اور جنوبی ایشیا میں بڑھتی کشیدگی سے مقامی کمیونٹی میں بے چینی پھیل رہی ہے، رکن پارلیمنٹ جیمز فرتھ

لندن (این این آئی) برطانوی پارلیمنٹ نے بھارت اور پاکستان کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سندھ طاس معاہدے کو برقرار رکھنے اور اس کا احترام کرنے کی اپیل کی ہے۔ برطانیہ کے رکن پارلیمنٹ جیمز فرتھ نے کہا کہ ہمارے حلقے کے بہت سے لوگ آزاد کشمیر، میرپور، کوٹلی اور گجرات سے تعلق رکھتے ہیں اور جنوبی ایشیا میں بڑھتی کشیدگی سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

وزیر اعظم
تاریخ یاد رکھے گی پاک فوج نے چند گھنٹوں میں دشمن کی جارحیت کو ناکام بنایا

وزیر اعظم کا معرکہ حق میں آپریشن بنیان مرصوص کی فرنٹ لائنز کا دورہ، شہباز شریف نے پسرور سیالکوٹ چھاؤنی کا دورہ کیا اور آپریشن بنیان مرصوص میں شریک افسروں و جوانوں سے ملاقات کی اور انہیں آپریشن بنیان المرصوص میں بہادری سے لڑنے پر خراج تحسین پیش کیا

وزیر اعظم آئندہ چند روز کے دوران ایئر بیسز اور نیول بیسز کا بھی دورہ کریں گے اس دوران وہ پاک فضائیہ اور پاک بحریہ کے افسران و جوانوں سے ملاقات بھی کریں گے، ترجمان پاک فوج

پسرور (بیورو چیف سیالکوٹ، خواجہ عامر جاوید) وزیر اعظم شہباز شریف نے آپریشن بنیان مرصوص کی فرنٹ لائنز کا دورہ کیا جہاں انہوں نے آپریشن میں شریک افسران اور جوانوں سے ملاقات کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دورے کے دوران وزیر اعظم شہباز شریف نے پسرور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

راولپنڈی: وزیر اعظم شہباز شریف نے آپریشن بنیان مرصوص کی فرنٹ لائنز کا دورہ کر رہے ہیں

چینی وزیر خارجہ کی پاکستانی سفیر خلیل ہاشمی سے ملاقات

چین پاکستان، بھارت کے درمیان جنگ بندی کے حصول میں تعمیری کردار ادا کرنے کیلئے تیار

بیجنگ (این این آئی) چینی نائب وزیر خارجہ سن ویڈونگ نے کہا ہے کہ چین پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی کے حصول میں تعمیری کردار ادا کرنے کیلئے تیار ہے۔ چینی میڈیا کے مطابق سن ویڈونگ نے چین میں پاکستانی سفیر خلیل ہاشمی سے ملاقات کی جس دوران چینی نائب وزیر خارجہ نے کہا کہ چین پاکستان اور بھارت کے درمیان جامع اور دیرپا جنگ بندی کے حصول کا خیر مقدم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

محسن نقوی کی بھارتی حملے میں زخمی محنت کش توقیر عباس کی عیادت

توقیر عباس کی زخمی آنکھ بارے ڈاکٹرز سے معلومات لیں اور بہترین طبی سہولتیں فراہم کرنے کی ہدایت

راولپنڈی (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بھارتی ڈرون حملے میں زخمی محنت کش توقیر عباس کی عیادت کی ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے ہولی فیملی ہسپتال راولپنڈی کا دورہ کیا جہاں راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم کے قریب بھارتی ڈرون دہشتگردی میں 8 بہنوں کے اکلوتے بھائی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

مسئلہ کشمیر حل کرنے کیلئے امریکا اور عالمی برادری کو کردار ادا کرنا ہوگا، رضوان سعید شیخ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: چیف جسٹس یحییٰ آفریدی و دیگر ججز ریٹائر ہونیوالے ڈپٹی رجسٹرار پرویز اقبال کو سوینئر دے رہے ہیں

پاکستان کا غزہ میں غیر مشروط جنگ بندی کا مطالبہ

غزہ میں بھوک کو بطور ہتھیار استعمال کیا گیا، غزہ میں ہسپتال پر حملے کئے گئے، 17 ہزار بچوں 17 ہزار ماؤں کو علاج معالجہ کی ضرورت ہے

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے غزہ میں مستقل اور غیر مشروط جنگ بندی کا مطالبہ کر دیا۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے اقوام متحدہ کے سلامتی کونسل اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ غزہ سے فلسطینیوں کی بے دخلی منظور نہیں، غزہ کے محاصرے کو فوری ختم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

راولپنڈی: وزیر داخلہ محسن نقوی ڈرون اٹیک میں زخمی ہونیوالوں کی عیادت کر رہے ہیں

ملک بدر بھکاریوں سے متعلق تحریری تفصیلات قومی اسمبلی میں جمع

اسلام آباد (این این آئی) بیرون ملک سے ملک بدر بھکاریوں سے متعلق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ کا ٹی ڈیپ لاہور دفتر کا دورہ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

اراکین قومی اسمبلی پارلیمنٹ لاجز کی مرمت نہ ہونے پر پھٹ پڑے

ڈائریکٹر اور ڈپٹی ڈائریکٹر کو رفع دفع کرنے کی بجائے سی ڈی اے کو رفع دفع کر دیں، نوید قمر

اسلام آباد (این این آئی) اراکین قومی اسمبلی پارلیمنٹ لاجز کی تزئین و آرائش اور مرمت نہ ہونے پر پھٹ پڑے۔ رپورٹ کے مطابق قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران اراکین قومی اسمبلی نے پارلیمنٹ لاجز کی تزئین و آرائش اور مرمت نہ ہونے پر برہمی کا اظہار کیا ہے۔ پی ٹی آئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

راولپنڈی: اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق بھارتی حملے کے نتیجے میں زخمی ہونے والوں کی عیادت کر رہے ہیں

شدید کشیدگی کے درمیان پاکستان اور بھارت کے درمیان قیدیوں کا تبادلہ

پاکستان نے بی ایس ایف کانسٹیبل، بھارت نے پنجاب رینجرز اہلکار محمد اللہ کو حوالے کیا

لاہور (این این آئی) جنگ بندی کے درمیان پاکستان اور بھارت کے درمیان قیدیوں کا تبادلہ ہوا جب کہ پاکستان نے بھارتی بارڈر سیکیورٹی فورس (بی ایس ایف) کے کانسٹیبل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

بانی نے کہا کہ مذاکرات کیلئے تیار ہوں، علی امین گنڈاپور

موجودہ سیاسی عدم استحکام اور معاشی بحران ملک کو نقصان پہنچا رہا ہے، ہر ہفتے ملاقات کا عدالتی حکم موجود ہے، لیکن اس پر عمل نہیں ہو رہا

اسلام آباد ہائیکورٹ میں 190 ملین پاؤنڈ کیس کی سماعت، پیرول پر رہائی کی درخواست پر رجسٹرار کے اعتراضات برقرار

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی معاف کرنے اور مذاکرات کے لیے تیار ہیں، موجودہ سیاسی عدم استحکام اور معاشی بحران ملک کو نقصان پہنچا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکمل رہائی کے لیے بھی درخواست زیر سماعت ہے، اور تمام آئینی راستے اپنائے جا رہے ہیں۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور نے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات نہ ہونے پر شدید (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

بانی پی ٹی آئی کی رہائی کی کوششیں، جنید اکبر پارٹی رہنماؤں پر برس پڑے

واٹس ایپ گروپ میں 231 لوگ ہیں، وہی اگر باہر آجاتے تو ہماری کچھ عزت رہ جاتی' آڈیو پیغام

اسلام آباد (این این آئی) بانی پاکستان تحریک انصاف کی رہائی کے لیے جاری کوششوں کے دوران پارٹی کے صوبائی صدر جنید اکبر پارٹی رہنماؤں اور ضلعی کارکنوں پر برس پڑے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

حکومت کی بھارتی حملوں سے نقصانات کی رپورٹ تیار کرنے کی ہدایت

وزیر اعظم شہباز شریف نے سیکرٹریٹ نے چاروں صوبوں سمیت گلگت بلتستان، آزاد کشمیر حکومت کو رپورٹ دینے کی ہدایت کر دی

سول انفرااسٹرکچر، گھروں، تعلیمی اداروں، ہسپتالوں کو ہونے والے نقصان کی تفصیلات اکٹھی کی جائیں گی، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے بھارتی حملوں سے نقصانات کی تفصیلات پر مبنی رپورٹ تیار کرنے کی ہدایت کر دی۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم سیکرٹریٹ نے چاروں صوبوں سمیت گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر حکومت کو ہدایت کی ہے کہ وہ بھارتی حملوں سے ہونے والے نقصانات کی تفصیلات پر رپورٹ تیار کر کے بھجوائیں۔ ذرائع کے مطابق نقصانات پر مبنی رپورٹ ضلعی ڈپٹی کمشنروں سے تیار کرانے کی ہدایت کی گئی ہے جس میں سول (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

ہم حکومت نہیں قوم کے ساتھ کھڑے ہیں، شیخ وقاص اکرم

زیادہ سرپرائز نہیں ہوگا، اندازہ تھا کس لیول کی ٹریننگ چل رہی تھی، ایئر مارشل (ر) شاہد اختر

لاہور (این این آئی) رہنما تحریک انصاف شیخ وقاص اکرم کا کہنا ہے کہ پاکستان اور ہندوستان کے درمیان جنگ میں ہمارا موقف یہ ہے کہ ہم پاکستانی قوم کیساتھ کھڑے تھے، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

بھارت کی روس سے مزید S-400 میزائلوں کی درخواست

ماسکو (این این آئی) بھارتی جارحیت کی جوابی کارروائی ''آپریشن بنیان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

جمعیت علماء پاکستان جمعہ 16 مئی کو ملک گیر سطح پر ''یوم تحفظ وطن'' منانے کا اعلان

قصور (این این آئی) جمعیت علما پاکستان جمعہ 16 مئی کو ملک گیر سطح پر'' (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

حکومت پاک فوج کی برتری کو مذاکرات میں بھی برقرار رکھے، جاوید قصوری

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد: وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور: وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق میو ہسپتال کا دورہ کر رہے ہیں

سپریم کورٹ، بینچوں کی تشکیل میں شفافیت لانے کی ضرورت' رپورٹ

26 ویں ترمیم کی منظوری کے باوجود ہم خیال بینچ کی اصطلاح اب بھی مستعمل ہے

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں ہائی پروفائل کیسز میں بینچوں کی تشکیل مارچ 2009 سے زیر بحث رہی ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق 26 ویں ترمیم کی منظوری کے باوجود ہم خیال بینچ کی اصطلاح اب بھی مستعمل ہے جبکہ آئینی بینچوں کے لیے ججوں کی نامزدگی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

سعودی ولی عہد کی درخواست پر ٹرمپ کا شام پر عائد پابندیاں ختم کرنے کا اعلان

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

سٹارلنک کے استعمال کی اجازت پر سعودی عرب کا مشکور ہوں، مسک

ریاض، نیویارک (این این آئی) امریکی کاروباری شخصیت ٹیسلا اور ایکس اے آئی کے بانی ایلون مسک نے کہا کہ وہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

سپریم کورٹ نے سابقہ فاٹا اور پاٹا میں سیلز ٹیکس ترمیمی ایکٹ بحال کر دیا

گھی اور سٹیل ملز ایسوسی ایشن کی اپیلوں پر حکم امتناع جاری، پشاور ہائیکورٹ کا فیصلہ معطل

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے سابقہ فاٹا اور پاٹا میں سیلز ٹیکس ترمیمی ایکٹ بحال کر دیا۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں پانچ رکنی آئینی بنچ نے سابقہ فاٹا اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

آسٹریلیا، دو گاڑیوں میں تصادم سے بچہ ہلاک، 3 افراد زخمی

کینبرا (این این آئی) آسٹریلیا کے شہر سڈنی میں دو گاڑیوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں ایک بچہ ہلاک اور تین افراد زخمی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سی ایم ایچ میں فوجی افسر کی عیادت کر رہے ہیں

یورینیم کی افزودگی پر عارضی پابندیاں قبول کر سکتے ہیں، ایران

ابھی افزودگی کی سطح اور مقدار پر تفصیل سے بات چیت نہیں ہوئی، نائب وزیر خارجہ

تہران (این این آئی) ایران نے عندیہ دیا ہے کہ وہ یورینیم کی افزودگی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

لاہور: قائد حزب اختلاف احمد خان بھچر میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کر رہے ہیں

سعودی سفارت کاری نے ثابت کیا یہ عقل اور حکمت کی آواز ہے، شام

دمشق (این این آئی) سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی درخواست پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے شام (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بڑی کمی کا امکان

بین الاقوامی مارکیٹ اور پیٹرول پر درآمدی پریمیم میں معمولی کمی کے باعث پیٹرولیم مصنوعات سستی ہوسکتی ہیں، ذرائع

آئندہ 15 روز کے لیے بڑی کمی کا امکان، پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں بالترتیب 3.5 اور 7 روپے فی لیٹر کی کمی کا امکان ہے

اسلام آباد (این این آئی) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں آئندہ 15 روز کے لیے بڑی کمی کا امکان ہے۔ تفصیلات کے مطابق بین الاقوامی مارکیٹ اور پیٹرول پر درآمدی پریمیم میں معمولی کمی کی وجہ سے پیٹرولیم مصنوعات سستی ہوسکتی ہیں۔ پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں بالترتیب 3.5 اور 7 روپے فی لیٹر کی کمی کا امکان ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ موجودہ ٹیکس کی شرح کی بنیاد پر 15 مئی کو ہونے والے حتمی حساب سے پیٹرول کی ایکس ڈپو قیمت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

جارح اسرائیلی جہازوں کو پرزوں کی فراہمی، انسانی حقوق کی تنظیموں نے برطانوی حکومت پر مقدمہ دائر کر دیا

لندن (این این آئی) انسانی حقوق کے لیے کام کرنے والے اداروں کے ایک گروپ نے برطانوی حکومت پر بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کا الزام لگاتے ہوئے کیس دائر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

قوم کو متحد رکھنے کیلئے بانی پی ٹی آئی کو رہا کیا جائے، بیرسٹر سیف

جعلی حکومت قومی اتحاد کے اس سنہری موقع کو ضائع نہ کرے اور فسطائی طرز عمل ترک کرے' بیان جاری

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے بانی پی ٹی آئی کی فوری رہائی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت کے خلاف تاریخی فتح نے پاکستانی قوم کو متحد کر دیا ہے، اور اس اتحاد کو برقرار رکھنے کے لیے بانی چیئرمین پر درج سیاسی نوعیت کے مقدمات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

انسداد دہشتگردی عدالتوں کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس (آج) طلب

ایڈمن جج جسٹس سید شہباز علی رضوی اجلاس کی صدارت کریں گے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے انسداد دہشتگردی عدالتوں کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس آج (جمعرات) کے روز طلب کرلیا۔ انسداد دہشت گردی عدالتوں کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

غیر ضروری اپیل دائر کرنے پر درخواست گزار کو 10 لاکھ جرمانہ

لاہور ہائی کورٹ کے 2 رکنی بنچ نے سنگل بنچ کے فیصلے کے خلاف اپیل مسترد کر دی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے غیر ضروری اپیل دائر کرنے پر درخواست گزار کو 10 لاکھ روپے جرمانہ کر دیا۔ لاہور ہائی کورٹ کے 2 رکنی بنچ نے سنگل بنچ کے فیصلے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

لاہور: وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ پنجاب بلال یاسین واسا لاہور میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ماسکو، چیئرمین سید یوسف رضا گیلانی وفد سے ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	3:50
فجر	4:55
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

پاکستان میں بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر اقبال حسین کا لاہور پریس کلب کے دورہ کے موقع پر صدر پریس کلب ارشد انصاری ودیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

پاکستان میں بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر اقبال حسین کا لاہور پریس کلب کا دورہ

جنگ کسی کے حق میں نہیں، تمام مسائل کا حل مذاکرات سے نکل سکتا ہے اقبال حسین خان

پاکستان اور بھارت کے مابین بھی تصفیہ طلب معاملات مذاکرات سے حل ہونے چاہئیں، ہائی کمشنر بنگلہ دیش

پاکستان اور بنگلہ دیش میں نئے تعلقات کی شروعات ہورہی ہے۔ پاکستان اور بنگلہ دیشی عوام کے دل ایک ساتھ دھڑکتے ہیں ارشد انصاری صدر لاہور پریس کلب

لاہور (خبر نگار) پاکستان میں بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر اقبال حسین نے لاہور پریس کلب کا دورہ کیا۔ لاہور پریس کلب کے صدر ارشد انصاری، سینئر نائب صدر افضال طالب، نائب صدر صائمہ نواز، سیکرٹری زاہد عابد، جوائنٹ سیکرٹری عمران شیخ، ممبران گورننگ باڈی سید بدر سعید، سرمد فرخ خواجہ، شاہدہ بٹ، الفت مغل اور سینئر صحافی سید صابر سعید شاہ نے معزز مہمان کو کلب آمد پر خوش آمدید کہا۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پاکستان میں بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر اقبال حسین خان نے کہا کہ جنگ کسی کے حق میں نہیں، تمام مسائل کا حل مذاکرات سے نکل سکتا ہے، پاکستان اور بھارت کے مابین بھی تصفیہ طلب معاملات مذاکرات سے حل ہونے چاہیے، جنوبی ایشیا میں دنیا کی آبادی کا بڑا حصہ بستا ہے اور یہ علاقہ جنگ کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ انھوں نے کہا کہ پاکستان اور بنگلہ دیش میں نئے تعلقات کی شروعات ہورہی ہے دونوں ممالک کی حکومتیں مثبت انداز میں باہمی تعلقات کو آگے بڑھا رہی ہیں، پاکستان اور بنگلہ دیش میں جلد براہ راست فضائی پروازیں بحال ہوجائیں گی جس کے لئے اعلیٰ سطح پر بات چیت جاری ہے۔ اقبال حسین خان نے کہا کہ پاکستان اور بنگلہ دیش میں کھیلوں کے شعبے میں بھی تعلقات میں بہتری آرہی ہے اور بنگلہ دیش کرکٹ ٹیم رواں ماہ پاکستان کا دورہ کررہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے صحافیوں کے درمیان رابطہ بڑھانے کے لئے بھی کوشاں ہیں تاکہ عوامی سطح پر رابطے بڑھ سکیں، تعلیم اور صحت کے شعبے میں تعلقات آگے بڑھ رہے ہیں، بنگلہ دیش کے عوام پاکستان میں علاج کی غرض سے آتے ہیں جبکہ دونوں ممالک کے طلباء کے لئے بھی علم کے میدان میں مواقع موجود ہیں۔ لاہور پریس کلب کے صدر ارشد انصاری نے معزز مہمان کی کلب آمد پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ پاکستان اور بنگلہ دیشی عوام کے دل ایک ساتھ دھڑکتے ہیں اور اب ان تعلقات میں بہتری ہورہی ہے جس میں پاکستان اور بنگلہ دیش کے عوام کو فائدہ ہوگا اور خطے کے لئے بھی ترقی کی نئی راہیں کھلیں گی۔ انھوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے صحافیوں کو آپس میں رابطے بڑھانے چاہیے اور اس کے لئے لاہور پریس کلب کے دروازے ہمیشہ بنگلہ دیش کے صحافیوں کے لئے کھلے ہیں۔ معزز مہمان کو کلب کی جانب سے یادگاری شیلڈ اور پھول پیش کیے گئے۔

وزیراعلیٰ پنجاب لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام/کمشنر لاہور زید بن مقصود کی زیرصدارت ترقیاتی کاموں کی پیشرفت وجائزہ اجلاس

اجلاس میں اندرون شہر میں موجود سرکاری اسٹیبلشمنٹس کی منتقلی اور سرکلر روڈ کے حوالے سے پلاننگ تجاویز کا جائزہ لیا گیا

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور زید بن مقصود کی زیرصدارت لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام اور سرکلر روڈ کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ کمشنر لاہور نے لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت ترقیاتی کاموں کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ ضلعی انتظامیہ و متعلقہ محکموں نے کمشنر لاہور کو لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام ترقیاتی کاموں کی پیشرفت بارے بریفنگ دیتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت 5 ہزار 735 گلیوں اور 278 سڑکوں کو پختہ کیا جارہا ہے، 5735 گلیوں میں سے 3403 کو ٹف ٹائل اور 2332 کو پی سی سی کیا جارہا ہے، لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت واسا ایریا میں توسیع ہوچکی ہے اور ہر فیز میں مختلف سکیمز پر کام ہورہا ہے۔ اجلاس میں اندرون شہر میں موجود سرکاری اسٹیبلشمنٹس کی منتقلی اور سرکلر روڈ کے حوالے سے پلاننگ تجاویز پیش کی گئیں۔ کمشنر لاہور زید بن مقصود نے ٹاؤنز سطح پر ترقیاتی کاموں پیشرفت کا علیحدہ علیحدہ جائزہ لیا، انہوں نے نشتر ٹاؤن میں ترقیاتی کاموں کو پلاننگ کے ساتھ مزید تیز کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا ہے کہ لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت ترقیاتی کاموں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں۔ اجلاس میں ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ جاوید رشید چوہان، ایم ڈی واسا غفران احمد، سی او ایم سی ایل شاہد کاٹھیا، اے سی سٹی رائے بابر سمیت واسا اور ڈویلپمنٹ افسران نے شرکت کی۔

امریکہ کا سعودی عرب کے ساتھ 142 ارب ڈالر کے ہتھیاروں کا معاہدہ

واشنگٹن (شنہوا) امریکہ نے سعودی عرب کے ساتھ تقریباً 142 ارب امریکی ڈالر مالیت کے ہتھیاروں کے معاہدے کا اعلان کرتے ہوئے اسے تاریخ کا سب سے بڑا دفاعی فروخت کا معاہدہ قرار دیا ہے۔ وائٹ ہاؤس کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ امریکا مشرق وسطیٰ کے اس ملک کو ایک درجن سے زائد دفاعی اداروں کے تیار کردہ جدید ترین جنگی سازوسامان اور خدمات مہیا کرے گا۔ اسلحے کی فروخت 5 کیٹگریز کا احاطہ کرتی ہے جن میں فضائیہ کی ترقی اور خلائی صلاحیتیں، فضائی اور میزائل دفاع، سمندری اور ساحلی سلامتی، سرحدی سلامتی وزمینی افواج کو جدید بنانے کے ساتھ ساتھ اطلاعات و مواصلاتی نظام کو بہتر بنانا شامل ہے۔ اس پیکج میں سعودی مسلح افواج کی استعداد کار بڑھانے کے لئے وسیع پیمانے پر تربیت اور معاونت بھی شامل ہے، جس میں سعودی سروس اکیڈمیز اور فوجی طبی خدمات میں اضافہ بھی شامل ہے۔ وائٹ ہاؤس کے مطابق یہ پیکج سعودی عرب کے امریکا میں سرمایہ کاری کے 600 ارب ڈالر کے وعدے کا حصہ ہے۔

چین اور کولمبیا نے بی آر آئی کے حوالے سے تعاون کے معاہدے پر دستخط کردیئے

بیجنگ (شنہوا) چینی صدر شی جن پھنگ نے کہا ہے کہ چین اور کولمبیا کو چاہیے کہ بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو (بی آر آئی) میں کولمبیا کی باضابطہ شمولیت کو دوطرفہ تعاون کو نئی بلندیوں تک لے جانے کے ایک موقع کے طور پر استعمال کریں۔ شی نے یہ بات بدھ کو اپنے کولمبیا کے ہم منصب گستاوو پیٹرو سے ملاقات کے دوران کہی جو چین-سیلاک (لاطینی امریکی اور کیریبین ریاستوں کی برادری) فورم کے چوتھے وزارتی اجلاس میں شرکت کے لئے بیجنگ میں موجود ہیں۔ ملاقات کے بعد دونوں سربراہان مملکت نے شاہراہ ریشم اقتصادی پٹی اور اکیسویں صدی کی سمندری شاہراہ ریشم کی مشترکہ تعمیر سے متعلق دونوں حکومتوں کے درمیان تعاون کے معاہدے پر دستخط کی تقریب میں شرکت کی۔ شی نے لاطینی امریکہ میں کولمبیا کی اہمیت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ چین نے ہمیشہ اس ملک کے ساتھ اپنے تعلقات کو اسٹریٹجک اور طویل مدتی نکتہ نگاہ سے دیکھا ہے۔ ملاقات کے دوران کولمبیا کے صدر پیٹرو نے کہا کہ کولمبیا چین کے ساتھ تعلقات کو مزید فروغ دینے کا خواہشمند ہے اور فریقین کو سیاسی باہمی اعتماد کو گہرا کرتے ہوئے باہمی تعاون میں اضافہ کرنا چاہیے۔

صوبائی دارالحکومت کے سکون کو نظر لگ گئی، ڈاکو اور چور دوبارہ متحرک ہوگئے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 305 وارداتیں رپورٹ

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کے سکون کو نظر لگ گئی، ڈاکو اور چور دوبارہ متحرک ہو گئے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 305 وارداتیں رپورٹ، پولیس ذرائع کے مطابق نقب زنی کی وارداتوں میں چور شہر کے مختلف علاقوں میں 8 گھروں سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکوؤں نے شہر میں اسلحہ کے زور پر مختلف مقامات پر 15 افراد سے لاکھوں روپے، 2 شہریوں سے موٹر سائیکلیں اور موبائل فونز چھین لیے، جھپٹا مار کارروائیوں میں ڈاکو 12 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہوگئے جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر بھر سے 36 موٹر سائیکلیں، 1 کار، 2 دیگر وہیکل، 2 مویشی چوری ہوگئے اور مختلف تھانوں میں متفرق چوری کی 227 وارداتیں رپورٹ ہوئیں

فارچیونر پر ڈاکو، موٹر سائیکل سوار سے ڈکیتی، انوکھی واردات کا ڈراپ سین

ملزمان کا تعلق لاہور سے ہے جو واردات کے بعد گوجرانوالہ میں جا کر روپوش ہوگئے تھے

لاہور (کرائم رپورٹر) فارچیونر پر ڈاکو، موٹر سائیکل سوار سے ڈکیتی، انوکھی واردات کا ڈراپ سین، گجرپورہ پولیس نے 3 ملزمان گرفتار کر لیے ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز لاہور محمد فیصل کامران کے مطابق حفیظ نامی شہری کے ساتھ 6 مئی کو تھانہ گجرپورہ کے علاقہ میں ڈکیتی ہوئی جس میں فورچیونر پر سوار افراد نے موٹر سائیکل سوار سے پانچ لاکھ نقدی، موبائل فون چھینا جس کا مقدمہ تھانہ گجرپورہ میں فوری درج کیا گیا ڈی آئی جی آپریشنز نے واقعہ کا نوٹس لے کر ایس پی سول لائنز چوہدری اثر علی کی نگرانی میں ایس ایچ او گجرپورہ محمد ذکائی پر مشتمل خصوصی ٹیم تشکیل دی گزشتہ روز ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے فارچیونر والے ڈاکو محمد زاہد، یاسر اور شعیب علی کو سیف سٹی کیمروں اور جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے سراغ لگا کر گوجرانوالہ سے گرفتار کر لیا ملزمان کا تعلق لاہور سے ہے جو واردات کے بعد گوجرانوالہ میں جا کر روپوش ہو گئے تھے

پنجاب یونیورسٹی کے سکیورٹی گارڈز پر حملے اور دھمکیوں کے معاملے پر پولیس نے اسلامی جمعیت طلبا کے 5 کارکنوں کو گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب یونیورسٹی کے سکیورٹی گارڈز پر حملے اور دھمکیوں کے معاملے پر پولیس نے اسلامی جمعیت طلبا کے 5 کارکنوں کو گرفتار کرلیا، ترجمان جامعہ پنجاب کے مطابق گرفتار کارکنوں میں سکیورٹی آفیسر کو جان سے مارنے کی دھمکی کے الزام میں معتمد صہیب فخری شامل ہیں، پنجاب یونیورسٹی بلاتفریق شرپسند عناصر کے خلاف کارروائی کررہی ہے، یونیورسٹی انتظامیہ اور پولیس قانون ہاتھ میں لینے والے طلبا سے رعایت نہیں برتیں گے، واضح رہے اس سے قبل یونیورسٹی انتظامیہ نے ڈسپلن کی پابندی کے لیے کچھ سختیاں کی تھیں اور سکیورٹی کی بنیاد پر یونیورسٹی کے ضروری گیٹس کھولے باقی بند کردیے تاکہ یونیورسٹی میں امن قائم رہ سکے، پنجاب یونیورسٹی نے ہوسٹل سے بھی غیر قانونی طور پر مقیم افراد کو نکالا تھا جس کے بعد اسلامی جمعیت طلبا کے کارکنوں نے احتجاج کیا تو یونیورسٹی انتظامیہ نے ان کو وارننگ بھی دی تھی

جامعہ تعلیم القران محلہ چاہلبیانوالہ چنیوٹ میں افواج پاکستان زندہ باد سیمینار کا انعقاد کیا گیا

سیمینار میں طلباء، علماء اکرام اور مفتیان اکرام نے شرکت کی سیمینار کا آغاز تلاوت نعت سے ہوا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) افواج پاکستان زندہ باد سیمینار جامعہ تعلیم القران محلہ چاہلبیانوالہ چنیوٹ میں افواج پاکستان زندہ باد سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں طلباء، علماء اکرام اور مفتیان اکرام نے شرکت کی سیمینار کا آغاز تلاوت نعت سے ہوا اور خطابات ہوئے اس موقع پر علامہ ڈاکٹر مفتی امتیاز احمد حقانی ضلعی کوآرڈینیٹر تنظیم المدارس چنیوٹ ڈاکٹر کامران محمود قادری سرپرست اعلیٰ جامعہ تعلیم القران مفتی محمد ریاض عطاری قادری مفتی محمد علی، علامہ قمر زمان سیفی علامہ مزمل حسین مدنی ناظم اعلیٰ جامعہ تعلیم القران حافظ شیر علی نائب ناظم اعلیٰ جامعہ تعلیم القرآن نے خطاب کیا اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ہم افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور افواج پاکستان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں انڈیا کے اس بزدلانہ حملے کی پرزور مزمت کرتے ہیں مقررین نے کہا کہ یہ پاکستان اولیاء کا فیضان ہے یہ کلمہ کے نام پر حاصل ہوا اج سچے محب وطن پاکستانی افواج پاکستان کی پیشوارانہ بہادری پر انہیں ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں اس موقع پر افواج پاکستان زندہ باد پاکستان پائندہ باد کے نعروں سے فضا گونج اٹھی اخر میں قبلہ پیر ڈاکٹر کامران محمود قادری صاحب نے شہداء کے درجات کی بلندی اور افواج پاکستان کی کامیابی کے لیے اور ملک کی سلامتی کے لیے خصوصی دعا فرمائی

پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے: عثمان اشرف، چاند چیمہ

وزیر آباد (نامہ نگار) اوورسیز پاکستانی عثمان اشرف اور چاند چیمہ نے کہا ہے کہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے، افواج پاکستان نے ثابت کردیا کہ پاکستان اپنی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا، پوری قوم افواج پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے، قوم کو اپنی بہادر افواج پاکستان پر فخر ہے جنہوں نے دشمن کو منہ توڑ جواب دے کر وطن کا وقار بلند کیا، پاک بھارت جنگ میں تاریخی جیت نہ صرف پوری قوم اور قیادت مبارکباد کی مستحق ہے جس کے جذبہ جہاد کے ساتھ پاک فوج نے دشمن کے غرور کو پاش پاش کر دیا، پاکستان کی افواج نے پاکستان نے دشمن کو دندان شکن جواب دے کر نئی تاریخ رقم کی ہے، پاکستان نے ہمیشہ امن کی خواہش کی مگر اپنی سلامتی پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا، افواج پاکستان کے افسر اور جوان قوم کا فخر اور پاک دھرتی کے حقیقی محافظ ہیں۔

والٹن کنٹونمنٹ بورڈ میں کرپشن اسکینڈل: جعلی این او سیز اور بلز کے ذریعے لاکھوں کی دہاڑیاں، اعلیٰ حکام سے فوری کارروائی کا مطالبہ

راحیل چوہدری نے قسطوں کے نظام کو بائی پاس کرتے ہوئے ایسے بلز جاری کیے جن پر ”قسط نہ لکھا ہے، حالانکہ رقم قسطوں میں وصول ہورہی تھی



web: www.wcb.gov.pk e-mail: waltoncb@outlook.com contact: 042-99220406, 0305-1WCBWCB

WALTON CANTONMENT BOARD
Ahmad Baksh Road, R.A. Bazar Walton Cantt-Lahore.
Paid for credit into A/C No. NIDA 22-8 National Bank of Pakistan
Access Bills online at www.mlc.gov.pk by providing Revenue ID and CNIC No.
For any Complaint Please Whatsapp on This Number 0321-0007437

Challan Date : 08-11-2024
Depositor's Copy

Challan No : WCB-2024/25-R-812357
Title : MUHAMMAD YAQOOB MUHAMMAD YOUNIS
Address : E-626-2, MUHAMMAD PURA - (49143) (Commercial) (House & Shop)
(Both)
Final ARV : 2,844,000

Head Name	Remarks		Total
Property Tax		120,000	140,000
Conservancy Charges			20,000
Sewerage Charges			14,000

Financial Year 2024/25
Note:

Before 30-Sep-2024
15% Rebate on Property Tax
Rs. 156,000

From 01-Oct-2024
10% Rebate on Property Tax
Rs. 162,000

Rs. 174,000

Rs. 10/- (Bank Charges) to be payable by the depositor (not included in total payment)

For online payment, mention "165221251812357"
http://mlc.gov.pk/bill-payment

National Bank of Pakistan
Walton
28 NOV 2024
RECEIVED BY CASH

162000

لاہور (تخلیق صدیقی سے) تفصیلات کے مطابق والٹن کنٹونمنٹ بورڈ میں ایک بڑا کرپشن اسکینڈل سامنے آیا ہے جہاں والٹن بورڈ کے اہلکار راحیل پر سنگین الزامات عائد کیے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق راحیل لوگوں کو بیوقوف بنانے کے لیے نوید چوہدری کا نام استعمال کرتا ہے اور

اپنا بھائی بتاتا ہے جو کہ کچھ عرصہ پہلے والٹن بورڈ میں کسی اعلیٰ سیٹ پر تعینات رہا تھا اس شخص نے نہ صرف بورڈ کی ساکھ کو خراب کیا بلکہ جعلی این او سیز اور جعلی کلیئر بلز جاری کرکے غریب عوام کو دھوکہ دیا، اور لاکھوں روپے کی غیر قانونی کمائی کی۔ اس سلسلے میں کئی شہریوں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے سی ای او والٹن کنٹونمنٹ بورڈ سبطین رضا سے فوری نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔ متاثرین کا کہنا ہے کہ راحیل چوہدری نے قسطوں کے نظام کو بائی پاس کرتے ہوئے ایسے بلز جاری کیے جن پر ”قسط نہ لکھا ہے، حالانکہ رقم قسطوں میں وصول ہورہی تھی۔ یہ بلز جعلی ہونے کے باوجود مکمل ادائیگی ظاہر کرتے تھے، جس سے عوام کو یہ تاثر دیا گیا کہ ان کے واجبات مکمل ہو چکے ہیں۔ اس چالاکی سے نہ صرف بورڈ کو مالی نقصان پہنچا بلکہ لوگوں کو بھی قانونی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ ذرائع کا یہ بھی کہنا ہے اس سے پہلے یہ گجرانوالہ میں تھا اور وہاں بھی اس نے کرپشن کی ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ اس کو نوکری سے بالکل فارغ کیا جاتا لیکن تگڑی سفارش پر اسے پھر ایک بڑے کنٹونمنٹ بورڈ والٹن کنٹونمنٹ میں تعینات کر دیا گیا یہ سب کچھ بورڈ کے اندرونی عملے کی ملی بھگت سے ممکن ہوا۔ اس کے علاوہ کئی اہلکاروں پر الزام ہے کہ وہ رشوت لے کر پراپرٹی اسیسمنٹ کمیٹی میں جعلی رپورٹس شامل کراتے رہے اور اعلیٰ حکام کو گمراہ کرتے رہے۔ ان کا مقصد صرف ذاتی فائدہ تھا، ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ ان کے نام بھی بتائے جائیں گے کہ کون کتنا عرصہ سے اس برانچ میں کرپشن کا بازار گرم کیے ہوئے ہیں ان تمام ملازموں کے ذاتی مقاصد تھے۔ جس کے لیے انہوں نے سرکاری نظام کو بدنام کیا۔ جس کی وجہ سے عوام کا اعتماد سرکاری اداروں سے ختم ہوتا جارہا ہے قانونی ماہرین کے مطابق راحیل پر پاکستان پینل کوڈ کی دفعات 420 (دھوکہ دہی)، 468 (جعلسازی) اور 471 (جعلی دستاویزات کا استعمال) کے تحت مقدمہ درج ہونا چاہیے۔ اس نے این او سی اور بلز کے حوالے سے نہ صرف جعلسازی کی بلکہ محکمہ کو بھاری نقصان بھی پہنچایا۔ جس کے بارے میں موجودہ اہلکار بخوبی اگاہ ہے کہ کس طرح راحیل نے غریب عوام کو دھوکہ دیا۔ عوامی حلقے مطالبہ کر رہے ہیں کہ اس پورے اسکینڈل کی شفاف تحقیقات کی جائیں اور جو اہلکار بھی اس میں ملوث ہیں، انہیں فوری طور پر معطل کر کے قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ مزید برآں، اعلیٰ حکام سے یہ بھی اپیل کی گئی ہے کہ مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے سخت اقدامات کیے جائیں اور ایسے اہلکاروں کو دوبارہ اس برانچ میں تعینات نہ کیا جائے اس طرح کے ارڈر کیے جائیں اور ان ارڈروں کو مختلف اخبارات میں تصویر کے ساتھ شائع کیا جائے اور اندرونی نگرانی کے نظام کو مزید مضبوط بنایا جائے۔ سی ای او سبطین رضا سے مطالبہ ہے کہ وہ ذاتی طور پر اس معاملے کی نگرانی کریں اور عوامی اعتماد کو بحال کرنے کے لیے ملوث افراد کے خلاف فوری اور مثالی کارروائی کریں۔ عوام کو انصاف فراہم کرنا اور سرکاری اداروں کی ساکھ کو بچانا اب وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے۔ اور یہ وزیر وزیراعظم اور وزیراعلیٰ پنجاب کا بھی ویژن ہے



No. WCB/Rev/E-626-2, M PURA //
Office of the Cantonment Board
Walton Cantt Lahore.
Dated: ____ 2024.

CLEARANCE CERTIFICATE

It is certified that Property tax, Water Sewerage & Conservancy Charge have been paid for the ending 30.06.2025 in respect of Property No. E-626-2 Muhammad Pura, and Walton Cantt Lahore which stand in the name of MS. MUHAMMAD YAQOOB & OTHERS, in the taxation record of this office. This is a provisional certificate.

Ledger Incharge
Asst. Revenue Supdt
TIP Cell
Amount Verified By Account Branch

COUNTERSIGNED
ADDL: CANTT EXECUTIVE OFFICER
WALTON CANTT LAHORE

Copy to:-
Ms. Muhammad Yaqoob & others
R/o. E-626-2 Muhammad Pura,
Walton Cantt Lahore.

پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ کے زیراہتمام پاک فوج سے اظہار تشکر کیلئے ریلی

بنیان مرصوص کی کامیابی مسلح افواج کی پیشہ وارانہ قابلیت کا منہ بولتا ثبوت ہے: پروفیسر الفرید ظفر وطن عزیز کا دفاع محفوظ ہاتھوں میں، ہر میلی آنکھ کو نوچ ڈالیں گے: پرنسپل اے ایم سی

Admin Block
Principal Office
POST GRADUATE MEDICAL INSTITUTE
AMEER-UD-DIN MEDICAL COLLEGE
بنیان مرصوص

لاہور (خبر نگار) پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ و لاہور جنرل ہسپتال پروفیسر الفرید ظفر نے کہا ہے کہ پاکستان کی بہادر مسلح افواج نے اپنے سے کئی گنا بڑے عددی برتری رکھنے والے دشمن کو شکست فاش دے کر یہ ثابت کردیا ہے کہ جنگیں جذبہ ایمانی سے لڑی اور جیتی جاتی ہیں اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کے لیے اعلیٰ پیشہ وارانہ مہارت کی ضرورت ہوتی ہے جس میں پاکستان کے شاہینوں نے دنیا بھر میں ایک نیا ریکارڈ قائم کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے سپوتوں نے دشمن پر جس دلیرانہ انداز میں اپنی دھاک بٹھائی ہے اُسے مدتوں یاد رکھا جائے گا۔ پروفیسر الفرید ظفر نے پاک افواج کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی کو ساری قوم کا فخر قرار دیا جس سے 24 کروڑ عوام کے سر بلند ہو گئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر الفرید ظفر نے پاک فوج کے ساتھ اظہار یکجہتی اور شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے پی جی ایم آئی/اے ایم سی کے زیر اہتمام ریلی کے شرکاء و صحافیوں سے گفتگو میں کیا جس میں ایم ایس ڈاکٹر فریاد حسین، ڈاکٹر شائستہ مبین، ڈاکٹر عائشہ قمر، ڈاکٹر شازیہ اکبر خان، پرنسپل نرسنگ کالج روبینہ انعام، پروفیسر کنول سعید، پروفیسر منزہ ظہیر، ڈاکٹر عبدالعزیز، ڈاکٹر لیلیٰ شفیق، اے ایم سی کے سٹوڈنٹس، نرسنگ کالج لاہور جنرل ہسپتال کی طالبات نے شرکت کی جنہوں نے پاک فوج کے حق میں زبردست نعرے بازی کی اور عسکری اداروں کے حق میں نعروں پر مبنی پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے۔ پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ پاکستان کسی بھی قسم کی جارحیت کے خلاف ایک امن پسند ملک ہے لیکن ہمارے غیور عوام اور مسلح افواج وطن عزیز کے تحفظ اور دفاع کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں اور پاکستان کی بہادر افواج وطن عزیز کی طرف اٹھنے والی ہر میلی انکھ کو نوچ ڈالے گی۔ انہوں نے کہا بھارت کی جانب سے مسلط کی گئی جاہلیت کا منہ توڑ جواب دینے کے لیے پوری قوم سیسہ پلائی دیوار بن کر اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور آپریشن ”بنیان المرصوص“ میں دشمن کے ناپاک عزائم کو جس حکمت، دلیری اور مہارت سے ناکام بنایا گیا وہ پاک فوج کی عظیم مہارت کا آئینہ دار ہے۔ پروفیسر الفرید ظفر کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان ایئر فورس کے شاہینوں نے جدید ٹیکنالوجی سے لیس دشمن کے جنگی طیاروں اور ایئر ڈیفنس سسٹم کو زمین بوس کر کے ترقی یافتہ ممالک کے جنگی ماہرین کو بھی حیرت زدہ کر دیا۔ پرنسپل پی جی ایم آئی نے کہا قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ ”اگر سچے مومن ہو گے تو تم ہی فتح یاب رہو گے اور تمہاری قلیل جماعت بڑے لشکر پر غالب آئے گی“۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ملک کی ترقی استحکام اور دفاع کیلئے اپنی صفوں میں اتحاد، نظم و ضبط کو برقرار رکھنا ہوگا تاکہ پاکستان ایک مظبوط معیشت رکھنے والا ترقیافتہ ملک بن کر اقوام عالم میں نام پیدا کر سکے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ یہ فتح صرف ایک فوجی آپریشن کی کامیابی نہیں بلکہ قوم کے اعتماد، اتحاد اور حوصلے کی فتح ہے جسے تاریخ میں سنہری حروف سے لکھا جائے گا۔ ریلی میں شہناز ڈار، رمضان بی بی، شازیہ یعقوب، آسیہ معراج، روبینہ ابراہیم اور نرسنگ کالج کی کثیر تعداد میں طالبات نے شرکت کی۔

ٹریفک کی پانچ بڑی خلاف ورزیوں پر جرمانے کی بجائے ایف آئی آر درج کرنے کا حکم جاری

تجاوزات قائم کرنے والوں پر بھی ایف آئی آر درج کی جائے: سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید

لاہور (خبر نگار) سی ٹی او لاہور کا بڑا فیصلہ، ٹریفک کی پانچ بڑی خلاف ورزیوں پر جرمانے کی بجائے ایف آئی آر درج کرنے کا حکم جاری ون وے کی خلاف ورزی شہر بھر میں کہیں بھی دیکھتے ہی ون وے کرنے والے پر فوری ایف آئی آر درج کروائیں۔ سی ٹی او لاہور کا مزید کہنا تھا کہ بغیر رجسٹریشن موٹر سائیکل رکشہ بالخصوص ریڑھی نما موٹر سائیکل گاڑیوں کے خلاف بھی کارروائی کریں اور ایف آئی آر درج کی جائے۔ خطرناک انداز میں بنائی گئی گاڑیوں کی باڈی اور اوور لوڈنگ کرنے والوں سے بھی آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا اور ایف آئی آر درج ہوگی۔ سی ٹی او لاہور نے کہا کہ تجاوزات کے خلاف آپریشن کو مسلسل جاری رکھیں اور تجاوزات قائم کرنے والوں پر بھی ایف آئی آر درج کی جائے۔ سی ٹی او لاہور کم عمر ڈرائیورز اپنی جان کو ہی نہیں بلکہ دوسروں کی جان کو بھی خطرے میں ڈالتے ہیں، کم عمر ڈرائیورز کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں۔ ڈاکٹر اطہر وحید نے کہ کہ سڑک پر انسان کی ذراسی غلطی مہلک حادثات کا باعث بن سکتی ھے، شہری ٹریفک قوانین کی پاسداری کریں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے پر ٹریفک پولیس لاہور بلا امتیاز کارروائی جاری رکھے گی اور خلاف ورزی کرنے والوں کو حوالات میں بند کیا جائے گا۔

نیب اور سی سی پی کے درمیان ٹینڈرز کی بولیوں میں گٹھ جوڑ کی روک تھام کیلئے معاہدے پر دستخط

معاہدے کے تحت شفاف خریداری اور منصفانہ مسابقت کے فروغ کیلئے نیب اور سی سی پی میں معلومات کا تبادلہ کیا جائے گا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) نیب اور مسابقتی کمیشن پاکستان کے درمیان ٹینڈرز کی بولیوں میں گٹھ جوڑ کی روک تھام کے لیے معاہدے پر دستخط کئے گئے۔ چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر)۔ نذیر احمد اور چیئرمین سی سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو کی موجودگی میں سی سی پی کی سیکرٹری مریم پرویز اور نیب کے ڈی جی آپریشنز محمد طاہر نے مفاہمتی سمجھوتے پر دستخط کیے۔ معاہدے کے تحت شفاف خریداری اور منصفانہ مسابقت کے فروغ کیلئے نیب اور سی سی پی میں معلومات کا تبادلہ کیا جائے گا۔ دونوں اداروں کے درمیان تکنیکی تعاون، مشترکہ حکمت عملی پر بھی کام کیا جائے گا۔ معاہدے کے تحت بولیوں کے ڈیٹا تک رسائی، خطرات کی نشاندہی اور قوانین کی پاسداری یقینی بنائی جائے گی۔ چیئرمین نیب نے اس موقع پر کہا کہ سرکاری وسائل کے استعمال میں قانون کے تحت مقررہ قواعد وضوابط پر سختی سے عمل درآمد کے ساتھ ساتھ بولیوں میں کسی قسم کے غیر قانونی ہتھکنڈوں کے مرتکب عناصر کے خلاف قانونی کاروائی اور شفافیت یقینی بنانے کے لئے قومی احتساب بیورو اپنا بھرپور کردار ادا کرے گا۔ چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نذیر احمد نے کہا کہ کرپشن اور ملی بھگت سے نمٹنا سی سی پی اور نیب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، پبلک پروکیورمنٹ میں کرپشن سے قومی خزانے کو پہنچنے والے نقصان سے بچانے کے لئے نیب سی سی پی کی ڈیٹا اینالائسز مہارتوں سے استفادہ کرے گا۔ چیئرمین نیب نے کہا کہ کارٹلز اور پبلک پروکیورمنٹ میں ملی بھگت کے خلاف نیب سی سی پی کی مدد کرے گا، پروکیورمنٹ کے طریقے اور قوانین پرانے ہوچکے ہیں، میگا کنٹریکٹس پر نظر رکھنے کی ضرورت ہے۔ چیئرمین مسابقتی کمیشن ڈاکٹر کبیر سدھو نے کہا کہ سرکاری ٹینڈرز کی بولیوں میں گٹھ جوڑ کی سخت نگرانی ضروری ہے، مسابقتی کمیشن اور نیب کے درمیان سرکاری پروکیورمنٹ میں گٹھ جوڑ کے خلاف مشترکہ کارروائی پر اتفاق کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کمپیٹیشن کمیشن اور نیب کے مابین ڈیٹا اور شواہد کے تبادلہ سے تحقیقات کی رفتار میں تیزی آئے گی۔ کمپٹیشن کمیشن نے حاہی میں پاور ڈسٹری بیوشن کمپنیوں میں بولیوں میں گٹھ جوڑ کو بے نقاب کیا، کیونکہ سرکاری خریداری میں گٹھ جوڑ قومی وسائل کا بڑا نقصان ہے۔ ڈاکٹر کبیر سدھو نے کہا کہ مسابقتی کمیشن شواہد کی بنیاد نیب کو مجرمانہ کارروائی کے لیے ڈیٹا فراہم کر سکتا ہے۔

Memorandum of Understanding (MoU) Signing Ceremony Between
NAB and CCP

پاک فوج کو تاریخی فتح پر مبارکباد پیش کرتا ہوں: ہارون خان

ہم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں ہماری افواج نے بہادری اور جرات کے جھنڈے گاڑے ہیں

لاہور (نفیس ملک سے) پاک فوج کو تاریخی فتح پر مبارکباد پیش کرتا ہوں: ہارون خان۔ نیو پنجاب سرحد منی مزدہ ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری اور معروف سماجی کارکن محمد ہارون خان نے روزنامہ قوت سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ہم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں ہماری افواج نے بہادری اور جرات کے جھنڈے گاڑے ہیں ہم اپنی بہادر افواج کو تہہ دل سے خراج تحسین پیش کرتے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ پاک فوج اور خصوصی طور پر ہماری فضائیہ نے دشمن کے ریڈار سسٹم کو جام کر کے ان کے گھر میں گھس کر نا قابل تلافی نقصان پہنچایا ہے بھارت اس نقصان کو صدیوں یاد رکھے گا اب دشمن کبھی بھی جارحیت کی جرات نہیں کرے گا انہوں نے کہا کہ ملک عزیز پاکستان کی طرف اٹھنے والی میلی آنکھ کو پاک فوج نکال کر رکھ دے گی بعدازاں انہوں نے نعرہ تکبیر اللہ ہو اکبر کا نعرہ لگایا اور پاک فوج پائندہ آباد کا نعرہ بھی لگایا۔ اس دوران میاں نوید اور دیگر ساتھی بھی ہارون خان کے ہمراہ تھے۔

سی سی ڈی کا لاہور میں ایک اور پولیس مبینہ مقابلہ، دو ملزمان اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ کی زد میں آکر مارے گئے

لاہور (کرائم رپورٹر) سی سی ڈی کا لاہور میں ایک اور پولیس مبینہ مقابلہ، دو ملزمان اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ کی زد میں آکر مارے گئے، مقابلہ میں تمام سی سی ڈی اہلکار محفوظ رہے جبکہ فائرنگ کرنے والے ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے، پولیس نے مرنے والے ڈاکوؤں کی لاشیں پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کر کے فرار ہونے والے ساتھیوں کی تلاش شروع کر دی تفصیلات کے مطابق نشتر کالونی کے علاقے میں سی سی ڈی کے ساتھ مبینہ پولیس مقابلے کے دوران دو ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی گولیاں کا نشانہ بن کر مارے گئے اس دوران دیگر ملزمان اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہوگئے مقابلے میں مارے جانے والے ملزمان کی شناخت زبیر اور عاطف کے نام سے ہوئی پولیس نے لاشیں پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کر کے ہلاک ملزمان کے مفرور ساتھیوں کی گرفتاری کے لئے ٹیم تشکیل دے دی

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

بھارتی جارحیت سے زخمی ہونیوالے حافظ فرحان نے آج جام شہادت نوش کرلیا

مست پور کا حافظ فرحان بھارتی سیکیورٹی فورسز کی بلا اشتعال فائرنگ کے نتیجے میں سر پر گولی لگنے سے شدید زخمی ہوگیا تھا جسے سی ایم ایچ سیالکوٹ منتقل کیا گیا تھا

پسرور (عاطف علوی) بھارتی جارحیت سے زخمی ہونے والا مست پور کا رہائشی حافظ فرحان نے آج جام شہادت نوش کرلیا۔ نماز جنازہ آج سہ پہر آبائی گاؤں مست پور میں ادا کر دی گئی پاک ،ارمی، کے برگیڈر علی کرنل عمر میجر احمد سابقہ ایم پی اے رانا لیاقت علی تحصیلدار شاہد ناگرہ چیرمین یوسی پنڈی بھاگو رانا غلام حسین چیرمین یو سی چارواہ رانا افتخار حسین ممبر رانا اختر ڈاکٹر طارق رانا امتیاز ہنی رانا اختر رانا سلیم پارلیمانی سیکرٹری ایم پی اے چوہدری خرم خان ورک کی ٹیم فرحان علی سکندر حیات عمران سلہری سیاسی سماجی حلقوں اور شہریوں کی نماز جنازہ میں بھرپور شرکت ۔ پسرور ورکنگ باؤنڈری کے گاؤں مست پور کا حافظ فرحان بھارتی سیکورٹی فورسز کی بلا اشتعال فائرنگ کے نتیجے میں سر پر گولی لگنے سے شدید زخمی ہوگیا تھا جسے سی ایم ایچ سیالکوٹ منتقل کیا گیا جو آج جام شہادت نوش فرما گیا، شہادت پانے والا حافظ فرحان میٹرک کا طالب علم تھا شہید حافظ فرحان کی نماز جنازہ آج سہ پہر آبائی گاؤں مست پور میں ادا کر دی گئی۔ نماز جنازہ میں آرمی افسران سمیت سیاسی، سماجی، مذہبی اور شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس کا شاندار چوک میں جاری سیوریج لائن منصوبے کا دورہ

سیوریج لائن کا کام جلد از جلد مکمل کر کے ٹریفک کی روانی کو بحال کیا جائے

جہلم (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس کا شاندار چوک میں جاری سیوریج لائن منصوبے کا دورہ، متعلقہ افسران کو منصوبے کو جلد مکمل کرنے کی ہدایت ۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر جہلم عباس نے جہلم شہر میں نکاسی آب کے لیے جاری سیوریج منصوبے پر کام کی پیشرفت کا جائزہ لینے کے لیے شاندار چوک کا دورہ کیا جہاں انہوں نے زیر تعمیر سیوریج لائن پر کام کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سیوریج لائن کا کام جلد از جلد مکمل کر کے ٹریفک کی روانی کو بحال کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ نالے کی تعمیر کے دوران اعلیٰ معیار کے مٹیریل کا استعمال ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

جہلم عیدالاضحیٰ کی آمد، آمد جانوروں کی قیمتیں آسمانوں کو چھونے لگیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم عیدالاضحیٰ کی آمد، آمد جانوروں کی قیمتیں آسمانوں کو چھونے لگیں، مہنگائی نے متوسط طبقہ کے افراد کے لئے قربانی کا حصول مشکل بنا دیا۔ جیسے جیسے عیدالاضحیٰ قریب آرہی ہے ویسے ہی شہریوں نے سنت ابراہیمی کی ادائیگی کے لئے جانوروں کی خریداری کا عمل بھی شروع کر رکھا ہے، دنبوں، بکروں، اور چھتروں کی قیمتیں زیادہ ہونے کی وجہ سے شہریوں کی زیادہ تر تعداد، بیل، گائے، اونٹ اور کٹے کی اجتماعی قربانیوں میں ہی حصہ ڈالنے کو ترجیح دے رہی ہے، روز بروز بڑھنے والی مہنگائی کی وجہ سے متوسط طبقہ کے افراد کے لئے قربانی کا حصول بھی مشکل ہو چکا ہے۔

ڈی جی پی ایچ اے سیالکوٹ جنید تاج بھٹی نے خودکشی کرلی

نامعلوم وجوہات کی بنیاد پر اپنے دفتر سر میں گولی ماری جانبر نہ ہوسکے



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید)ڈائریکٹر جنرل پی ایچ اے سیالکوٹ جنید تاج بھٹی نے نا گزیر وجوہات کی بنیاد پر اپنے سرکاری دفتر میں پستول سے اپنے سر میں گولی ماری۔ گولی کی آواز سن کر ملازم اندر گئے تو خون میں لت پت پایا انہیں فوری طور اسپتال منتقل کیا گیا مگر جانبر نہ ہوسکے اور دم توڑ دیا۔ ڈی جی پی ایچ اے سیالکوٹ کے مبینہ خودکشی کے واقعہ سے دفتر پی ایچ اے کی فضاء سوگوار ہوگئی۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد نفری کے ہمراہ اسپتال پہنچ گئے اور نوجوان آفیسر کی موت پر رنج و غم کا اظہار کیا تاہم پولیس مبینہ خودکشی کے اس واقعہ کی مختلف زاویوں سے تفتیش کر رہی ہے۔

''انصاف کی فراہمی دہلیز تک'' ویژن کے تحت کھلی کچہریاں جاری

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ''انصاف کی فراہمی دہلیز تک'' ویژن کے تحت کھلی کچہریاں جاری، سروس ڈیلیوری کے حوالے سے ڈی پی او راشد ہدایت کا مصروف دن۔ ڈی پی او نے 01 دن میں 03 مختلف مقامات پر کھلی کچہریاں منعقد کیں۔ کھلی کچہری میں خواتین اور مردوں کی کثیر تعداد میں شرکت۔ ٹاؤن پارک سٹی رینالہ، اڈا اختر آباد اور اڈا ستگھرہ کے مقامات پر کھلی کچہری کا انعقاد ہوا۔ شہریوں نے اپنے مسائل سے آگاہ کیا، مسائل کے قانونی حل کے لیے احکامات جاری۔ انچارج کمپلینٹ سیل انسپکٹر ریحانہ کوکب کو درخواستوں کا فالو اپ لینے کا حکم۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام کی دہلیز پر جا کر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔

ملاوٹ مافیا کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری

گزشتہ روز شہر کے مختلف علاقوں میں دودھ بردار گاڑیوں سمیت 104 فوڈ بزنسز کی انسپکشنز کی گئیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز پنجاب فوڈ اتھارٹی ڈاکٹر محمد قاسم رضا نے کہا ہے کہ ملاوٹ مافیا کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔ گزشتہ روز شہر کے مختلف علاقوں میں دودھ بردار گاڑیوں سمیت 104 فوڈ بزنسز کی انسپکشنز کی گئیں اور 30 فوڈ بزنس کو اصلاحاتی نوٹس جاری کیے جبکہ مجموعی طور پر ایک لاکھ 55 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ فوڈ سیفٹی ٹیموں نے شہر کے مختلف علاقوں اور منگل بازاروں میں واقع سوڈا واٹر پوائنٹس کی انسپکشنز کر کے 50 لیٹر سے زائد مضر صحت غیر معیاری سوڈا واٹر موقع پر تلف اور جرمانہ عائد کیا گیا جبکہ آئس فیکٹریز کو ورکرز کے میڈیکل سکریننگ سرٹیفکیٹس کی عدم موجودگی، زنگ آلود سانچوں کے استعمال اور صفائی ستھرائی کی ابتر صورت پر جرمانہ اور 160 کلو غیر معیاری برف ضائع کی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ ایکسپائرڈ اور ممنوع مصنوعات کی روک تھام کے لئے کارروائیاں کرتے ہوئے مختلف فوڈ پوائنٹس اور کریانہ سٹورز کو 24000 روپے کے جرمانے اور 2 کلو سے زائد ایکسپائر اشیاء اور 2 کلو ممنوع اجزاء کو تلف کر دیا گیا۔

سالانہ قدیمی مجلس عزا بی بی سکینہ بنت الحسین علیہ السلام کے عنوان سے 22 ذیقعدہ کو منعقد ہوگی

شکر گڑھ (عمران عارف سے) سالانہ قدیمی مجلس عزا بی بی سکینہ بنت الحسین علیہ السلام کے عنوان سے 22 ذیقعدہ 20 مئی 2025 بروز منگل صبح 9 بجے تا مرضی امام زمانہ عجل زیر اہتمام سندھو برادران امام بارگاہ گلستان ثانی زہرا س بڈھا ڈھولا نارووال میں منعقد ہوگی۔ جسمیں شہنشاہ مصائب جناب ذاکر سید اقبال حسین شاہ بجاڑ والا، ذاکر جناب حبیب رضا حیدری، ذاکر جناب ملک شفقت رضا شفقت لاہور و دیگر علاقہ کے علماء و ذاکرین خطاب فرمائیں گے۔ حرف آخر برآمدگی شبیہ ذوالجناح جناب سردار وسیم العباس بلوچ کروائیں گے۔ علاقہ بھر سے ماتمی سنگتیں شریک پرسہ ہونگی۔ مومنین کے لیے لنگر امام کا بھی وسیع انتظام ہوگا۔

جنگیں جذبوں سے لڑ کر جیتی جاتی ہیں'' شاف علی کھانڈ

افواج پاکستان نے دشمن کو گھر میں گھس کر مارا۔ سینٹرل گورنر جناح کا پاکستان

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) شاہینوں نے دشمن کی سر زمین میں داخل ہو کر جو جلوے دکھائے آنے والی کئی نسلوں تک دہرائے جائیں گے۔ مکار دشمن بھارت نے خاموش تماشائیوں کا سہارا لیتے ہوئے رات کے اندھیروں میں وار کر کے اپنی مکاری اور بزدلی کا ثبوت دیا پاک فوج کی خاموشی اور امن پسندی کے مظاہرے سے دشمن کی جارحیت حد تجاوز کر رہی تھی لیکن ملکی سالمیت کی خاطر افواج پاکستان نے دشمن کو ناکوں چنے چبانے کے لیے جب جنگ کا جھنڈا لہرا کر آسمانوں پر جلوہ دکھایا تو دنیا نے دیکھا کے پاکستانی شاہینوں نے سنت رسول ﷺ ادا کرتے ہوئے دشمن کی سرزمین میں گھس کر پل بھر میں دشمن کے ناپاک ارادوں کو ریت کے ذروں کی طرح ملیامیٹ کر دیا ان باتوں کا اظہار جناح کا پاکستان کے سینٹرل گورنر پنجاب شاف علی کھانڈ نے اپنے میڈیا بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ حالت جنگ میں جہاں قوم کے محافظ ملکی دفاع کے لیے اپنا کردار ادا کر رہے تھے وہیں پوری قوم بھی مادر وطن کیلئے لڑنے والوں کیساتھ ہر عزم کھڑے تھے۔

پاک فوج نے ہندوستان کیخلاف بے مثال کامیابی حاصل کی ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز

دشمن کو کسی صورت کوئی موقع نہیں دیں گے: پاکستان، پاک فوج کل بھی، آج بھی اور ہمیشہ زندہ باد ہے زندہ باد رہیں گے

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز آفس فیصل آباد میں پاک فوج کی ہندوستان کے خلاف بے مثال کامیابی پر ڈائریکٹر ملک مقبول احمد، ڈپٹی ڈائریکٹر سلمان خالد نے زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پورا ملک، پاک فوج، امن کا خواہاں، کوئی کسی قسم کی جارحیت نہیں چاہتا تھا لیکن عالمی دہشت گرد نریندر مودی جب سے ہندوستان کا پردھان منتری بنا ہے اس کے شیطانی دماغ میں ہر وقت شرانگیزی، فتنہ فساد، مسلمانوں کے خلاف نفرت، پاکستان کے اوپر ہر وقت حملے کے خواب، دیکھ کر، ہندوستان کے میڈیا کو جھوٹ بولنے پر آمادہ کر کے جھوٹے پروپگنڈے، منصوبے بنا کر مسلمانوں کے خلاف جارحانہ کاروائیوں میں مصروف رہتا ہے۔ اب کی بار پاک فوج نے اس کے منصوبے خاک میں ملا دیے۔ زبردست جوابی کاروائی کرتے ہوئے نہ صرف جدید لڑاکا جنگی جہاز، بلکہ ایئر بیس اور جہاں سے دہشت گردی ہو رہی تھی سب کو تباہ و برباد کر دیا۔ سرخرو ہو کر واپس آئے تو پوری قوم نے پرتپاک استقبال کیا۔ پاک فوج زندہ باد، ہمیشہ زندہ باد، پاکستان زندہ باد، ہمیشہ زندہ باد کہ فلک شگاف نعرے بھی لگائے اس موقع پر سابق ڈائریکٹرز پبلک ریلیشنز آفیسرز طارق جاوید، ملک سبحان علی اور سینیئر صحافی و تجزیہ نگار محمد اشفاق مغل، طالب علم نوجوان محمد فلک شیر مغل بھی موجود تھے۔ جنہوں نے پاک فوج کی بہادری پر زبردست خراج تحسین پاکستان کی فتح کو اللہ پاک کی جانب سے انمول تحفہ، آپریشن بنیان مرصوص کامیاب ہونے پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی۔ جبکہ ہندوستان کا آپریشن سندور کو تندور میں جلا کر راکھ کرنے پر بھی پوری قوم حکومت پاکستان، افواج پاکستان کو بھرپور کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا، کہ ہم کل بھی پاک فوج کے ساتھ کھڑے تھے اج بھی اور انشاء اللہ آنے والے کل میں بھی پاک فوج کے ساتھ شانہ بشانہ سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے رہیں گے۔ دشمن کو کسی صورت کوئی موقع نہیں دیں گے پاکستان، پاک فوج کل بھی، اج بھی اور ہمیشہ زندہ باد ہے زندہ باد رہے گا۔ دشمن انشاء اللہ نیست و نابود ہو جائے گا۔ اللہ پاک ہمارے عرض وطن کو تا قیامت اباد رکھے، شاد رکھے، پاک فوج کو سلامت رکھے۔ آمین ثم آمین۔

پاک فضائیہ نے کمال کر دکھایا ایم ایم عالم کی یاد تازہ کر دی ہے: میاں صغیر احمد

ہم صرف پاکستانی بن کر سوچتے ہیں پاک فوج کے ساتھ ساتھ سیاسی جماعتوں نے بھی اہم کردار ادا کیا ہے

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) پاک فضائیہ نے کمال کر دکھایا ایم ایم عالم کی یاد تازہ کر دی ہے یہ دنیا کی واحد جنگ ہے جس میں ہر طبقے سے تعلق رکھنے والے فرد نے حصہ لیا بھارت جان لے کہ جب ہمارے ملک کی سالمیت اور حفاظت کی بات آجائے تم ہم صرف پاکستانی بن کر سوچتے ہیں پاک فوج کے ساتھ ساتھ سیاسی جماعتوں نے بھی اہم کردار ادا کیا ہے پاک فوج کو سلام پیش کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار درویش پراپرٹی کنسلٹنٹ کے سی ای او میاں صغیر احمد نے اپنے دفتر میں گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ وطن عزیز کے دفاع کیلئے کسی بھی حد تک جا سکتے ہیں بھارت نے خطے کے امن کو خطرے میں ڈالا پاکستان نے جواب میں کاری وار کر کے مودی کو اوقات یاد دلا دی ہے آرمی چیف نے بولا تھا جب ہم وار کریں گے تو دنیا دیکھے گی اور الحمدللہ دنیا نے دیکھا کہ پاکستان اپنا دفاع کیسے کرتا ہے مودی اور انتہا پسند یاد رکھیں دوبارہ ایسی کوئی حماقت کی تو انجام اس سے بھی برا ہوگا۔

پاک فوج نے جسطرح آپریشن بنیان مرصوص میں بھارت کو دھول چٹائی اسکی مثال نہیں ملتی

پاکستان نے اپنی طاقت کا لوہا منوالیا اس عظیم فتح پر تمام پاکستان کو خدا کا شکر ادا کرنا چاہیے: گوجر یوتھ فورم پاکستان کے مرکزی وائس چیئرمین محمد اکرام گجر

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) پاک فوج نے جسطرح آپریشن بنیان مرصوص میں بھارت کو دھول چٹائی اسکی مثال نہیں ملتی اس سے پاکستان نے اپنی طاقت کا لوہا منوالیا اس عظیم فتح پر تمام پاکستان کو خدا کا شکر ادا کرنا چاہیے بھارت کی تاریخ ساز شکست سے عوام بالخصوص نوجوانوں کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے اپنے سے بڑی طاقت کو شکست دینا اور جدید ٹیکنالوجی کا استعمال پاکستان کی پروفیشنل افواج کی مہارت کا ثبوت ہے آج پاکستان کا دنیا میں سر فخر سے بلند کرنے والی ہماری فورسز کو جتنا بھی خراج تحسین پیش کیا جائے کم ہے ان خیالات کا اظہار گوجر یوتھ فورم پاکستان کے مرکزی وائس چیئرمین محمد اکرام گجر کی جانب سے گوجر یوتھ فورم کے نومنتخب عہدیداران کے اعزاز میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی چیئرمین طارق گجر ایڈووکیٹ، الیکشن کمشنر چوہدری طارق گجر، نائب ناظم اعلی چوہدری عبدالحمید لکو گجر، سٹی جنرل سیکرٹری چوہدری نبیل گجر، علی اکبر وڑائچ نے کیا انھوں نے مزید کہا کہ پاکستان ہمیشہ امن کی بات کرتا ہے لیکن اگر جنگ کرنا ضروری ہوا تو جنگ بھی کر لیں گے اور پھر ایسی جنگ کہ جو دشمن کے لیے تباہی و بربادی کا پیغام بن جائے پاکستان نے انڈیا کو ایسی شکست دی ہے اور ساری دنیا کو بتا دیا ہے کہ جب کوئی مومن مجاہد جنگ کرتا ہے تو اس کا طریقہ کار کیا ہوتا ہے پاکستان کا بچہ بچہ اپنی پاک افواج کے شانہ بشانہ کھڑا ہے اور ہر دم دشمن سے مقابلے کیلئے تیار ہے انڈیا میں جتنا معاشی نقصان اٹھایا ہے یا فوجی نقصان اٹھایا ہے اس کو ریکور کرنے کے لیے انڈیا کو کئی سال لگے گے گوجر برادری کسی بھی کڑے وقت میں اپنی مسلح افواج اور حکومت کے شانہ بشانہ ہے۔

دیپالپور پریس کلب و انجمن صحافیاں (رجسٹرڈ) کا تعزیتی اجلاس

اجلاس میں چیئرمین دیپال پور پریس کلب و انجمن صحافیاں (ر) 1991 طویل علالت کے بعد وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا گیا

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) دیپالپور پریس کلب وانجمن صحافیا ں (رجسٹرڈ) کا تعزیتی اجلاس زیر صدارت حاجی محمد اشفاق چوہدری شاکر حسین شاہ رضوی حال دیپالپور انعقاد پذیر ہوا۔ جسمیں بابائے صحافت الحاج افتخار احمد چوہدری بانی چیئرمین دیپال پور پریس کلب وانجمن صحافیاں (ر) 1991 طویل علالت کے بعد وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا گیا اور اس موقع پر صدر پریس کلب محمد اشفاق چوہدری نے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بابائے صحافت الحاج افتخار احمد چوہدری (مرحوم) صحافت کی دنیا میں بہت بڑا نام تھا انتہائی خوش اخلاق، ملنسار اور غرباء کے لئے درد دل رکھتا تھا (مرحوم) صوم وصلوٰۃ کا پابند نیک سیرت انسان تھا۔ مرحوم کی وفات ان کے گھرانے کے لئے ہی نہیں بلکہ ہمارے لئے بھی بہت بڑا صدمہ ہے جس میں ہم برابر کے شریک ہیں۔ اجلاس کے اختتام پر مرحوم کیلئے خصوصی طور پر دعا کی گئی کہ اللہ کریم مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے، (آمین ثم آمین) تعزیتی اجلاس میں دیپال پور پریس کلب وانجمن صحافیاں (رجسٹرڈ) کے بانی رکن علامہ محمد اصغر مجددی، ملک نذیر احمد کھوکھر، میاں امام دین، حکیم حافظ عبدالرزاق کھوکھر، میاں محمد اعجاز وٹو، مرزا فاروق احمد سلفی جنرل سیکرٹری، محمد امجد مغل، سید محمد حسن شاہ، چوہدری مجاہد محمود، عبدالعزیز محمودی، جمشید اشفاق چوہدری، شیخ محمد سیفی مبشر افتخار چوہدری، مسعود علی ہاشمی، ریاض حسین پنوار، لیگل ایڈوائزرز محمد اسلم انصاری، میاں ابو بکر امین ڈولہ ایڈووکیٹس ہائی کورٹ، ریاض احمد پنوار، نعمان غنی وسیر، بشارت علی مہر، چوہدری امتیاز شاہین، سکندر اشفاق چوہدری، محمد احمد جواد، ڈاکٹر محمد ناصر، میاں کلیم اللہ ڈولہ، محمد یوسف بھٹی، مرزا محمد رضوان، چوہدری افتخار بھولا اور دیگر عہدیداران و ممبران نے بھی کثیر تعداد میں شرکت کی۔

آر پی او گوجرانوالہ چوہدری طیب حفیظ چیمہ کی تھانہ سوہدرہ میں کھلی کچہری

پولیس عوام کی خدمت کے لیے ہے، اور عوامی شکایات کا بروقت ازالہ ہماری ترجیح ہے: آر پی او

وزیر آباد (نامہ نگار) آر پی او گوجرانوالہ چوہدری طیب حفیظ چیمہ نے تھانہ سوہدرہ میں کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر عوامی مسائل کے فوری اور شفاف حل کے لیے کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ پولیس عوام کی خدمت کے لیے ہے، اور عوامی شکایات کا بروقت ازالہ ہماری ترجیح ہے۔ اس عمل سے نہ صرف عوامی ریلیف ممکن ہوتا ہے بلکہ پولیس پر اعتماد بھی بحال ہوتا ہے۔ کھلی کچہری میں ان کے ہمراہ شاہد نواز وڑائچ ایس پی صدر گوجرانوالہ، ملک فیاض ڈی ایس پی وزیر آباد اور مختار احمد باجوہ ایس ایچ او تھانہ سوہدرہ بھی موجود تھے۔ اس موقع پر تھانہ سوہدرہ کی حدود میں واقع سوہدرہ، کرم آباد، تلواڑہ، علاوہ، بیلا، گھکا میتر اور دیگر نواحی علاقوں سے تعلق رکھنے والے شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ درخواست گزاران محمود اختر برکت پورہ، عمر فاروق نجی بستی سوہندرہ، فرناز کرم آباد، تیسر وڑائچ نوگراں، ضیاء اللہ عزیز چک، شرجیل یمہ اسماعیل پورہ، نوید تارڑ سوہدرہ اور دیگر نے اپنے مسائل، شکایات اور پولیس کی جانب سے تاخیر یا عدم توجہی پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ آر پی او نے تمام شکایات تحمل سے سنیں اور متعلقہ پولیس افسران کو موقع پر ہی کئی مسائل کے فوری حل اور داد رسی کے احکامات جاری کیے۔ بعض شکایات پر فوری ایف آئی آر درج کرنے کی ہدایت دی، جبکہ چند معاملات پر سستی برتنے والے افسران پر برہمی کا اظہار بھی کیا۔ آر پی او نے واضح طور پر ہدایت کی کہ ہر شکایت کا مقررہ وقت میں حل یقینی بنایا جائے، بصورت دیگر متاثرہ شہری براہ راست آر پی او آفس سے رابطہ کریں۔ بعد از اں تھانہ سوہدرہ کے ایس ایچ او مختار احمد باجوہ نے کھلی کچہری میں اپنے تھانے سے متعلق شکایات پیش کرنے والے شہریوں سے فرداً فرداً ملاقات کی۔ انہوں نے ہر شکایت کو بغور سنا اور آر پی او چوہدری طیب حفیظ چیمہ کی ہدایات کے مطابق ان مسائل کے مقررہ وقت میں حل کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ ایسی کھلی کچہریاں نہ صرف عوام کو اپنی شکایات کے براہ راست اظہار کا موقع فراہم کرتی ہیں بلکہ پولیس پر اعتماد بحال کرنے اور عوامی فلاح کے لیے اصلاحی اقدامات میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ اس موقع پر بعض معززین نے ایس ایچ او تھانہ سوہدرہ مختار احمد باجوہ کی اطمینان بخش کارکردگی سے افسران کو مطلع کیا۔

افواجِ پاکستان کے دشمن کو دندان شکن جواب سے قوم کا سر فخر سے بلند ہوا۔ امتیاز علی وریاہ

سپہ سالار پاکستان جنرل عاصم منیر نے بھارتی غرور مٹی ملا دیا۔ بلال احمد باجوہ

Royal Block
3 YEAR PAYMENT PLA

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) افواجِ پاکستان نے دنیا کو بتا دیا کہ پاکستان کوئی تر نوالہ نہیں جو ہر کوئی کھا جائے گا وقت پڑنے پر اپنے دشمن کو مکمل تباہ کرنے کے جدید تقاضوں کے مطابق صلاحیت کا حامل ملک ہے۔ سپہ سالار پاکستان حافظ جنرل عاصم منیر کی قیادت میں افواج پاکستان نے محض تین گھنٹے پینتالیس منٹ میں اپنے سے دس گنا بڑے ازلی دشمن بھارت کو گھٹنوں کے بل گرنے پر مجبور کر دیا۔ ان باتوں کا اظہار سابق صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری امتیاز علی وریاہ اور سابق سیکرٹری جنرل سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری بلال احمد باجوہ نے اپنے میڈیا بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم پوری قوم کو اور خاص طور پر ارضِ پاکستان کے محافظوں چیف آف آرمی سٹاف جنرل حافظ سید عاصم منیر پاکستان فضائیہ اور نیوی کے سربراہ اور حکومت پاکستان کو اس کارنامے پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مسئلہ کشمیر کے حل کیلئے کردار کرنے کے بیان پر انکا خیر مقدم کرتے ہیں۔

مصطفی آباد میں افواج کو خراج تحسین، شہدا کی غائبانہ نماز جنازہ، پاک فوج زندہ باد ریلی

ریلی میں آتش بازی کا شاندار مظاہرہ، کیک بھی کاٹا گیا، اور ملکی سلامتی کیلئے دعا کی گئی

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے پریس کلب مصطفی آباد میں تقریب، شہداء کی غائبانہ نماز جنازہ ادا کی گئی، افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے ریلی نکالی گئی، آتش بازی کا شاندار مظاہرہ، کیک بھی کاٹا گیا، علامہ ناصر مدنی، ایم پی اے چوہدری الیاس خاں سمیت مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے نمائندہ افراد کی شرکت، پاک فوج زندہ باد، پاکستان زندہ باد کے نعرے، تفصیلات کے مطابق پریس کلب مصطفی آباد للیانی رجسٹرڈ کی طرف سے افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے تقریبات کیا اہتمام کیا گیا، جس میں معروف عالم دین حضرت مولانا ناصر مدنی نے بھارتی حملے میں شہید ہونے والے معصوم شہریوں کی نماز جنازہ ادا کی، تقریب میں چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی ہیلتھ پنجاب و ایم پی اے حلقہ پی پی 176 چوہدری محمد الیاس خاں نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، انڈیا کو منہ توڑ جواب دینے پر آتش بازی کا شاندار مظاہرہ کیا گیا اور افواج پاکستان زندہ باد ریلی نکالی گئی، جبکہ پریس کلب میں افواج پاکستان کی شاندار و مثالی کامیابی پر کیک بھی کاٹا گیا، تقریب میں سابقہ ناظم ارشد رفیق انصاری، مہر علی مہران صدر مسلم لیگ ن حلقہ پی پی 176، ادریس نمبردار صدر گرین اینڈ کلین مہم مصطفی آباد، حاجی غلام مصطفے رحمانی خادم شہدا مصطفی آباد، حافظ شاہد محمود جنرل سیکرٹری مرکزی مسلم لیگ، حضرت مولانا قاری عزیر، عثمان میو، سیٹھ ابراہیم، سردار راشد ڈوگر، مہر سرور، رانا منیر احمد، غلام حیدر، محمد عمران سلفی صدر پریس کلب مصطفی آباد للیانی رجسٹرڈ، سیٹھ محمد حسین صدر الیکٹرونک میڈیا مصطفی آباد سمیت مختلف مکتبہ فکر کے نمائندہ افراد نے شرکت کی اور افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کے لئے تقریبات کا اہتمام کرنے پر پریس کلب مصطفی آباد کو مبارکباد دی، مظاہرین افواج پاکستان زندہ باد، پاکستان زندہ باد سمیت دیگر نعرے لگا رہے ہیں، مقررین نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ افواج پاکستان نے انڈیا کو منہ توڑ جواب دیکر پاکستانی عوام کے ساتھ ساتھ امت مسلمہ کے دل جیت لئے ہیں، افواج پاکستان نے نہ صرف انڈیا کی طرف سے رات کی تاریکی میں کیئے گئے بزدلانہ حملے کو ناکام بنایا بلکہ انڈیا کو دن کی روشنی میں منہ توڑ جواب بھی دیا، افواج پاکستان نے اپنی جرات و بہادری سے ثابت کیا ہے کہ یہ جو سوہنی دھرتی ہے اس کے پیچھے وردی ہے، افواج پاکستان کی جرات و بہادری کو دنیا ہمیشہ یاد رکھے گی۔

جہلم شہر میں صفائی کا بہترین نظام قائم ہو چکا، ڈپٹی کمشنر

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر میں صفائی کا بہترین نظام قائم ہو چکا ہے جس میں مزید بہتری لانے کے لیے مسلسل نگرانی جاری ہے یہ بات ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس نے یونین کونسل نمبر 16 اور 17 میں ستھرا پنجاب مہم پر کام کا مشاہدہ کرتے ہوئے کہی ڈپٹی کمشنر نے مختلف علاقوں میں کی گئی صفائی کا جائزہ لیا اور موقع پر موجود راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے اہلکاروں سے گفتگو کرتے ہوئے ان کو ہدایت کی کہ تمام یونین کونسلوں میں ہر گلی ہر محلے سے کچرے کے ڈھیروں کو ختم کر کے شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جائے تاکہ حکومت پنجاب کی جانب سے ستھرا پنجاب کا ٹارگٹ حاصل کیا جا سکے۔

ڈی پی او اوکاڑہ راشد ہدایت کی طرف سے کھلی کچہری کا انعقاد

خواتین اور مردوں کی کثیر تعداد میں شرکت ٹاؤن پارک سٹی رینالہ، اڈا اختر آباد اور اڈا ستگھرہ کے مقامات پر کھلی کچہری کا انعقاد ہوا

دیپال پور (زاہد عمران جنجوعہ سے) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی جانب سے عوام کو گھر کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کے سلسلہ میں ڈی پی او اوکاڑہ راشد ہدایت ایک ہی دن میں مسلسل متعدد جگہوں پر دور دراز علاقوں میں تین کھلی کچہریاں لگا کر ایک منفرد ریکارڈ قائم کیا ''انصاف کی فراہمی دہلیز تک'' ویژن کے تحت کھلی کچہریاں جاری سروس ڈیلیوری کے حوالے سے ڈی پی او راشد ہدایت کا مصروف دن ڈی پی او نے مختلف مقامات پر کھلی کچہریاں منعقد کیں کھلی کچہریوں میں خواتین اور مردوں کی کثیر تعداد میں شرکت ٹاؤن پارک سٹی رینالہ، اڈا اختر آباد اور اڈا ستگھرہ کے مقامات پر کھلی کچہری کا انعقاد ہوا اس موقع پر ڈی پی او اوکاڑہ راشد ہدایت کا لوگوں کے ساتھ رویہ انتہائی خوش اخلاق تھا اور وہ آنے والے ہر ایک شہری سے ملے اور ہر ایک شہری کو اپنے ساتھ کرسی میں بیٹھا کر اس کا مسئلہ سنا اور اس پر فوری طور پر ہی احکامات جاری کیے شہریوں نے اپنے مسائل سے آگاہ کیا، مسائل کے قانونی حل کے لئے احکامات جاری کیے انچارج کمپلینٹ سیل انسپکٹر ریحانہ کوکب کو درخواستوں کا فالو اپ لینے کا حکم دیا ڈی پی او اوکاڑہ راشد ہدایت نے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام کی دہلیز پر جا کر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ میرے پاس آنے والا ہر ایک شہری قابل عزت ہے انہوں نے کہا عوام کو چاہیے وہ بھی پولیس کا ساتھ دیں اور جرائم کی نشاندہی کریں منشیات فروشوں کا خاتمہ اولین ترجیح ہے کسی بھی جگہ منشیات فروشی برداشت نہیں کرونگا۔

وطن عزیز کا دفاع محفوظ ہاتھوں میں ہے ہمیں اپنی عسکری قیادت پر فخر ہے: چوہدری لیاقت علی

دفاع وطن کے لئے پاکستان کا ہر فرد سر بکف مجاہد ہے آپریشن بنیان المرصوص کے تحت بھارت کو دیا گیا بھرپور جواب اسے ہمیشہ یاد رہے گا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما چوہدری لیاقت علی اتفاق فونڈری والے نے کہا ہے کہ وطن عزیز کا دفاع محفوظ ہاتھوں میں ہے ہمیں اپنی عسکری قیادت پر فخر ہے جو آنکھ پاکستان کی طرف اٹھے گی وہ نکال دی جائے گی دشمن کسی غلط فہمی میں نہ رہے۔ دفاع وطن کے لئے پاکستان کا ہر فرد سر بکف مجاہد ہے آپریشن بنیان المرصوص کے تحت بھارت کو دیا گیا بھرپور جواب اسے ہمیشہ یاد رہے گا آئندہ بھی انڈیا کی طرف سے کی گئی ہر ناپاک جسارت کا پاکستان عوام پاک فوج کے ساتھ مل کر ایسا منہ توڑ جواب دینگے کہ بھارتی فوج بھی بھلا نہ پائے گی پاکستان جارحیت کے بجائے امن کا خواہاں ہے مگر انڈیا کی طرف سے کی گئی جارحیت پر خاموش نہیں بیٹھے گا گزشتہ تین روز میں بھارت نے جتنا عسکری حوالے سے نقصان اٹھایا وہ اس کے لئے پہلا سبق ہے اگر بھارت جنگ کی آگ مزید بھڑکانا چاہتا ہے تو اس کا نقصان بھی اسے اٹھانا پڑے گا پاکستان کے دفاع کے لئے قوم کا ہر فرد میدان جہاد میں اترے گا مسلمانوں کے لئے شہادت ایک اعزاز ہے جس کی ہر مسلمان دل میں تمنا رکھتا ہے ہمیں گولہ باری سے ڈرانے کی کوشش کرنے والے بھارت کو مسلمانوں کی تاریخ پر نظر ڈالنی چاہیے تاکہ اسے ہماری قوت ایمانی کا اندازہ ہو سکے۔ بھارتی حکومت اور انتہا پسند ہندو خطہ کو جنگ زدہ کرنا چاہتے ہیں بھارتی حکمران اور انتہا پسند ہندو ذہن نشین رکھیں اگر پاکستان پر جارحیت مسلط کی گئی تو طاقت کا جواب دگنی طاقت سے دیا جائے گا پاکستان اپنے دفاع کا مکمل حق رکھتا ہے ہر بھارتی حملے کا پوری قوت سے جواب دیا جائے گا۔

مصنوعی ذائقوں سے غیر معیاری مشروبات بنانے والے پنجاب فوڈ اتھارٹی کے شکنجے میں

فوڈ اتھارٹی ٹیموں کی جوس پلانٹ سوڈا واٹر فیکٹریوں اور ایک کیچپ یونٹ کی انسپکشن، 500 خالی بوتلیں برآمد کر لی گئیں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) مصنوعی ذائقوں سے غیر معیاری مشروبات بنانے والے پنجاب فوڈ اتھارٹی کے شکنجے میں، فوڈ اتھارٹی ٹیموں کی جوس پلانٹ سوڈا واٹر فیکٹریوں اور ایک کیچپ یونٹ کی انسپکشن، 500 خالی بوتلیں، 50 لٹر سرکہ، 20 کلو ممنوعہ اجزاء، بھاری مقدار میں پیکنگ میٹریل ضبط، 200 لٹر ناقص سوڈا واٹر مشروبات تلف، سوڈا فیکٹریوں کو بھاری جرمانے عائد، جعل سازی کرنے پر جوس پلانٹ اور اچار یونٹ کے مالکان کیخلاف مقدمات درج، 2 افراد گرفتار، کیچپ اور جوس پلانٹ کی پروڈکشن بند کر دی گئی۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی نے خوراک میں جعل سازی کرنے والوں کیخلاف شکنجہ مزید سخت کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق فوڈ سیفٹی ٹیموں نے ویلج 38 ڈی دیپالپور، جواد ایونیو ڈی بلاک ریلوے اسٹیشن اسٹاپ اور کوٹ امیر علی شاہ میں جوس پلانٹ، کیچپ یونٹ اور 2 سوڈا واٹر فیکٹریوں کو چیک کیا۔ معروف برانڈز کے نام سے ناقص کوالٹی کا جوس تیار کرنے پر جوس پلانٹ کیخلاف ایف آئی آر درج کرلیا گیا۔ ممنوعہ اجزاء سے تیار جوس پر مختلف کمپنیوں کے نام اور غلط پتے درج کیے گئے تھے۔ اسی طرح غیر معیاری سرکے اور پانی کی بوتلوں کی جعلی لیبلنگ کرنے پر سرکہ اینڈ کیچپ یونٹ کیخلاف کارروائی عمل میں لائی گئی جبکہ کارروائی کے دوران جعل سازی میں ملوث 2 افراد کو گرفتار بھی کر لیا گیا۔

محکمہ سول ڈیفنس رضا کاران کیلئے سول ڈیفنس پوسٹیں دینے میں ناکام

سول ڈیفنس والنٹیئر پوسٹیں الاٹ کی جائیں، رضا کاران شہری دفاع کا اصولی مطالبہ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سول ڈیفنس سیالکوٹ کے والنٹیئرز سالہا سال سے زمانہ امن ہو سال بھر کی سیکیورٹی ڈیوٹیاں ہوں یا رمضان المبارک و عیدین پر ٹریفک وارڈن ڈیوٹی، نامساعد حالات یا پھر حالیہ جنگی صورتحال چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کھوکھر کی ولولہ انگیز قیادت میں اپنے دونوں ڈویژن وارڈنز کے ہمراہ شہریوں کیلئے اللہ کی رضا کی خاطر مستعدی کیساتھ ڈیوٹی سرانجام دیتے ہیں۔ افسوسناک امر یہ کہ سول ڈیفنس سیالکوٹ کو ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محترمہ صباء اصغر علی نے پوسٹیں الاٹ کرنے کا وعدہ کیا مگر ہیڈ کوارٹر سول ڈیفنس سیالکوٹ رضا کاران کو وارڈن پوسٹیں فراہم کرنے میں سستی دکھا رہا ہے جس سے تنظیم شہری دفاع کے رضا کاران میں مایوسی و تشویش پائی جا رہی ہے۔ سول ڈیفنس سیالکوٹ والنٹیئرز کا کہنا ہے کہ بہت وارڈن طاہر مجید کھوکھر کی اعلیٰ ظرفی ہے کہ وہ 300 سے زائد والنٹیئرز کو یونیفارم کی فراہمی سے لیکر اہم مواقع کی ڈیوٹی کے دوران ریفریشمنٹ و پانی کی فراہمی بھی کرتے ہیں۔ سول ڈیفنس سیالکوٹ کے تمام رضا کاران ایگزیکٹوز نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے حالیہ بیان برائے فراہمی سول ڈیفنس فنڈز کا خیر مقدم کرتے ہوئے ان سے اپیل کی ہے کہ پنجاب بھر میں بہترین کارکردگی کہ بنیاد پر پہلے تین نمبرز میں انیوالی سول ڈیفنس سیالکوٹ کیلئے وارڈنز پوسٹس و بوقت ضرورت ایمرجنسی آلات کے حصول کیلئے مناسب فنڈز مہیا کیئے جائیں۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

مسئلہ کشمیر ایک بار پھر عالمی ایجنڈے پر

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی کے بعد سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں دونوں ملکوں کی قیادت کے ساتھ مل کر کام کرنے کی پیشکش کی ہے۔ انہوں نے خاص طور سے کشمیر کی متنازعہ حیثیت کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ انڈیا اور پاکستان کی قیادت کے ساتھ مل کر ہزار سال پرانے مسئلہ کشمیر کا حل تلاش کرنے کی کوشش کریں گے۔ پاکستان نے فوری طور سے اس پیشکش کو مثبت قرار دیتے ہوئے اس پر ردعمل دیا ہے۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ پاکستان امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی مسئلہ کشمیر کے حل کی حمایت کا خیر مقدم کرتا ہے۔ تاہم مسئلہ کشمیر کا پائیدار حل اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق ہونا چاہیے اور کشمیریوں کو خودارادیت کا ناقابلِ تنسیخ حق ملنا چاہیے۔ واضح رہے کہ ان قراردادوں کے مطابق پاکستان اور بھارت کی فوجیں کشمیر کے مقبوضہ علاقوں سے نکل جائیں گی اور پھر عالمی ادارے کی نگرانی میں ہونے والے استصواب میں کشمیری عوام یہ فیصلہ کریں گے کہ وہ پاکستان یا بھارت میں سے کس کے ساتھ شامل ہونا چاہتے ہیں۔ پاکستان کے نقطہ نظر سے عالمی ایجنڈے پر کشمیر کو مسئلہ قرار دلوا لینا ایک اہم پیش رفت ہے۔ بھارت مقبوضہ کشمیر کو اپنا اٹوٹ انگ قرار دیتا ہے۔ اگست 2019 میں نریندر مودی کی حکومت نے پاکستان اور کشمیری لیڈروں کی شدید مخالفت کے باوجود بھارتی آئین کی شق 370 منسوخ کر دی تھی جس کے تحت مقبوضہ کشمیر کو ریاست کی حیثیت حاصل تھی اور اسے اپنے کئی معاملات میں خودمختاری بھی دی گئی تھی۔ اس کے بعد سے بھارتی لیڈروں نے پاکستان کے زیر انتظام کشمیر کو بھارت کا حصہ قرار دینے کا اعلان کرتے ہوئے یہ دعوے بھی شروع کر دیے تھے کہ اسے بھی بھارت کے ساتھ ملایا جائے۔ آزاد کشمیر پر قبضہ پاکستان کے خلاف بھارت کی جنگی حکمت عملی کا اہم حصہ رہا ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان مقبوضہ کشمیر آزادی کے وقت سے تنازعہ کا سبب بنا رہا۔ انڈیا کی تقسیم کے معاہدے کے تحت ہر خودمختار ریاست کے راجہ یا نواب کو یہ فیصلہ کرنا تھا کہ وہ پاکستان یا بھارت میں سے کس کے ساتھ شامل ہونا چاہتا ہے۔ بدقسمتی سے اس اعلان میں ریاستوں کے عوام کی مرضی کا ذکر نہیں تھا۔ اس لیے ریاستوں کے حکمرانوں کو ہی اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنا تھا۔ مقبوضہ کشمیر پر اس وقت مہاراجہ ہری سنگھ کی حکومت تھی۔ اس اندیشے کے تحت کہ کشمیری حکمران غیر مسلم ہونے کی وجہ سے اکثریتی آبادی کی مرضی کے خلاف کشمیر کو بھارت میں شامل کرنے کا اعلان نہ کر دے پاکستان کے طرف سے قبائلی لشکروں نے کشمیر چڑھائی کر دی۔ اس حملے میں کشمیر کے کافی بڑے حصے پر پاکستان کا قبضہ ہو گیا جسے اس وقت آزاد کشمیر کے طور پر پاکستان کے زیر انتظام علاقہ کہا جاتا ہے۔ تاہم یہ لشکر کشی سری نگری یا پورے کشمیر پر قبضہ کرنے میں کامیاب نہیں ہوئی کیوں کہ راجہ ہری سنگھ نے بھارتی فوج کو مدد کے لیے بلا لیا۔ اس طرح کشمیر مستقل طور پر دو حصوں میں تقسیم ہو گیا۔ بھارت اس معاملہ کو اقوام متحدہ میں لے گیا۔

سلامتی کونسل نے 1948 میں منظور کی گئی قرارداد کے تحت استصواب رائے سے کشمیری عوام کو ریاست کے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق دیا تھا۔ بھارت اور پاکستان نے اس فیصلے پر صاد کیا لیکن اس پر عمل درآمد کی نوبت نہیں آئی۔ شروع میں بھارتی لیڈر تکنیکی وجوہات کی بنا پر ریفرنڈم سے بچتے رہے لیکن یہ تسلیم کرتے رہے کہ کشمیر کی حتمی حیثیت کا فیصلہ کشمیری عوام کی مرضی کے مطابق ہی ہو گا۔ البتہ وقت گزرنے کے ساتھ یہ وعدے سیاسی ضرورتوں میں پس منظر میں چلے گئے اور بھارت نے کشمیر کو اپنا اٹوٹ انگ قرار دینا شروع کر دیا۔ نریندر مودی نے 2014 میں اقتدار سنبھالنے کے بعد سے کشمیر کو بھارت کا باقاعدہ حصہ بنانے کا اعلان کیا اور اگست 2019 میں اس کی خودمختار حیثیت ختم کر کے اسے مرکز کی زیر نگرانی اکائیوں میں تقسیم کر دیا۔ مقبوضہ کشمیر پر کئی برس تک نئی دہلی سے حکومت کرنے کے بعد سپریم کورٹ کے حکم کی روشنی میں گزشتہ سال وہاں انتخابات کرائے گئے۔ بھارت کا دعویٰ رہا ہے کہ وہ کشمیر میں انتخابات کے ذریعے جمہوری عمل کو جاری رکھے ہوئے ہے۔ یہی وہاں کے عوام کی مرضی ہے۔ البتہ مقبوضہ کشمیر کی ایسی سب جماعتوں نے بھی اگست 2019 میں آئینی شق 370 کالعدم کر کے کشمیر کی خودمختارانہ حیثیت ختم کرنے کی مخالفت کی تھی۔ عمر عبداللہ کی نیشنل کانفرنس پارٹی نے گزشتہ سال کا انتخاب اسی شق کو بحال کرانے کے ایجنڈے کی بنیاد پر ہی لڑا تھا تاہم ابھی تک اس میں کوئی پیش رفت نہیں ہو سکی۔ گزشتہ چند سالوں میں مقبوضہ کشمیر کے حوالے سے نریندر مودی کی حکومت نے دو اہم کام کیے۔ ان میں سے ایک اس علاقے پر مرکز کا کنٹرول مضبوط کرنے کے علاوہ وہاں مسلمان اکثریت کو غیر موثر کرنے کے لیے ڈومیسائل قوانین میں تبدیلیاں کی گئیں جن کے تحت انڈیا کے علاقوں سے ہزاروں ہندوؤں کو ریاست میں آباد کرنے اور جائیدادیں خریدنے کا حق دیا گیا ہے۔

پاکستان کا انڈیپنڈنس ایکٹ (1947)

تحریر: سید محمد زاہد

جہلم ندی کی موجیں انہیں جھولے جھلا رہی تھیں۔ لائف جیکٹس سے کبھی ہوا نکال کر گہرے پانی میں غوطہ زن ہو جاتے اور کبھی منہ سے پھلا کر ندی کے اندر دور تک چلے جاتے۔ کنارے پر آتے تو توپوں کی گھن گرج اور بندوقیں چلنے کا شور سن کر پہاڑی تودوں کے پیچھے چھپ جاتے۔

ان کی نگاہیں افق کے پار اس مقام تک پہنچنا چاہتی تھیں جہاں توپیں چلنے کے دھماکے ہو رہے تھے۔

ہاشم بھائی! مجھے بھوک لگی ہے۔ سکندر جو عمر میں کم دکھتا تھا بولا۔

میری بھی یہی حالت ہے۔ ہاشم نے جواب دیا۔ جہلم ندی میری دوست ہے۔ بچپن اس کے سنگ گزرا، جوانی کا بہاؤ اس کے ساتھ چلا ہے۔ یہ ہمیں بھوکا نہیں مرنے دے گی۔ اس نے مجھ سے کبھی پہلو تہی نہیں کی۔

وہ اسے لے کر ندی کنارے درختوں کے ایک جھنڈ میں آ گیا۔ خوبانی ابھی کچی تھی اور بادام کی ڈالیاں ہری بھری۔ کچھ دور انہیں آڑو بھی مل گئے۔

شام ڈھل رہی ہے اس وقت ادھر رکنا بہتر ہو گا۔ دونوں اسی جھنڈ میں چھپ گئے۔

مکانات کے اندر سے جہاں گھر کی بیویاں اپنے شوہروں کے لیے کھانے پکانے میں مصروف تھیں۔ دھواں بلند ہو کر فضا میں پھیل رہا تھا۔ مویشی چراگاہوں سے آہستہ آہستہ گھروں کی طرف پلٹ رہے تھے جن کے کھروں سے اڑی ہوئی خاک کا غبار نور شفق سے رنگین نظر آ رہا تھا۔ یہ نور شفق تھا یا انسانوں کے خون کا رنگ جو بندوق کی گولیوں سے اڑ کر آسمان کو رنگین کر گیا تھا۔

وہ وہاں کچھ دیر ستانے کو لیٹ گئے۔

آنکھ لگی ہی تھی کہ گولیوں کی تڑ تڑ سے جاگ گئے۔ بچے عورتیں بھاگ اٹھے۔ جو مرد نظر آتا اسے گرفتار کر لیا جاتا یا گولیوں سے بھون دیا جاتا۔ وہ اپنی کچھار میں چھپ کر سب دیکھ رہے تھے۔ دو تین گھنٹے کی تلاش کے بعد فوجی واپس چل پڑے۔ بم دھماکے ہوئے اور کئی گھر ملبے کا ڈھیر بن گئے۔

وہ افسردگی کے عالم میں ندی کنارے واپس آ گئے۔ ساری رات چلتے رہے۔ بھوک ستانے لگی تھی۔ کچے پھلوں سے گزارا نہیں ہوتا۔ سکندر کا گاؤں اب قریب تھا۔ وہ جانتا تھا کہ ادھر سخت پہرہ ہو گا۔

وہ متواتر دو دن اور تین راتوں سے اسی ندی کے کنارے چلتے آ رہے تھے۔ پورا کشمیر شورش زدہ ہو چکا تھا لیکن انہیں یقین تھا کہ ڈھونڈنے والے ابھی اننت ناگ کے اردگرد ہی دھیان دے رہے ہوں گے۔ کچھ دور ایک بستی نظر آئی۔ بستی سے دھواں اٹھ رہا تھا اسے روند دیا گیا تھا۔ وہ بستی پہنچے تو ان کے روبرو وہی خوفناک منظر تھا جس کے وہ عادی ہو چکے تھے۔ ہاشم نے سکندر سے کہا، تم باہر ٹھہرو میں اندر جا کر کسی گھر سے کھانا ڈھونڈتا ہوں۔

گلیاں شکستہ مکانوں کے ملبے سے اٹی پڑی تھیں۔ کوئی متنفس دکھائی نہیں دیتا تھا۔ لوگ گھروں کو چھوڑ کر بھاگ گئے تھے۔ دیواروں کے ٹوٹے پھوٹے حصے شرابیوں کی طرح جھک رہے تھے جیسے گرا ہی چاہتے ہوں۔

وہ ایک دو گھروں میں گھسا وہاں اسے کھانے کا کچھ سامان مل گیا۔ کھانا لے کر باہر آ رہا تھا کہ ایک فوجی گاڑی آتی نظر آئی۔ وہ بھاگ نکلا کوئی راستہ دکھائی نہیں دے رہا تھا۔ ایک گھاٹی میں کچھ لاشیں پڑی تھیں وہ ان کے درمیان لیٹ گیا۔ اس کی بدقسمتی تھی کہ گاڑی بھی ادھر آ کر رکی۔ وہ اس امر کی انتہائی کوشش کرنے لگا کہ اس کے جسم میں مردوں جیسی بے حسی اور سختی پیدا ہو جائے۔

سپاہیوں نے اِدھر اُدھر ٹہلنا شروع کر دیا۔ کچھ گھروں کی تلاشی بھی لی۔ وہ چپ لاشوں کے درمیان لیٹا رہا۔ ہاشم کے پہلو میں ایک خوبصورت بالوں والی نوجوان لڑکی کی لاش پڑی ہوئی تھی۔ اس کا بازو ہوا میں بلند تھا اور اسی حالت میں بے جان ہو کر رہ گیا تھا جیسے مرنے کے بعد بھی ظلم و ستم کے خلاف احتجاج کر رہی ہو۔

سپاہی گاڑی کے پاس لوٹ آئے۔ اس میں سے دو لاشیں نکال کر اسی کھڈے میں پھینک دیں۔

صاحب، ان پر مٹی ڈال دیں۔ ایک سپاہی کی آواز سنائی دی۔

نہیں۔ پڑوسی گاؤں سے ابھی ایک دو آتنک وادی لانے ہیں اس کے بعد اسے بھر دیں گے۔ جواب بڑا کٹھور تھا۔

گاڑی چلی گئی لیکن ہاشم میں اتنی ہمت نہیں تھی کہ لاشوں کے درمیان سے نکل کر بھاگ سکے۔ دونوں لاشیں نوجوان لڑکوں کی تھیں۔ ایک اتنا پرسکون تھا جیسے سو رہا ہو اور دوسرے کے سر کو کچل دیا گیا تھا۔ سر سے بہتا ہوا خون اس کے جسم کے ساتھ چپک گیا۔

وہ کافی دیر ادھر پڑا رہا۔

ہوا میں کافی خنکی تھی اور سورج بھی طلوع ہونے والا تھا۔ یہاں سے نکلنا چاہیے تھا۔ اوپر گری ہوئی لاشیں ہٹا کر وہ اٹھا تو اس کی نظر لڑکی پر پڑی۔ لڑکی کا جسم اتنا بھرپور اور نرم و نازک تھا کہ اسے مردہ تصور کرتے ہوئے دل لرزتا تھا۔ ہاتھوں پر مہندی رچی ہوئی تھی۔ کالے سیاہ بالوں کو بہت محنت سے بنایا گیا تھا۔ سانولی رنگت اور کپڑے نئے نویلے۔ شکل سے پنجابن لگتی تھی۔ شاید نئی نئی دلہن تھی۔ اس کی گردن کے نزدیک چار چھوٹے چھوٹے سرخ نشان تھے جو غالباً اس کے خاوند کے بوسوں کی گرم جوشی کی یادگار تھے۔ ہاشم کے جذبات میں تلاطم برپا ہو گیا۔ ایک لمحے کے لیے وہ خطرہ، تھکن، لاشوں کی بدبو، سب بھول گیا۔ اسے اپنی بیوی یاد آ رہی تھی۔ پلوامہ کے حملہ والی رات اس کی شادی تھی۔ اگلے دن وہ اس کے لیے شہر سے تحفہ خریدنے گیا تھا جب فوج نے گاؤں پر دھاوا بولا۔ ظالموں نے اس کی بیوی کو روندا بعد میں گھر کو بم سے اڑا دیا۔ حجلہ عروسی، اس کی دلہن اور ارمانوں کی قبر بن گیا۔

وہ نئے جوش کے ساتھ ندی کی طرف بھاگ اٹھا۔

سکندر اس کا انتظار کر رہا تھا۔

یہاں ٹھہرنا خطرناک ہے۔ وہ سکندر کو ساتھ لے کر چل پڑا۔ ندی کا پاٹ کافی چوڑا تھا۔ سارا دن کبھی ندی کے اندر اور کبھی اس کے کناروں پر موجود درختوں کی اوٹ میں چلتے رہے۔

ہم کتنے دنوں میں پار اتریں گے۔ سکندر کے چہرے سے تھکاوٹ واضح نظر آ رہی تھی۔

دو ہفتے یا شاید اس سے بھی زیادہ۔ ہم پانچ چھ کلومیٹر روزانہ سے زیادہ نہیں تیر سکیں گے۔ ٹھہرتے ہوئے، چھپتے ہوئے چلنا ہے۔

شام ڈھلنے لگی تو وہ کچھ دیر ستانے کے لیے رک گئے۔ شفق کی زرنگاریاں بتدریج تاریکی سے بدل گئیں تو وہ اٹھ گئے۔

ہاشم آج بہت دکھی تھا۔ سکندر کے پاس لیٹا اپنے گاؤں کو یاد کر رہا تھا جو ندی کنارے اسی علاقے میں تھا۔ وہ ایک مرتبہ گاؤں جانا چاہتا تھا۔ کمزوری سے ان کے اعصاب دکھ رہے تھے۔ دونوں کی آواز یکساں طور پر بھدی اور بھاری ہو چکی تھی۔ آنکھیں خوفناک انداز میں اندر کو دھنسی ہوئی تھیں۔ ان کے ہونٹوں پر یکساں پپڑیاں تھیں۔ چہرے حجامت نہ بننے کے سبب یکساں طور پر مہیب تھے۔

سکندر خاموش اور رونی صورت بنائے بیٹھا تھا۔ چہرے پر انتہائی غم کے آثار نظر آ رہے تھے۔ ہاشم نے دوستانہ لہجے میں بات شروع کر دی تا کہ اس کا غم غلط کر سکے۔ آج وہ سوالوں کا جواب بے دلی سے دے رہا تھا جیسے گفتگو کرنا اس کے لیے ایک تکلیف دہ عمل ہو۔ دور اس کے گاؤں سے بھی دھواں اٹھ رہا تھا۔ ہاشم نے سکندر کی طرف دیکھا اور پوچھا، قابض فوج ایسا کیوں کرتی ہے۔ کیا کشمیری اس ملک کے شہری نہیں؟

اس کی آواز یک دم تیز ہو گئی۔ وہ خود بخود باتیں کرنے لگا تھا،

دین سے دنیا تک علامہ امانت علی فیصل

تحریر: کاشف یوسف

جب کسی عالم باعمل کی موت کی خبر سننے کو ملتی ہے تو سمجھ دار انسان پر سکتے کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے اور یوں محسوس ہوتا ہے جیسے آج ہم کسی قریبی عزیز یا سرپرست کی شفقتوں سے محروم ہو گئے ہیں۔ چلچلاتی ہوئی دھوپ میں بادلوں کا سایہ ہم سے ہٹ گیا ہے، زمین قدموں کے نیچے سے سرک گئی ہے، بہاریں ہم سے روٹھ گئی ہیں، اور دل میں خیال ابھرتا ہے کہ اب ہم روحانی توانائی کہاں سے حاصل کریں گے۔ سینہ غم سے تنگ ہو جاتا ہے، آنکھیں پُرنم ہو جاتی ہیں، یوں سمجھیں کہ ان کے چلے جانے کے بعد دنیا ویران نظر آتی ہے۔ مگر جب عالم باعمل کی وفات پر ان کے ہم عصروں اور شاگردوں کے خوبصورت الفاظ اور دعائیں سننے کو ملتی ہیں تو دل گواہی دیتا ہے کہ بامقصد زندگی تو انہی کی تھی اور سعادت کی موت بھی انہی کی ہے کہ جو مرتے دم تک رب کا قرآن اور نبی ﷺ کا فرمان سنا گئے اور اپنے رب کے فضل اور نیک اعمال کے ذریعے دنیا کی نیک نامی کے ساتھ ساتھ آخرت کی کامیابیاں جو سمیٹ گئے۔

اس موقع پر نبی کریم ﷺ کی یہ حدیث بھی ذہن میں آتی ہے کہ "اللہ تعالیٰ علم کو اس طرح نہیں اٹھائے گا کہ اس کو بندوں (کے سینوں) سے ہی چھین لے۔ بلکہ وہ (پختہ کار) علماء کو موت دے کر علم کو اٹھائے گا۔ حتیٰ کہ جب کوئی عالم باقی نہیں رہے گا تو لوگ جاہلوں کو سردار بنا لیں گے

،ان سے سوالات کیے جائیں گے اور وہ بغیر علم کے جواب دیں گے۔ چنانچہ وہ خود بھی گمراہ ہوں گے اور لوگوں کو بھی گمراہ کریں گے۔ (بخاری شریف) میں نے اپنی زندگی میں بہت سے عظیم علماء کو دنیا سے رخصت ہوتے ہوئے دیکھا اور ہر عالم کی موت کے بعد محسوس کیا کہ مدتوں تک ان کا خلاء پورا نہیں ہو سکے گا۔ 30 جنوری بروز جمعرات کا دن بھی اپنے ساتھ ایک المناک خبر کو لے کر آیا کہ حضرت علامہ مولانا امانت علی فیصل قادریؒ اللہ تعالیٰ کو پیارے ہو گئے ہیں۔ آپ کی عمر 47 برس تھی۔ آپ لاہور کے شہر مانگا منڈی میں پیدا ہوئے۔

ابتدائی تعلیم مانگا منڈی سے حاصل کی اور درس نظامی کی تکمیل جامعہ نعیمیہ میں کی۔ فراغت کے بعد اسی کافی تدریس کے فرائض سرانجام دیئے اور بعد رائیونڈ دربار شریف میں جمعۃ المبارک پڑھانے کے فرائض سر انجام دیتے رہے اور مانگا منڈی جاوید ہائی سکول بطور ٹیچر فرائض سرانجام دے رہے تھے۔ اسی طرح تقریباً 20 سال سے آپ کو صحیح البخاری پڑھانے کا شرف حاصل رہا ہے۔ آپ نے اپنے وقت کے نامور علماء سے علم کو حاصل کیا۔ اسی طرح آپ سے سینکڑوں کی تعداد میں علماء نے علم کو حاصل کیا آپ آخری عمر میں کچھ عرصہ علیل رہے۔ لیکن دوران علالت بھی آپ تعلیم و تعلم اور تبلیغ کے عمل سے وابستہ رہے اتنی دیر میں علامہ صاحب کی وفات کا اعلان ہوا تو طلبہ طالبات آپ کی تعلیم و تدریس کا ذوق دیکھ کر حیران رہ گئے

۔آپ نے تعلیم و تعلم کے ساتھ ساتھ بعض دینی اور سیاسی تحریک میں بھرپور شرکت کی اور عوام کی خوبصورت انداز میں رہنمائی فرمائی۔ تحریک انجمن یارسول اللہ ﷺ بھی چلائی اور ان کے صدر رہے آپ کی شخصیت بڑی پُر رعب اور آپ کا خطاب انتہائی پر اثر ہوتا تھا اور تشنگان علم آپ کی خطابت اور آپ کے علم سے بھرپور استفادہ کیا کرتے تھے۔ رائیونڈ کے دربار شریف میں کافی عرصہ جمعہ پڑھایا پندرہ دن پہلے بھی جمعہ پڑھا کر گئے، حضرت علامہ مولانا امانت علی فیصل قادری " کے جنازے کے دن مانگا منڈی کی سرزمین نے ایک عجیب منظر دیکھا۔

مانگا منڈی کے چھوٹے سے قصبے میں سینکڑوں کی تعداد میں گاڑیاں اور دیگر سواریاں موجود تھیں اور جس ہائی سکول گراؤنڈ میں مولانا کے جنازے کو ادا کیا گیا اس گراؤنڈ میں داخل ہونا مشکل ہو چکا تھا۔ جنازے میں ہزار ہا انسانوں کی شرکت دیکھ کر دل کو شرح صدر حاصل ہوا کہ دنیا داروں اور مادہ پرستوں کے جنازوں میں لوگ مادی اغراض اور مفادات کے لیے آتے ہیں لیکن اہل دین کے سفر آخرت میں شمولیت کے لیے لوگ بغیر کسی غرض سے صرف محبت اور عقیدت کی وجہ سے کشاں کشاں چلے آتے ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے سورہ مریم کی آیت نمبر 96 میں اس امر کا اعلان فرما دیا "بے شک جو ایمان لائے اور نیک اعمال کیے عنقریب رحمٰن ان کے لیے محبت (کو پیدا) کر دے گا جنازے میں ملک بھر سے صرف عوام ہی کی کثیر تعداد شریک نہ تھی بلکہ حدیث کو پڑھنے اور پڑھانے والے اساتذہ کی ایک بڑی تعداد شامل تھی۔ علماء کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

جنازے کی امامت حضرت صاحب کے شاگرد خاص سید بادشاہ حافظ سید عمر رضا گیلانی نے کی علامہ صاحب کی تدفین مانگا گاؤں کالا پیر قبرستان میں ہوئی۔ جنازے کے دوران ہر آنکھ اشکبار تھی اور ہر شریک جنازہ خلوص دل سے مولانا کی درجات کی بلندی کے لیے دعا گو تھا۔

گو مولانا امانت علی فیصل ہم میں نہیں رہے لیکن اس قسم کے اکابر علماء کا خلاء قیامت کی دیواروں تک پُر نہیں ہو سکتا۔ ان کی یادوں کی خوشبو سے دل کا گلستان ہمیشہ مہکتا رہے گا۔ ان شاءاللہ۔

دونوں ملکوں کے درمیان امن، خوشحالی

پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی کے بعد وزیراعظم شہباز شریف کا یہ پیغام خوش آئند ہے کہ اس موقع کو امن، خوشحالی اور استحکام کا نقطہ آغاز بننا چاہیے۔ جنگ میں کوئی فاتح نہیں ہوتا۔ انسان مارے جاتے ہیں اور معاشروں کے کمزور طبقے تباہی کی قیمت ادا کرتے ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے جنگ بندی کا اعلان کرتے ہوئے یہ پیغام بروقت اور مناسب تھا کہ میں دونوں ممالک کو ذہانت اور تدبر کا مظاہرے کرنے پر مبارکباد دیتا ہوں۔ دونوں ملکوں کے درمیان 22 اپریل کو مقبوضہ کشمیر میں پہلگام کے مقام پر 26 سیاحوں کو ہلاک کرنے کے سانحہ کے بعد بھارت کی طرف سے خطے میں جنگ کا ماحول بنایا گیا تھا۔ وزیراعظم نریندر مودی کی سرپرستی میں بھارتی حکومت اور میڈیا نے پاکستان کو پہلگام سانحے کا ملزم قرار دیتے ہوئے انتقام لینے اور حساب برابر کرنے کے دعوے کرنے شروع کر دیے تھے۔ پاکستان نے اس سانحہ میں ملوث ہونے سے انکار کرتے ہوئے پیش کش کی تھی کہ الزام تراشی کی بجائے سانحہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرا لی جائیں تا کہ حقائق سامنے آسکیں۔ البتہ بھارتی لیڈروں نے انڈیا میں جو ماحول بنایا، اس میں دلیل یا حجت کی کوئی گنجائش نہیں تھی۔ پاکستان کو یک طرفہ طور سے مورد الزام ٹھہراتے ہوئے یہ تصور کر لیا گیا کہ بھارتی فوج جب چاہے، پاکستان کو سزا دینے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ ہیجان کے اسی ماحول میں 7 مئی کو بھارت نے پاکستان کے متعدد شہروں میزائل حملے کیے۔ ان حملوں میں 31 افراد جاں بحق اور 48 زخمی ہوئے۔ پاکستانی اطلاعات کے مطابق یہ سب عام شہری تھے اور جن جگہوں پر میزائل حملے کیے گئے تھے وہاں کسی قسم کے دہشت گرد کا کوئی نام و نشان نہیں تھا۔ حملوں کے دوران البتہ پاکستانی فضائیہ ہوشیار تھی اور اس کے طیاروں نے پاکستانی اہداف پر میزائل گرانے والے طیاروں کو نشانہ بنایا اور آئی ایس پی آر کے مطابق 5 بھارتی فائٹر جیٹ مار گرائے گئے۔ ان میں تین مشہور اور جدید فرانسیسی ساخت کے رافیل فائٹر بھی شامل تھے۔ ان اطلاعات کی غیر جانبدار ذرائع سے تصدیق بھی ہو گئی تھی البتہ یہ واضح نہیں تھا کہ تباہ ہونے والے بھارتی طیاروں کی اصل تعداد کیا تھی۔ بھارتی عسکری یا سیاسی قیادت نے چونکہ اس بارے میں تردید یا تصدیق کرنے سے گریز کیا جس سے فضا میں پاک فضائیہ کی برتری کی دھاک بیٹھ گئی۔ عام خیال کیا جارہا تھا کہ اس حملے اور پاکستان کی جوابی کارروائی کے بعد طرفین ہوش کے ناخن لیں گے اور کسی قسم کی جنگ بندی پر اتفاق کر لیا جائے گا۔ ایران اور سعودی عرب سمیت متعدد ممالک ثالثی کی کوششیں کرتے رہے۔ امریکی وزیر خارجہ نے بھی دونوں ملکوں کی قیادت سے بات کر کے جنگ کا ماحول ختم کرنے کی اپیل کی تاہم یہ بیل منڈھے نہیں چڑھ سکی۔ 7 مئی کے بعد پاکستانی حکام کا کہنا تھا کہ اس دن بھارتی طیارے پاکستانی فضائیہ کی دفاعی کارروائی میں کام آئے تھے۔ البتہ بھارت نے پاکستان کے شہروں پر جو بلا اشتعال حملہ کیا ہے، اس کا بدلہ لیا جائے گا۔

تا کہ بھارت اور دنیا کو بتایا جائے کہ پاکستان اپنی خودمختاری کی حفاظت کر سکتا ہے۔ اس اصولی اعلان کے باوجود پاکستان کی طرف سے کوئی عسکری کارروائی دیکھنے میں نہیں آئی لیکن دو روز پہلے پاکستان میں مختلف اہداف پر بھارتی ڈرون حملوں کے بعد حالات کشیدہ ہونے لگے تھے۔ اس دوران دونوں طرف سے ایک دوسرے پر ڈرون اور میزائل پھینکنے کے الزام عائد کیے جا رہے تھے تاہم پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے واضح کیا تھا کہ پاکستان 7 مئی کے حملوں کا جواب ضرور دے گا۔ اور جب ایسا ہو گا تو پوری دنیا میں اس کی گونج سنائی دے گی۔ 10 مئی کی رات دو بجے کے قریب آئی ایس پی آر کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے بتایا کہ بھارت نے نور خان ائربیس سمیت تین اڈوں پر حملہ کیا ہے۔ اس کے تھوڑی دیر بعد ہی پاکستان نے میزائلوں اور طیاروں کے ساتھ مقبوضہ کشمیر اور بھارت میں متعدد ٹھکانوں کو نشانہ بنایا۔



حرف رواں

تحریر

ڈاکٹر محمد عمران

پاکستان میں اس حوالے سے بھارت کو شدید نقصان پہنچانے اور اس کے میزائل کے گودام اور ہوائی اڈے تباہ کرنے کی اطلاعات دی گئیں۔ دوسری طرف بھارت نے ان حملوں کا اعتراف کرتے ہوئے کچھ نقصان کا اعتراف کیا لیکن تفصیلات بتانے سے گریز کیا گیا۔ ان حملوں کے تھوڑی دیر بعد ہی صدر ٹرمپ کی طرف سے اپنی ثالثی میں جنگ بندی کرانے کا اعلان کر دیا گیا۔ پاکستانی اور بھارتی وزرائے خارجہ نے بھی اس اعلان کی تصدیق کی۔ اطلاعات کے مطابق پاکستانی وقت کے مطابق سہ پہر کے قریب پاکستانی فوج کے ڈی جی ایم او نے اپنے بھارتی ہم منصب سے فون پر بات کی اور شام پانچ بجے سے مکمل جنگ بندی کا فیصلہ کیا گیا۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جنگ بندی کی سب سے پہلے اطلاع دی اور اس کا کریڈٹ بھی لیا۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو رات کے دوران دونوں ملکوں کے لیڈروں سے رابطے میں رہے تھے۔

جنگ بندی کے بعد انہوں نے ایکس پر اپنے پیغام میں بتایا کہ نائب صدر وینس اور میں نے سینئر انڈین اور پاکستانی عہدیداروں کے ساتھ بات چیت کی ہے جن میں وزیراعظم نریندر مودی و شہباز شریف، وزیر خارجہ ایس جے شنکر، چیف آف آرمی سٹاف عاصم منیر اور قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوول اور عاصم ملک شامل ہیں۔ مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ انڈیا اور پاکستان کی حکومتوں نے فوری جنگ بندی پر اتفاق کیا ہے اور ایک غیر جانبدار مقام پر وسیع مسائل پر بات چیت شروع کرنے پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ ہم وزرائے اعظم مودی اور شریف کو امن کا راستہ چننے میں ان کی دانشمندی، سمجھداری اور مدبرانہ انداز اپنانے پر سراہتے ہیں۔

پاکستان نے امریکی کوششوں اور جنگ بندی اور امن کی امید پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ ایکس پر وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ ہم صدر ٹرمپ کی قیادت اور خطے میں امن کے لیے فعال کردار کے لیے شکریہ ادا کرتے ہیں۔ پاکستان اس موقع پر سہولت فراہم کرنے پر امریکہ کو سراہتا ہے۔ ہم نے علاقائی امن اور استحکام کے مفاد میں جنگ بندی قبول کی ہے۔ وزیراعظم نے نائب امریکی صدر جے ڈی وینس اور وزیر خارجہ مارکو روبیو کا بھی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے جنوبی ایشیا میں امن کے لیے گرانقدر خدمات انجام دیں۔ پاکستان کا خیال ہے کہ جنگ بندی مسائل کے حل میں ایک نئے آغاز کی نشاندہی ہے، جس کے بعد امن، خوشحالی اور استحکام کا سفر شروع ہو گا۔ جوہری ہتھیاروں سے لیس دو ملکوں کے درمیان جنگ بندی ایک ہوشمندانہ اقدام ہے۔ اگرچہ پس پردہ ہونے والی بات چیت اور ضمانتوں کے حوالے سے تفصیلات سامنے نہیں آئیں لیکن یہ اعلان اہم ہے کہ دونوں ملک کسی غیر جانبدار مقام پر بات چیت پر راضی ہو گئے ہیں۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان تقریباً ایک دہائی سے مذاکرات کے دروازے بند ہیں۔ یہ واضح ہے کہ کوئی تنازعہ میدان جنگ میں حل نہیں ہو سکتا۔ اس کے لیے دوسرے فریق سے بات ہی واحد طریقہ ہوتا ہے۔ بدقسمتی سے نریندر مودی کی حکومت نے پہلگام سانحہ کے بعد پاکستان کے عزم و استقامت اور عسکری صلاحیت پرکھنے کے بعد ہی جنگ بندی اور مذاکرات پر آمادگی ظاہر کی ہے۔

واہگہ بارڈر پر جشن فتح

پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی کے بعد وزیراعظم شہباز شریف کا یہ پیغام خوش آئند ہے کہ اس موقع کو امن، خوشحالی اور استحکام کا نقطہ آغاز بننا چاہیے۔ جنگ میں کوئی فاتح نہیں ہوتا۔ انسان مارے جاتے ہیں اور معاشروں کے کمزور طبقے تباہی کی قیمت ادا کرتے ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے جنگ بندی کا اعلان کرتے ہوئے یہ پیغام بروقت اور مناسب تھا کہ میں دونوں ممالک کو ذہانت اور تدبر کا مظاہرے کرنے پر مبارکباد دیتا ہوں۔

دونوں ملکوں کے درمیان 22 اپریل کو مقبوضہ کشمیر میں پہلگام کے مقام پر 26 سیاحوں کو ہلاک کرنے کے سانحے کے بعد بھارت کی طرف سے خطے میں جنگ کا ماحول بنایا گیا تھا۔ وزیراعظم نریندر مودی کی سرپرستی میں بھارتی حکومت اور میڈیا نے پاکستان کو پہلگام سانحے کا ملزم قرار دیتے ہوئے انتقام لینے اور حساب برابر کرنے کے دعوے کرنے شروع کر دیے تھے۔ پاکستان نے اس سانحہ میں ملوث ہونے سے انکار کرتے ہوئے پیش کش کی تھی کہ الزام تراشی کی بجائے سانحہ کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرا لی جائیں تا کہ حقائق سامنے آسکیں۔ البتہ بھارتی لیڈروں نے انڈیا میں جو ماحول بنایا، اس میں دلیل یا حجت کی کوئی گنجائش نہیں تھی۔ پاکستان کو یک طرفہ طور سے مورد الزام ٹھہراتے ہوئے یہ تصور کر لیا گیا کہ بھارتی فوج جب چاہے، پاکستان کو سزا دینے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ ہیجان کے اسی ماحول میں 7 مئی کو بھارت نے پاکستان کے متعدد شہروں میزائل حملے کیے۔ ان حملوں میں 31 افراد جاں بحق اور 48 زخمی ہوئے۔ پاکستانی اطلاعات کے مطابق یہ سب عام شہری تھے اور جن جگہوں پر میزائل حملے کیے گئے تھے وہاں کسی قسم کے دہشت گرد کا کوئی نام و نشان نہیں تھا۔ حملوں کے دوران البتہ پاکستانی فضائیہ ہوشیار تھی اور اس کے طیاروں نے پاکستانی اہداف پر میزائل گرانے والے طیاروں کو نشانہ بنایا اور آئی ایس پی آر کے مطابق 5 بھارتی فائٹر جیٹ مار گرائے گئے۔ ان میں تین مشہور اور جدید فرانسیسی ساخت کے رافیل فائٹر بھی شامل تھے۔ ان اطلاعات کی غیر جانبدار ذرائع سے تصدیق بھی ہو گئی تھی البتہ یہ واضح نہیں تھا کہ تباہ ہونے والے بھارتی طیاروں کی اصل تعداد کیا تھی۔ بھارتی عسکری یا سیاسی قیادت نے چونکہ اس بارے میں تردید یا تصدیق کرنے سے گریز کیا جس سے فضا میں پاک فضائیہ کی برتری کی دھاک بیٹھ گئی۔ عام خیال کیا جارہا تھا کہ اس حملے اور پاکستان کی جوابی کارروائی کے بعد طرفین ہوش کے ناخن لیں گے اور کسی قسم کی جنگ بندی پر اتفاق کر لیا جائے گا۔ ایران اور سعودی عرب سمیت متعدد ممالک ثالثی کی کوششیں کرتے رہے۔ امریکی وزیر خارجہ نے بھی دونوں ملکوں کی قیادت سے بات کر کے جنگ کا ماحول ختم کرنے کی اپیل کی تاہم یہ بیل منڈھے نہیں چڑھ سکی۔ 7 مئی کے بعد پاکستانی حکام کا کہنا تھا کہ اس دن بھارتی طیارے پاکستانی فضائیہ کی دفاعی کارروائی میں کام آئے تھے۔

البتہ بھارت نے پاکستان کے شہروں پر جو بلا اشتعال حملہ کیا ہے، اس کا بدلہ لیا جائے گا۔ تا کہ بھارت اور دنیا کو بتایا جائے کہ پاکستان اپنی خودمختاری کی حفاظت کر سکتا ہے۔ اس اصولی اعلان کے باوجود پاکستان کی طرف سے کوئی عسکری کارروائی دیکھنے میں نہیں آئی لیکن دو روز پہلے پاکستان میں مختلف اہداف پر بھارتی ڈرون حملوں کے بعد حالات کشیدہ ہونے لگے تھے۔ اس دوران دونوں طرف سے ایک دوسرے پر ڈرون اور میزائل پھینکنے کے الزام عائد کیے جا رہے تھے تاہم پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے واضح کیا تھا کہ پاکستان 7 مئی کے حملوں کا جواب ضرور دے گا۔ اور جب ایسا ہو گا تو پوری دنیا میں اس کی گونج سنائی دے گی۔ 10 مئی کی رات دو بجے کے قریب آئی ایس پی آر کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے بتایا کہ بھارت نے نور خان ائربیس سمیت تین اڈوں پر حملہ کیا ہے۔ اس کے تھوڑی دیر بعد ہی پاکستان نے میزائلوں اور طیاروں کے ساتھ مقبوضہ کشمیر اور بھارت میں متعدد ٹھکانوں کو نشانہ بنایا۔ پاکستان میں اس حوالے سے بھارت کو شدید نقصان پہنچانے اور اس کے میزائل کے گودام اور ہوائی اڈے تباہ کرنے کی اطلاعات دی گئیں۔ دوسری طرف بھارت نے ان حملوں کا اعتراف کرتے ہوئے کچھ نقصان کا اعتراف کیا لیکن تفصیلات بتانے سے گریز کیا گیا۔ ان حملوں کے تھوڑی دیر بعد ہی صدر ٹرمپ کی طرف سے اپنی ثالثی میں جنگ بندی کرانے کا اعلان کر دیا گیا۔ پاکستانی اور بھارتی وزرائے خارجہ نے بھی اس اعلان کی تصدیق کی۔ اطلاعات کے مطابق پاکستانی وقت کے مطابق سہ پہر کے قریب پاکستانی فوج کے ڈی جی ایم او نے اپنے بھارتی ہم منصب سے فون پر بات کی اور شام پانچ بجے سے مکمل جنگ بندی کا فیصلہ کیا گیا۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جنگ بندی کی سب سے پہلے اطلاع دی



میرے بول

سہیل کوثر

sohailkoser@gmail.com

اور اس کا کریڈٹ بھی لیا۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو رات کے دوران دونوں ملکوں کے لیڈروں سے رابطے میں رہے تھے۔ جنگ بندی کے بعد انہوں نے ایکس پر اپنے پیغام میں بتایا کہ نائب صدر وینس اور میں نے سینئر انڈین اور پاکستانی عہدیداروں کے ساتھ بات چیت کی ہے جن میں وزیراعظم نریندر مودی و شہباز شریف، وزیر خارجہ ایس جے شنکر، چیف آف آرمی سٹاف عاصم منیر اور قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوول اور عاصم ملک شامل ہیں۔ مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ انڈیا اور پاکستان کی حکومتوں نے فوری جنگ بندی پر اتفاق کیا ہے اور ایک غیر جانبدار مقام پر وسیع مسائل پر بات چیت شروع کرنے پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ ہم وزرائے اعظم مودی اور شریف کو امن کا راستہ چننے میں ان کی دانشمندی، سمجھداری اور مدبرانہ انداز اپنانے پر سراہتے ہیں۔

پاکستان نے امریکی کوششوں اور جنگ بندی اور امن کی امید پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ ایکس پر وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ ہم صدر ٹرمپ کی قیادت اور خطے میں امن کے لیے فعال کردار کے لیے شکریہ ادا کرتے ہیں۔ پاکستان اس موقع پر سہولت فراہم کرنے پر امریکہ کو سراہتا ہے۔ ہم نے علاقائی امن اور استحکام کے مفاد میں جنگ بندی قبول کی ہے۔ وزیراعظم نے نائب امریکی صدر جے ڈی وینس اور وزیر خارجہ مارکو روبیو کا بھی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے جنوبی ایشیا میں امن کے لیے گرانقدر خدمات انجام دیں۔ پاکستان کا خیال ہے کہ جنگ بندی مسائل کے حل میں ایک نئے آغاز کی نشاندہی ہے، جس کے بعد امن، خوشحالی اور استحکام کا سفر شروع ہو گا۔ جوہری ہتھیاروں سے لیس دو ملکوں کے درمیان جنگ بندی ایک ہوشمندانہ اقدام ہے۔ اگرچہ پس پردہ ہونے والی بات چیت اور ضمانتوں کے حوالے سے تفصیلات سامنے نہیں آئیں لیکن یہ اعلان اہم ہے کہ دونوں ملک کسی غیر جانبدار مقام پر بات چیت پر راضی ہو گئے ہیں۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان تقریباً ایک دہائی سے مذاکرات کے دروازے بند ہیں۔ یہ واضح ہے کہ کوئی تنازعہ میدان جنگ میں حل نہیں ہو سکتا۔ اس کے لیے دوسرے فریق سے بات ہی واحد طریقہ ہوتا ہے۔ بدقسمتی سے نریندر مودی کی حکومت نے پہلگام سانحہ کے بعد پاکستان کے عزم و استقامت اور عسکری صلاحیت پرکھنے کے بعد ہی جنگ بندی اور مذاکرات پر آمادگی ظاہر کی ہے۔ حالانکہ پہلگام کے بعد یا اس سے بھی پہلے نئی دہلی اور اسلام آباد میں رابطے استوار کر کے اور میز پر بیٹھ کر گلے شکوے کرنے سے معاملات حل کرنے کی طرف اقدام کیا جاسکتا تھا۔

درویش کی آہ نے گودی میڈیا کا منہ کالا کر دیا

تحریر: عدنان خان کاکڑ

کمرے میں گمبھیر خاموشی چھائی تھی۔ ایک پرکشش اور بارعب شخص سب کا مرکز نگاہ تھا۔ کہنے کو تو وہ عمر رسیدہ تھا۔ چہرے کی جھریاں اور سر کی چمک اس کی عمر ستر برس سے اوپر بتا رہے تھے۔ لیکن اس کے چست کسرتی جسم کی حرکات و سکنات کہہ رہی تھیں کہ وہ جوانوں سے زیادہ طاقت رکھتا ہے۔ چہرے پر جلال ایسا تھا کہ نگاہ بھر کر اسے دیکھنا ممکن نہ تھا۔ اس شخص کا نام کیا بتائیں، کہ اس کا نام لینے پر بھی پابندی ہے۔ کوئی مہمل سا نمبر اس پر چسپاں کر کے اس کا ذکر کرنا اس کی شان کے خلاف ہے۔ کسی تنظیم کا بانی ہونا اس کا طرہ امتیاز نہیں۔ کوئی عالمی مقابلہ جیتنے والی ٹیم کی قیادت کرنا اس کا سب سے بڑا کارنامہ نہیں۔ اس کی تو زندگی ہی ایسے کارہائے نمایاں سے بھری پڑی ہے کہ محض کسی ایک کام کی نسبت سے اس کا نام بلند نہیں ہوتا۔ چاہیں تو اسے عارف کہہ لیں، ولی بتائیں، درویش کا نام دیں یا مرشد کہہ کر پکار لیں۔

حلقے میں اس کے مصاحبین میں کالا کوٹ پہنے چند افراد نمایاں تھے۔ ان کے چہروں پر غم اور تفکر کی تاریک پرچھائیاں لرز رہی تھیں۔ ایک شخص گلوگیر آواز میں گویا ہوا مرشد، ضمانت خارج ہو گئی۔ جس شخص کے قدموں پر اربوں پونڈ پڑے تھے جو اس نے ٹھکرا دیے، وقت جس کا غلام تھا، اس پر چند ساعتیں چرانے کا الزام لگاتے ہوئے انہیں شرم بھی نہیں آئی۔

عارف نے نگاہ اس کے چہرے پر جمائی اور گویا ہوا خدا کے برگزیدہ بندوں پر اس سے بڑی بڑی آزمائشیں گزری ہیں۔ کسی کا مال و دولت چھین کر امتحان لیا گیا، کسی کی اولاد سے اسے آزمایا گیا، کسی کے جسم میں میخیں ٹھونکی گئیں، کسی کے جسم میں کیڑے پڑ گئے اور کسی کا جسم آرے سے چیر دیا گیا۔ انہوں نے صبر سے کام لیا۔ خدا کا ہر حال میں صبر شکر ادا کرنا چاہیے۔ یہ کوئی بری خبر نہیں جس پر تم ملال کرو۔

ایک دوسرا شخص روہانسا ہو کر بولا مرشد، وہ بری خبر یہ نہیں تھی جس نے پوری قوم کو افسردہ کر دیا۔ آپ کے اپنے محافظ آپ کے دشمن ہو گئے، آپ کے نیچے سے تخت کھینچا، آپ کو قید میں ڈالا، آپ کو ناکردہ جرائم پر سزا سنا دی گئی، آپ سے گنتی میں ہیر پھیر کیا گیا، یہ سب آپ کے چاہنے والوں نے ایسے برداشت کیا جیسے یہ سب مرشد پر نہیں کسی مقصد پر بیتا ہو۔ لیکن اب پانی سر سے اونچا ہو گیا ہے۔ اپنے تو آپ کے خلاف تھے ہی، اب پرائے بھی مردار خور گدھ بن کر جھپٹ پڑے ہیں۔ سدا کا دروغ گو گودی میڈیا کل سے آپ کو بدنام کر رہا ہے کہ کسی میجر نے اڈیالہ کے اس محفوظ بندی خانے میں آپ کا یوان شوشن کر دیا ہے۔ یہ سننے سے پہلے ہمارے کان کیوں نہیں پھٹ گئے مرشد۔

مرشد نے چہرہ جھکا لیا۔ پھر کچھ دیر اسی حالت استغراق میں رہے۔ پھر کہنے لگے کیا کہا؟ کیا کر دیا ہے؟

یوان شوشن مرشد، یوان شوشن۔

کیا مطلب؟ کیا یہ کچھ نیا ہوا ہے؟ صاف صاف بتاؤ۔

مرشد، گودی میڈیا آروپ لگا رہا ہے کہ آپ کا اپہارن ہوا ہے، النگھن کر دیا گیا ہے، آپ کے ساتھ شیلا بھنگ کیا گیا ہے، آپ کو ہاتھ سنھوگ کا نشانہ بنایا گیا ہے۔ گودی میڈیا کا جو چینل بھی کھولیں، نیا چٹخارہ اس کی زبان پر چڑھا ہے، ایسے ایسے شبد بک رہا ہے جو پہلے کبھی کسی ہندی، حتیٰ کہ انگریزی فلم میں بھی ہم نے نہ دیکھے نہ سنے۔

یہ کیا بہکی بہکی باتیں کر رہے ہو۔ صاف صاف بتاؤ کہ گودی میڈیا ہمارے بارے میں کیا بات کر رہا ہے؟

مرشد وہ کہتے ہیں کہ جیل میں آپ کا بلاتکار ہوا ہے۔ سارا گودی میڈیا اور اس کا پالتو سوشل میڈیا کیچڑ اچھال رہا ہے۔ آپ حکم کریں، ہمارے خاموش کی بورڈ وارئیران سب کو مزا چکھا دیں گے۔ وہ پروپیگنڈے میں سیر ہیں تو ہم سوا سیر۔ وہ پر کا کوا بناتے ہیں تو آپ کے جانثار اس کا شتر مرغ بنا دیتے ہیں۔ وہ رائی کا پہاڑ بناتے ہیں تو آپ کے سرفروش بوند کا سمندر بنا دیتے ہیں۔ آپ حکم کریں، ہم بدلا لینے کو تیار ہیں۔ مرشد نے پھر سر جھکا لیا۔ کچھ دیر سوچتے رہے۔ سورج کی دید کو ترسے ہوئے چہرے کا رنگ زرد سے شہابی ہوا، شہابی سے سرخ، سرخ سے جامنی۔ مرشد نے کال کوٹھڑی کے واحد روشندان کی طرف دیکھا جس میں سے آسمان جھلک رہا تھا اور ایک سرد آہ بھری۔ یکا یک چہرہ ایسا ہو گیا جیسے مشتعل جذبات پر یکلخت ٹھنڈا پانی پڑ گیا ہو۔

قوت
SPORTS
PAKISTAN



آئی پی ایل میچ کی منسوخی، چیئرلیڈر نے بھی سیکیورٹی پر سوال اٹھادیا

تقریباً 23,000 تماشائیوں والا اسٹیڈیم 80 فیصد بھرا ہوا تھا، جہاں سے سب کو باہر نکالا گیا



ممبئی (آئی این پی) انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) میں گزشتہ روز پنجاب کنگز اور دہلی کیپٹلز کے درمیان میچ کے دوران غیر معمولی واقعہ پیش آیا، جب اعلیٰ حکام نے میچ رکوادیا۔ آئی پی ایل چیئرمین ارون دھومل نے میچ منسوخ کرنے کا اعلان کیا تو گراؤنڈ میں بیٹھے کھلاڑیوں، شائقین کرکٹ اور چیئرلیڈرز بھی پریشان ہوگئے۔ اس دوران پنجاب کنگز نے 10.1 اوورز میں 122 رنز بنالیے تھے کہ اچانک اسٹیڈیم کی لائٹس بند ہوگئیں، ابتدائی طور پر اسے فنی خرابی قرار دیا گیا لیکن بعد میں میچ منسوخ کردیا گیا۔ تقریبا 23,000 تماشائیوں والا اسٹیڈیم 80 فیصد بھرا ہوا تھا، جہاں سے سب کو باہر نکالا گیا۔ اس موقع پر پنجاب کنگز کی چیئرلیڈر نے ایک ویڈیو شیئر کی جس میں انہیں شدید خوف میں مبتلا دیکھا جاسکتا ہے

راولپنڈی اسٹیڈیم پر بھارتی حملہ غیر ذمہ دارانہ اقدام تھا، محسن نقوی

غیر ملکی اور مقامی کھلاڑیوں کی حفاظت پاکستان کرکٹ بورڈ کی اولین ترجیح ہے، چیئرمین پی سی بی

لاہور (آئی این پی) پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی نے کہا ہے کہ راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم پر بھارتی حملہ انتہائی غیر ذمہ دارانہ اور خطرناک اقدام تھا، بھارت کے اس اقدام کا مقصد پی ایس ایل 10 کو سبوتاژ کرنا تھا۔ پاکستان سپر لیگ کے بقیہ آٹھ میچز کی متحدہ عرب امارات منتقلی پر چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے بیان دیا کہ غیر ملکی اور مقامی کھلاڑیوں کی حفاظت پاکستان کرکٹ بورڈ کی اولین ترجیح ہے۔ پی سی بی کھیل اور سیاست کو ہمیشہ الگ رکھنے کے موقف پر قائم ہے، بھارت کی جانب سے مزید جارحیت سے بچانے کے لیے میچز یو اے ای منتقل کیے گئے، کھلاڑیوں کی ذہنی صحت اور تحفظ کا خیال رکھنا کرکٹ بورڈ کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی سی بی نے ہر مشکل گھڑی میں کرکٹ کی بقا کو یقینی بنایا

فیصل قریشی بھارتی فنکاروں پر برہم، پاکستانی شہریوں کو بھی مشورہ دیدیا

مقبوضہ کشمیر کے سیاحتی مقام پہلگام میں جو کچھ ہوا وہ ابھی تک ثابت نہیں ہوا اور نہ ہوگا، فیصل قریشی



کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکار فیصل قریشی نے بھارتی فنکاروں کی جانب سے آپریشن سندور کو کامیاب بنا کر پیش کرنے پر آڑے ہاتھوں لے لیا۔ سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو شیئر کرتے ہوئے فیصل قریشی نے بھارتی فنکاروں سے مخاطب ہوکر کہا کہ بھارتی فنکاروں کی کیا بات ہے، اپنے ملک کی کامیابی پر آپ سب نے ایک جیسی ٹوئٹس کی ہیں، بہت زبردست حملہ کیا ہے، دہشتگردی ختم کرنے میں بھارت نے بڑا کمال دکھایا ہے، بات سمجھ آتی ہے ان پر پریشر ہے، اس لیے جو بھی انہیں کہا جاتا ہے وہ بیچارے چھاپ دیتے ہیں، چھاپنے سے پہلے اپنے اندر ذرا سا تو کردار رکھو، ایک بچہ شہید ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کے سیاحتی مقام پہلگام میں جو کچھ ہوا وہ ابھی تک ثابت نہیں ہوا اور نہ ہوگا، وہ پوری دنیا نے دیکھا ہے، کون سی کامیابی ملی ہے؟ تم لوگوں کے جہاز گرے ہیں، ایک بچے کو شہید کیا ہے اور لوگ بھی شہید ہوئے ہیں لیکن بچے کا بہت دکھ ہے، ہم مسلمانوں کیلئے شہادت ایک اعلیٰ مقام ہے، ایک بیگناہ بچہ مارا گیا ہے اور تم لوگ خوشیاں منارہے ہو،

ماہرہ خان کا بھارت کے بزدلانہ حملے پر کرارا جواب

تمہاری سب سے طاقتور آوازیں خوف سے خاموش ہیں، ماہرہ خان

کراچی (این این آئی) پاکستانی سپر اسٹار ماہرہ خان نے بھارت کے رات کی تاریکی میں کیے گئے بزدلانہ حملے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے بھارت کو کھری کھری سنادی۔ سوشل میڈیا پر شیئر کی گئی پوسٹ میں ماہرہ خان نے لکھا کہ میں شکرگزار ہوں کہ ایک ایسے ملک میں رہتی ہوں جہاں مجھے یہ نہیں بتایا جاتا کہ مجھے کیا کہنا ہے، میرے پاس آواز ہے اور میں اس کا استعمال کرسکتی ہوں۔ ماہرہ خان نے لکھا کہ جب ہماری سرزمین پر ناانصافی ہوتی ہے تو ہم آواز اٹھاتے ہیں، ہم تشدد کی مذمت کرتے ہیں، حتیٰ کہ ہمارے ملک پر بغیر کسی ثبوت کے الزام لگایا جاتا ہے، بھارت کی جانب سے کئی سالوں سے جاری جنگ اور نفرت انگیز بیان بازی کو ہم سب نے اپنی آنکھوں سے دیکھا اور تجربہ کیا، تمہارا میڈیا نفرت کو ہوا دے رہا ہے

35ویں نیشنل گیمز 6 سے 13 دسمبر 2025 تک کراچی میں کرانے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے 35 ویں نیشنل گیمز 6 سے 13 دسمبر 2025 تک کراچی میں کرانے کا فیصلہ کیا ہے اس ضمن میں وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ سے پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے وفد نے ملاقات کی۔ وفد کی سربراہی پی او اے کے صدر عارف سعید نے کی جبکہ وزیر اعلیٰ سندھ کے پرنسپل سیکریٹری آغا واصف اور سیکریٹری اسپورٹس عبدالعلیم لاشاری بھی موجود تھے۔ ملاقات میں 35 ویں نیشنل گیمز 2025 کے شیڈول اور اس کی منصوبہ بندی پر گفتگو کی گئی، سیکریٹری اسپورٹس سندھ عبدالعلیم لاشاری نے جاری تیاریوں اور لاجسٹک منصوبوں پر بریفنگ دی۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے کراچی میں نیشنل گیمز کے انعقاد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے وفد کو گیمز کی کامیابی کیلئے اپنی مکمل حمایت کا یقین دلایا

سیکنڈ سیڈ آیگا نٹالی سوئیٹیک اٹالین اوپن ٹینس ویمنز سنگلز تیسرے راؤنڈ میں داخل

روم (این این آئی) پولینڈ کی نامور ٹینس سٹار، ایونٹ کی سیکنڈ سیڈ اور پانچ گرینڈ سلام ٹائٹلز کی فاتح آیگا نٹالی سوئیٹیک ڈبلیو ٹی اے اٹالین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں خواتین کے سنگلز مقابلوں کا فاتحانہ آغاز کرتے ہوئے تیسرے راؤنڈ میں پہنچ گئی۔ 23 سالہ پولینڈ کی ٹینس سٹار آیگا نٹالی سوئیٹیک نے ویمنز سنگلز مقابلوں کے دوسرے راؤنڈ میں وائلڈ کارڈ پر انٹری حاصل کرنے والی میزبان حریف ٹینس کھلاڑی ایلیسیا کوکیریٹو کو شکست دی۔ اٹالین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں شائقین ٹینس کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو ملیں گے۔

مارنس لبوشین مسلسل پانچویں کاؤنٹی سیزن میں گلیمورگن کاؤنٹی کی نمائندگی کریں گے

کینبرا (این این آئی) آسٹریلیا کی مردوں کی کرکٹ ٹیم کے مایہ ناز بلے باز مارنس لبوشین مسلسل پانچویں کاؤنٹی سیزن میں گلیمورگن کاؤنٹی کی نمائندگی کریں گے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق گلیمورگن کاؤنٹی نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ مارنس لبوشین مسلسل پانچویں سیزن میں گلیمورگن کاؤنٹی کی نمائندگی کریں گے۔ آسٹریلوی بلے باز صرف دو چیمپئن شپ میچز کے لئے گلیمورگن کاؤنٹی کو دستیاب ہوں گے، جو رواں سال جون میں جنوبی افریقہ کے خلاف ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ (ڈبلیو ٹی سی) فائنل سے قبل تیاری کے لئے اہم ہوگا۔

انسانیت سے متعلق ٹوئٹ؛ بھارتیوں نے اپنے ہی کرکٹر کو غدار قرار دیدیا

بھارتی کرکٹر کے ٹوئٹ پر انہیں سوشل میڈیا سائٹ پر شدید تنقید کا نشانہ بنایا جارہا ہے

نئی دہلی (این این آئی) پاک بھارت کشیدگی کے دوران سابق کرکٹر امباتی رائیڈو کی جانب سے انسانیت سے متعلق کیے گئے ٹوئٹ پر بھارتیوں نے اپنے ہی کرکٹر کو غدار قرار دیدیا۔ گزشتہ روز سماجی رابطے کی سائٹ ایکس (ٹوئٹر) پر سابق بھارتی کرکٹر امباتی رائیڈو نے ٹوئٹ کرتے ہوئے لکھا کہ آنکھ کے بدلے آنکھ دنیا کو اندھا بنا دیتی ہے۔ بھارتی کرکٹر کے ٹوئٹ پر انہیں سوشل میڈیا سائٹ پر شدید تنقید کا نشانہ بنایا جارہا ہے جبکہ کچھ صارفین نے انہیں غدار تک قرار دیا۔ بھارت نے رات گئے پاکستان کے خوف میں پنجاب کنگز اور دہلی کیپٹلز کے درمیان میچ منسوخ کردیا تھا جس کے فوراً بعد کرکٹر کی جانب سے یہ ٹوئٹ کیا گیا۔ واضح رہے کہ پہلگام واقعے کے بعد بھارتی جارحیت پر پاکستان نے منہ توڑ جواب دیا تھا جس کے باعث فوجی چوکیوں سمیت رافیل طیارے تباہ ہوگئے، جس سے ہندوستانی حکمرانوں کو دنیا بھر میں ہزیمت کا سامنا کرنا پڑا ادھر پاک بھارت کشیدگی کے باعث آئی پی ایل کا مستقبل بھی تاریک ہوگیا ہے جبکہ کئی غیر ملکی کرکٹرز سیکیورٹی مسائل کے سبب لیگ ادھوری چھوڑ کر جانے کی تیاری کررہے ہیں۔ خیال رہے کہ بھارت کی جانب سے پاکستانی شہریوں کو نشانہ بنایا گیا

کوئٹہ میں (آج) باکسنگ کا انٹرنیشنل ایونٹ منعقد کیا جائیگا

ایونٹ میں ڈبلیو بی اے کے 3 ٹائٹل فائٹ سمیت 8 مقابلے ہوں گے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی حکومت اور ورلڈ باکسنگ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام (آج) ہفتہ کوئٹہ میں باکسنگ کا انٹرنیشنل ایونٹ منعقد کیا جائیگا، ایونٹ میں شرکت کے لیے انٹرنیشنل باکسرز کوئٹہ پہنچ گئے ہیں، ایونٹ میں ڈبلیو بی اے کے 3 ٹائٹل فائٹ سمیت 8 مقابلے ہوں گے۔ ایونٹ میں شرکت کے لیے کوئٹہ پہنچنے والے انٹرنیشنل باکسرز نے کوئٹہ میں پریس کانفرنس کی اور بہترین مہمان نوازی اور اچھا ماحول فراہم کرنے پر پاکستان اور بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایک خوبصورت ملک ہے، کوئٹہ آ کر انہیں اچھا محسوس ہوا اور عزت ملی۔ انٹرنیشنل باکسرز نے کہا کہ پاکستان آکر وہ پرجوش ہیں، باکسنگ کے دلچسپ مقابلے ہوں گے، ہمارا فوکس اپنی فائٹ پر ہوگا، کوشش ہوگی کہ اپنی فائٹ جیت جائیں۔ پریس کانفرنس کے موقع پر شہریوں نے باکسنگ کے انٹرنیشنل فائٹرز کو اپنے درمیان میں پاکر خوشی کا اظہار کیا اور باکسرز کے ساتھ سلفیاں بھی لیں۔ 10 مئی کو ہونے والے انٹرنیشنل باکسنگ کے ایونٹ میں ڈبلیو بی اے کے 3 ٹائٹل فائٹ سمیت 8 مقابلے ہوں گے جس میں پاکستان، فلپائن، میکسیکو، وینزویلا، یوکے اور مراکو سمیت مختلف ممالک کے مجموعی طور پر 16 باکسرز اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھائیں گے۔ بلوچستان کی حکومت اور ورلڈ باکسنگ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام (آج) ہفتہ کوئٹہ میں باکسنگ کا انٹرنیشنل ایونٹ منعقد کیا جائیگا، ایونٹ میں شرکت کے لیے انٹرنیشنل باکسرز کوئٹہ پہنچ گئے

بڑھتی ہوئی سرحدی کشیدگی کی وجہ سے انڈین پریمیئر لیگ کو غیر معینہ مدت کے لیے معطل کردیا گیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کی جانب سے بڑھتی ہوئی سرحدی کشیدگی کی وجہ سے انڈین پریمیئر لیگ کو غیر معینہ مدت کے لیے معطل کردیا گیا، بھارتی میڈیا نے جمعہ کو رپورٹ کیا۔ جموں کے قصبے سے 200 کلومیٹر (125 میل) سے بھی کم فاصلے پر دھرم شالہ میں جمعرات کو ہونے والے میچ کو ترک کرنے کے بعد کرکٹ حکام نے ٹی ٹونٹی ٹورنامنٹ کو روکنے کا فیصلہ کیا، جہاں کئی گھنٹے قبل دھماکے کی اطلاع ملی تھی۔ 10 ٹیموں پر مشتمل آئی پی ایل، جس میں دنیا بھر سے کرکٹ کے غیر ملکی کھلاڑی شامل ہیں اور اس کھیل کا سب سے امیر مقابلہ ہے، 22 مارچ کو شروع ہوا۔ لکھنؤ سپر جائنٹس کو جمعہ کو رائل چیلنجرز بنگلور کی میزبانی کرنا تھی

انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ میں آج مزید 5 میچ کھیلے جائیں گے

لندن (این این آئی) انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ میں (آج) ہفتہ کو مزید 5 میچوں کا فیصلہ ہوگا، پہلا میچ فلہم اور ایورٹن کی ٹیموں کے درمیان کریون کاٹیج، لندن کے مقام پر کھیلا جائے گا، دوسرا میچ اپسوچ ٹاؤن اور برینٹ فورڈ کی ٹیموں کے درمیان پورٹ مین روڈ، اپسوچ کے مقام پر کھیلا جائے گا، تیسرے میچ میں ساؤتھمپٹن اور دفاعی چیمپئن مانچسٹر سٹی کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی اور یہ میچ سینٹ میری سٹیڈیم، ساؤتھمپٹن میں کھیلا جائے گا۔ چوتھا میچ وولور ہیمپٹن اور برائٹن اینڈ ہوو البیون کی ٹیموں کے درمیان مولینکس سٹیڈیم، وولور ہیمپٹن میں کھیلا جائیگا

پاک بھارت کشیدگی، آسٹریلوی کرکٹرز نے واپسی کیلئے فلائٹس کی تلاش شروع کردی

ممبئی (آئی این پی) پاک بھارت کشیدہ صورتحال کے سبب آئی پی ایل کھیلنے والے آسٹریلوی کرکٹرز نے بھارت سے وطن واپسی کے لیے فلائٹس کی تلاش شروع کر دی۔ آسٹریلین میڈیا کے مطابق آسٹریلوی کرکٹرز ایک دو روز میں دبئی یا اپنے وطن واپس جانے کے خواہش مند ہیں، جبکہ آسٹریلوی کرکٹرز ہفتے کو اپنے وطن واپس روانہ ہوسکتے ہیں۔ آسٹریلوی میڈیا کے مطابق دھرم شالہ میں میچ ختم کرنے کے بعد آسٹریلوی کرکٹرز پریشانی میں مبتلا ہیں، آئی پی ایل میں 15 آسٹریلوی کھلاڑی شریک ہیں جن میں پیٹ کمنز بھی شامل ہیں۔

تمام بھارتی فنکاروں کو ان فالو اور بلاک کردیا جائے، اداکارہ دانیہ انور



کراچی (شوبز رپورٹر) پاکستان شوبز انڈسٹری کی ابھرتی ہوئی اداکارہ دانیہ انور بھی معصوم پاکستانیوں کے جانی نقصان پر خوش ہونے والے بھارتی اداکاروں پر برس پڑیں۔ دانیہ انور نے اپنی انسٹا اسٹوری پر لکھا کہ ہمیں تمام بھارتی فنکاروں کو ان فالو اور بلاک کر دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ آرٹ کے نام پر ان تمام بھارتی فنکاروں کی حمایت کرنا بند کریں جو سوشل میڈیا پر پاکستان کے خلاف بھارت کے بزدلانہ اقدام کی حمایت کررہے ہیں۔

اپنا اسٹنٹ ہمیشہ خود کیا، آئندہ بھی ایسا ہی کروں گا، جیکی چن

جیکی چن اپنی آئندہ آنیوالی فلم کی چھٹی قسط میں مسٹر ہان کا کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہیں

ہانگ کانگ (این این آئی) ہانگ کانگ سے تعلق رکھنے والی معروف اداکار جیکی چن کا کہنا ہے کہ وہ اپنا اسٹنٹ ہمیشہ خود کیا، ریٹائرمنٹ کے دن تک ایسا خود ہی کریں گے، تاہم انکا یہ بھی کہنا تھا کہ وہ کبھی ریٹائر نہیں ہوں گے۔ 71 سالہ سینئر اداکار نے اپنی فلم کی عالمی پروموشن کے دوران ایک انٹرویو میں کہا کہ میں نے ہمیشہ اپنا اسٹنٹ خود کیا اور آئندہ بھی خود ہی کروں گا اور سچی بات تو یہ ہے کہ جب ایک چیز آپ 64 برس تک کریں تو مزید جسمانی تیاری کی کوئی ضرورت نہیں، سب کچھ آپ کے دل اور روح میں ہوتی ہے۔

پیسہ انسان کی عزت نفس اور وطن کی عزت سے بڑھ کر نہیں ہوتا، شان شاہد



لاہور (این این آئی) اداکار شان شاہد نے کہا ہے کہ پیسہ انسان کی عزت نفس اور وطن کی عزت سے بڑھ کر نہیں ہوتا۔ ایکس پر شان نے پاکستان اور بھارت کے درمیان جاری حالیہ کشیدگی پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے لکھا کہ میں نے بھارت میں کبھی کام نہیں کیا اور ہمیشہ لوگوں کی توجہ پاکستان کیلئے بھارت میں موجود نفرت کی جانب دلوائی۔ انہوں نے لکھا کہ میں ہمارے فنکاروں کے وہاں جا کر کام کرنے اور ان کے فنکاروں کے یہاں آکر کام کرنے کی ہمیشہ مخالفت کی۔

جنگ کو گلیمرائز کرنا بند کریں، زارا نور عباس بھارتی میڈیا پر برس پڑیں

جنگ کوئی مذاق نہیں، صرف وہی لوگ اس کا اصل درد سمجھتے ہیں جو کسی قریبی شخص کو کھو چکے ہوں

کراچی (این این آئی) معروف پاکستانی اداکارہ زارا نور عباس نے حالیہ کشیدہ حالات کے تناظر میں بھارتی سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے جنگ کے حق میں تبصرے اور خوشی منانے کے رویے پر سخت ردعمل دیا ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری کیے گئے ایک ویڈیو بیان میں انہوں نے کہا کہ جنگ کوئی مذاق نہیں، صرف وہی لوگ اس کا اصل درد سمجھتے ہیں جو کسی قریبی شخص کو کھو چکے ہوں۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ آپ خوش ہورہے ہیں کہ ہم نے جنگ شروع کردی مگر جنگ میں جن کی جانیں جاتی ہیں ان کی مائیں ان کی بیویوں اور بچوں کو اس کا نقصان اٹھانا پڑتا ہے تکلیف ان ہی کو ہوتی ہے جن کے پیارے دنیا سے چلے جاتے ہیں۔ زارا نے اپنی پوسٹ میں بھارتی میڈیا کی جانب سے لاہور اور کراچی پر مبینہ حملوں کی جھوٹی خبروں کو بھی بے نقاب کیا۔

طلاق کے بعد میں اب پہلے سے زیادہ مضبوط ہوں، جینیفر لوپیز

بین ایفلیک اور جینیفر لوپیز کا رشتہ ہالی ووڈ کی سب سے مشہور کہانیوں میں شمار ہوتا ہے

نیو یارک (این این آئی) معروف گلوکارہ و اداکارہ جینیفر لوپیز نے کہا ہے کہ طلاق کے بعد پہلے سے زیادہ مضبوط ہوں۔ ایک انٹرویو میں جینیفر نے انکشاف کیا کہ میں نے اپنے 17 سالہ جڑواں بچوں میکس اور ایمی سے ایک عہد کیا تھا کہ یہ مشکل وقت ہے، لیکن تم دیکھو گے کہ میں اس سے زیادہ بہتر اور مضبوط بن کر نکلوں گی۔ انہوں نے کہا کہ میں نے یہ وعدہ پورا کیا اور اب وہ خود بھی یہ محسوس کرتے ہیں، یہ میرے دل کو سکون دیتا ہے۔ طلاق کے بعد جینیفر لوپیز نے نا صرف اپنی زندگی کو سنبھالا بلکہ ایک بار پھر سٹیج پر واپسی کی تیاری کرلی وہ 2025 میں اپنا نیا میوزیکل ٹور اپ آل نائٹ Up All Night شروع کرنے جا رہی ہیں۔ بین ایفلیک اور جینیفر لوپیز کا رشتہ ہالی ووڈ کی سب سے مشہور کہانیوں میں شمار ہوتا ہے۔

ایمن خان نے پاکستان کیخلاف بولنے والے بھارتی سٹارز کی فہرست شیئر کردی

اسلام آباد (شوبز رپورٹر) اداکارہ و ماڈل ایمن خان نے پاکستان کے خلاف زہر اگلنے والے بھارتی فنکاروں کی فہرست شیئر کی ہے۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان چل رہی کشیدگی کے دوران پاکستان کے نامور ستارے صرف امن کی بات کر رہے ہیں جبکہ بھارتی فنکار مودی حکومت سمیت بھارتی تشدد پسند جماعت آر ایس ایس کی گڈ بک میں آنے کیلئے پاکستان مخالف زہر آلود بیانات دے رہے ہیں

حبا بخاری نے اپنے جعلی ایکس اکاؤنٹ کی وضاحت پیش کردی

ایکس پر موجود نہیں، میرے نام سے چلنے والا اکاؤنٹ جعلی ہے، اداکارہ

لاہور (این این آئی) اداکارہ حبا بخاری نے جعلی ایکس اکاؤنٹ کی جانب سے ان سے منسوب کیے گئے متنازع بیان پر ردعمل دیتے ہوئے وضاحت پیش کی ہے کہ ان کا کوئی آفیشل ٹوئٹر اکاؤنٹ نہیں ہے۔ گزشتہ دنوں سوشل میڈیا پر ایک اکاؤنٹ نے سابق وزیراعظم عمران خان سے متعلق ایک بیان حبا بخاری کے نام سے شیئر کیا تھا جس پر صارفین کی جانب سے مختلف ردعمل سامنے آیا۔ حبا بخاری نے مداحوں کو آگاہ کیا کہ وہ ایکس (ٹوئٹر) پر موجود نہیں ہیں

پاک بھارت کشیدگی، عمران عباس کا وطن کے ہیروز کو خراج تحسین



اسلام آباد (این این آئی) پاک بھارت کشیدگی کے دوران اداکار عمران عباس نے وطن عزیز کے ہیروز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے 'اے وطن کے سجیلے جوانوں' نغمہ ریلیز کردیا۔ عمران عباس نے سوشل میڈیا پر ترانہ گایا اور اپنے جذبات قوم کے ساتھ بانٹتے ہوئے لکھا کہ یہ میرے ان بھائیوں کیلئے ہے جو وطن عزیز کی حفاظت میں سینہ سپر ہیں

NATIONAL/INTERNATIONAL

نیشنل/انٹر نیشنل

غزہ: عالمی ریڈکراس اور ریڈکریسنٹ کے دن پر، فلسطینی ریڈکریسنٹ نے رام اللہ میں طبی ٹیموں اور انسانی ہمدرد کارکنوں کے تحفظ کے لیے ایک مظاہرہ کررہے ہیں

غزہ میں پانچ لاکھ افراد فاقہ کشی سے موت کے دہانے پر ہیں، انسانی حقوق گروپ کی وارننگ

مکمل قحط اب سب سے ممکنہ منظرنامہ بن چکا ہے، اگر حالات نہ بدلے تو بڑے پیمانے پر انسانی جانیں ضائع ہوسکتی ہیں، رپورٹ

رام اللہ (این این آئی) انسانی حقوق کے ایک بین الاقوامی ادارے نے خبردار کیا ہے کہ پورا غزہ اس وقت شدید قحط کے خطرے سے دوچار ہے، جہاں پانچ لاکھ فلسطینیوں کی زندگیاں بھوک کی وجہ سے خطرے میں ہیں۔ عرب ٹی وی کے مطابق رپورٹ میں اسے گذشتہ اکتوبر کے بعد ایک "بڑا زوال قرار دیا گیا ہے۔ بین الاقوامی سطح پر بھوک کے بحرانوں کی شدت جانچنے والے مستند ادارے "آئی پی سی کے تازہ تجزیے میں یکم اپریل سے 10 مئی تک کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا اور ستمبر کے اختتام تک کے خدشات کا اندازہ لگایا گیا۔ ادارے کا کہنا تھا کہ مکمل قحط اب سب سے ممکنہ منظرنامہ بن چکا ہے۔ اگر حالات نہ بدلے تو بڑے پیمانے پر انسانی جانیں ضائع ہوسکتی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق تقریبا پانچ لاکھ فلسطینی انتہائی سنگین بھوک کا شکار ہیں، جس کا مطلب ہے کہ وہ موت کے دہانے پر ہیں، جبکہ دس لاکھ افراد قحط کی ہنگامی سطح پر زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ تجزیے کے مطابق 19 لاکھ 50 ہزار افراد یعنی غزہ کی 93 فیصد آبادی شدید غذائی عدم تحفظ کا شکار ہے، جن میں سے دو لاکھ 44 ہزار افراد کی حالت سب سے زیادہ سنگین یعنی "تباہ کن قرار دی گئی ہے۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ ایک لاکھ 33 ہزار افراد "تباہ کن صورتحال کی درجہ بندی میں شامل کیے گئے ہیں۔ آئی پی سی کا کہنا ہے کہ ستمبر کے آخر تک چار لاکھ 70 ہزار افراد یعنی غزہ کی کل 22 فیصد آبادی مکمل قحط کی گرفت میں آجائیں گے جب کہ ایک ملین سے زائد افراد "فوری امداد کے محتاج ہوں گے۔ ادارے نے خبردار کیا ہے کہ انسانی جانیں بچانے اور مزید قحط، اموات اور تباہی سے بچنے کے لیے فوری اقدامات ناگزیر ہیں۔ رپورٹ کے ساتھ جاری کیے گئے مختصر تجزیے میں کہا گیا ہے کہ قابض اسرائیل کی جانب سے پانچ مئی کو امداد پہنچانے کا جو منصوبہ پیش کیا گیا، وہ غزہ کے عوام کی بنیادی ضروریات پوری کرنے کے لیے "انتہائی ناکافی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ تجویز کردہ تقسیم کے طریقے عوام کی بڑی اکثریت تک امداد پہنچانے میں رکاوٹ بنیں گے۔ مکمل قحط اب سب سے ممکنہ منظرنامہ بن چکا ہے، اگر حالات نہ بدلے تو بڑے پیمانے پر انسانی جانیں ضائع ہوسکتی ہیں، رپورٹ۔ ستمبر کے آخر تک چار لاکھ 70 ہزار افراد یعنی غزہ کی کل 22 فیصد آبادی مکمل قحط کی گرفت میں آجائیں گے جب کہ ایک ملین سے زائد افراد "فوری امداد کے محتاج ہوں گے



غزہ: جنین مہاجر کیمپ میں ال Asir- مسجد کے قریب شہریوں کے گھروں اور املاک کو آگ لگادی گئی

طویل ہوتا تو بھارت کو پاکستان سے کہیں زیادہ نقصان ہوتا، ماہرین

بھارت اور پاکستان امن معاہدے پر متفق ہوجائیں تو خطے کی معیشت میں زبردست ترقی کا امکان ہے، رپورٹ

نئی دہلی (این این آئی) ممتاز بین الاقوامی میڈیا اداروں جیسے "بلوم برگ"، امریکی مالیاتی انٹیلی جنس ایجنسیوں، بھارتی معیشت دانوں، سابق سکیورٹی اہلکاروں اور عالمی خطرات کا تجزیہ کرنے والی مشاورتی کمپنیوں کے ماہرین نے حالیہ پاک بھارت مختصر مگر اہم جنگ کے دوران واضح کیا کہ اگر یہ تنازع طویل ہوتا تو بھارت کو پاکستان کے مقابلے میں کہیں زیادہ معاشی نقصان برداشت کرنا پڑتا۔ بلوم برگ نے نشاندہی کی کہ اگر بھارت اور پاکستان امن معاہدے پر متفق ہوجائیں تو خطے کی معیشت میں زبردست ترقی کا امکان ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق جنگ کے ابتدائی 48 گھنٹوں میں بھارتی سرمایہ کاروں کو اسٹاک مارکیٹس کی گراوٹ کے باعث 83 ارب ڈالر (تقریبا 23.5 کھرب پاکستانی روپے) کا نقصان اٹھانا پڑا، جو کہ ایک 4.19 کھرب ڈالر کی معیشت کے لیے بڑا دھچکا تھا۔ جس کی سالانہ برآمدات 821 ارب ڈالر اور غیر ملکی سرمایہ کاری کا ذخیرہ 514 ارب ڈالر ہے۔

چینی وزیر خارجہ کی چین-سی ای ایل اے سی فورم کے چوتھے وزارتی اجلاس میں شریک وزرائے خارجہ سے ملاقاتیں

بیجنگ (این این آئی) سی پی سی کی مرکزی کمیٹی کے سیاسی بیورو کے رکن اور وزیر خارجہ وانگ ای نے بیجنگ میں چین- لاطینی امریکہ اور کیریبین ممالک کی کمیونٹی کے فورم کے چوتھے وزارتی اجلاس میں شرکت کرنے والے دیگر ممالک کے وزرائے خارجہ اور نمائندوں سے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ منگل کے روز چینی میڈیا نے بتایا کہ کیوبا کے وزیر خارجہ روڈریگیز سے ملاقات کے دوران، وانگ ای نے کہا کہ چینی حکومت کیوبا کی حکومت کی قومی خودمختاری اور وقار کی حفاظت کے لیے عادلانہ جدوجہد کی حمایت کرتی رہے گی، اور چین- کیوبا ہم نصیب معاشرے کی تعمیر میں نئے نتائج حاصل کرنے کی کوشش کرے گی۔ وینزویلا کے وزیر خارجہ ایوین گیل پنٹو سے ملاقات کے دوران وانگ ای نے کہا کہ چین علاقائی ممالک کے اتحاد اور خود انحصاری کی بھرپور حمایت کرتا ہے اور وینزویلا سمیت لاطینی امریکہ کے ممالک کے ساتھ مل کر غنڈہ گردی کی مخالفت اور بین الاقوامی انصاف کی حفاظت کرنے کے لیے تیار ہے۔ اسی روز، وانگ ای نے پیرو، یوراگوئے، گیانا، نکاراگوا، کولمبیا اور دیگر ممالک کے وزرائے خارجہ سے بھی ملاقاتیں کیں۔ چینی وزیر خارجہ کی چین- سی ای ایل اے سی فورم کے چوتھے وزارتی اجلاس میں شریک وزرائے خارجہ سے ملاقاتیں

ملائیشین ایئرلائن کے طیارے کی تباہی کا ذمہ دار روس ہے، اقوام متحدہ

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی ایجنسی برائے شہری ہوابازی نے روس کو ملائیشین ایئرلائن کی پرواز ایم ایچ 17- کی تباہی کا ذمہ دار ٹھہرادیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق جولائی 2014 میں ملائیشیا کے طیارے، جس میں میں 298 مسافر سوار تھے روسی ساختہ میزائل لگنے سے تباہ ہوگیا تھا تاہم اقوام متحدہ کے ادارے برائے شہری ہوابازی کی کاونسل (آئی سی اے او) نے حالیہ ووٹنگ میں روس کے خلاف اکثریتی ووٹ دیا گیا، اس حوالے سے مزید بتایا گیا کہ روس اس معاملے میں اپنی ذمہ داریاں نبھانے میں ناکام رہا ہے کہ وہ تجدید کرتا کہ شہری ہوائی جہازوں کو ہتھیاروں سے دوران پرواز نشانہ نہیں بنایا جائے گا۔ میزائل حملے کا شکار ہونے والا ملائیشین طیارہ ملائیشیا کے دارالحکومت کوالالمپور سے ایمسٹرڈیم جارہا تھا، جب یوکرین کے اوپر سے پرواز کے دوران روسی اور یوکرین تنازع کے دوران نشانہ بن گیا تھا۔ جہاز میں اکثریتی 196 مسافر دی نیدرلینڈز سے تعلق رکھتے تھے، جبکہ آسٹریلیا کے 38، برطانیہ کے 10، بیلجیم اور ملائیشیا کے مسافر بھی جہاز پر سوار تھے۔ اقوام متحدہ میں 2022 اس حوالے سے کیس آسٹریلیا اور ڈچ حکومت کے باہمی درخواست پر شروع کیا گیا تھا، جنہوں نے اقوام متحدہ کی رولنگ کو سراہا ہے۔

چین اور امریکہ کے مابین تعاون ہی مسائل کا درست حل ہے، چینی میڈیا

رواں سال کی پہلی سہ ماہی میں چین کی معیشت میں سال بہ سال 5.4 فیصد کا اضافہ ہوا، رپورٹ

بیجنگ (این این آئی) چین اور امریکہ کے مابین جنیوا میں اعلی سطحی اقتصادی اور تجارتی مذاکرات کے مشترکہ بیان کے بعد بین الاقوامی رائے عامہ نے اس کا خیر مقدم کیا ہے۔ عالمی تجارتی تنظیم کی ڈائریکٹر جنرل ایویرا نے کہا کہ چین امریکہ اقتصادی بات چیت کی پیشرفت نہ صرف چین اور امریکہ بلکہ دنیا کے دیگر ممالک کے لئے بھی بہت اہم ہے، اور یہ تمام فریقین کی توقعات کے مطابق بھی ہے۔ یہ بات چیت امریکہ کی درخواست پر منعقد ہوئی جو اپریل میں امریکہ کی جانب سے چین پر بھاری محصولات عائد کرنے اور چین کی جانب سے جوابی کارروائی کے بعد دونوں اطراف کی پہلی براہ راست ملاقات تھی۔ اس بات چیت میں عملی پیشرفت "حاصل کی گئی، اور اس نے چین اور امریکہ کی معیشت کے قریبی تعلق کے بارے میں فریقین کی آگاہی کو ظاہر کیا اور تعاون بڑھانے کی بنیاد فراہم کی۔ اپریل کے بعد سے، امریکہ نے محصولات کے اقدامات کو مسلسل بڑھایا، اور چین نے اس کا مضبوطی سے جواب دیا۔ اس عمل کے دوران، امریکہ کی جانب سے عائد کردہ بھاری ٹیرف سے خود امریکہ کے نقصانات مزید نمایاں نظر آ رہے ہیں۔

اسرائیل کو جنگی جہازوں کے پرزوں کی فراہمی پر لندن ہائیکورٹ میں مقدمہ دائر

YAHYA SOBEIH
HOSSAM SHABAT
PRESS

پیرس: مظاہرین فرانسیسی شہر مارسیلی میں غزہ کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے مارچ کررہے ہیں

غزہ جنگ کے دنوں میں اسرائیل کو جنگی جہازوں کے پرزوں کی فراہمی بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہے، عالمی گروپ

لندن (پی ایم این) انسانی حقوق کے لئے کام کرنے والے اداروں کے ایک گروپ نے بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کا الزام لگاتے ہوئے برطانوی حکومت کے خلاف لندن ہائیکورٹ میں مقدمہ دائر کیا ہے۔ جرمن ریڈیو کے مطابق گروپ نے غزہ جنگ کے دنوں میں اسرائیل کو جنگی جہازوں کے پرزوں کی فراہمی کو بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ اس مقدمہ میں فلسطین کی تنظیم الحق کو ایمنسٹی، ہیومن رائٹس واچ اور آکسفیم سمیت دیگر اداروں کی حمایت حاصل ہے اور وہ چاہتی ہے کہ برطانوی حکومت اسرائیلی جہازوں کے لئے پرزوں کی فراہمی بند کرے۔ اسرائیل نے غزہ اور مغربی کنارے میں تباہی کے لئے امریکی ساختہ لڑاکا طیارے استعمال کئے ہیں۔ ایمنسٹی یو کے کے سربراہ کا کہنا ہے کہ برطانیہ اسرائیل کو اہم پرزہ جات کی برآمد کی اجازت دے کر نسل کشی کو روکنے کے لئے اپنی قومی ذمہ داری نبھانے میں ناکام رہا ہے۔ اسی طرح آکسفیم کا کہنا تھا کہ اسرائیلی جہازوں میں ایندھن بھرنے، لیزر ٹارگٹنگ سسٹم، ٹائرز، ریئر فوزلیج اور سیٹ اجیکٹنگ سسٹم برطانیہ کے بنے ہوئے ہیں۔ آکسفیم اور الحق تنظیم کی حمایت کرنے والے وکلا کے مطابق برطانیہ کے بنے ہوئے پرزوں کی مسلسل فراہمی کے بغیر اسرائیلی جہاز اپنی پروازیں جاری نہیں رکھ سکتے۔ رپورٹ کے مطابق طویل عرصے جاری کیس کا تازہ مرحلہ یہ ہے۔

وداع الأحبة.. نداء العدالة
FAREWELL TO OUR BELOVED ONES... A CALL FOR JUSTICE
World Red Cross and Red Crescent Day

غزہ: عالمی ریڈکراس اور ریڈکریسنٹ کے دن پر، فلسطینی ریڈکریسنٹ رام اللہ میں طبی ٹیموں اور انسانی خدمات کے کارکنوں کے تحفظ کے لیے ایک مظاہرہ کرتا ہے

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

صنعت و تجارت نیوز

معیشت نامہ

پنجاب انڈسٹریل اسٹیٹس ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی کے زیر انتظام آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر ریلی کا انعقاد

ہماری مسلح افواج ملکی سالمیت و خود مختاری پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گی: چیئرمین پیڈمک جاوید اقبال

لاہور (کامرس رپورٹر) پنجاب انڈسٹریل اسٹیٹس ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی کے زیر انتظام آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی اور پاکستان کی مسلح افواج کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے یوم تشکر اور ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ چیئرمین پیڈمک جاوید اقبال کا کہنا ہے کہ آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی نے ثابت کیا ہے کہ ہماری مسلح افواج ملکی سالمیت و خود مختاری پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گی۔ سندر انڈسٹریل اسٹیٹ بورڈ آفس سے الحرمین چوک تک ریلی نکالی گئی۔ ریلی کی قیادت چیئرمین پیڈمک جاوید اقبال، صدر سندر انڈسٹریل اسٹیٹ محمد احمد خان، اور صدر سندر ٹریڈ یونین سید معاذ محمود نے کی جبکہ صنعتکاروں اور صنعتی مزدوروں کی کثیر تعداد نے ریلی میں شرکت کی،، ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں قومی پرچم اور افواج پاکستان کے حق میں تحریر شدہ پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے۔ ریلی کے دوران قومی ترانہ اور پاک فوج کے حق میں نعرے بازی کی گئی،، ریلی سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین پیڈمک جاوید اقبال نے کہا کہ بھارت کے مذموم مقاصد کو خاک میں ملانے اور ملکی دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے والی ہماری مسلح افواج نے یہ ثابت کیا ہے کہ پاکستان نہ صرف اپنے دفاع میں خود کفیل ہے بلکہ دشمن کو ہر محاذ پر جواب دینے کی بھرپور صلاحیت بھی رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری مسلح افواج کا منہ توڑ جواب صرف ایک دفاعی کارروائی نہیں تھی، بلکہ دشمن کو ایک واضح پیغام تھا کہ ہماری خاموشی کو ہماری کمزوری نہ سمجھا جائے۔ ہم اس خطے میں امن چاہتے ہیں لیکن اس کے لئے ملک پاکستان کی سالمیت پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا،، ریلی کے اختتام پر ملکی و قوم کی سلامتی و استحکام کے لئے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

پولیس نے سکیورٹی کو مزید موثر اور فعال بنانے کیلئے اہم اقدامات کا آغاز کر دیا

اس ضمن میں ہوٹلز، فیکٹریز اور بس اڈوں کے مالکان کے ساتھ مسلسل میٹنگز کا انعقاد کیا جا رہا ہے

جھنگ (بیورو رپورٹ) ملکی موجودہ صورتحال کے پیش نظر جھنگ پولیس نے سکیورٹی کو مزید موثر اور فعال بنانے کیلئے اہم اقدامات کا آغاز کر دیا ہے۔ اس ضمن میں ہوٹلز، فیکٹریز اور بس اڈوں کے مالکان کے ساتھ مسلسل میٹنگز کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ میٹنگز میں انچارج سکیورٹی محمد نواز خان اور انچارج فرنٹ ڈیسک انعم بشیر کی جانب سے سمارٹ آئی ایپلیکیشن کے مؤثر استعمال پر شرکاء کو تفصیلی بریفنگ دی جا رہی ہے۔ سمارٹ آئی سسٹم کے ذریعے شہریوں کا مکمل ڈیٹا ریکارڈ کیا جا رہا ہے تاکہ سکیورٹی امور میں بہتری لائی جا سکے۔ ڈی پی او جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے ہدایت کی ہے کہ ہوٹلز، فیکٹریز اور دیگر ادارے اپنے تمام مہمانوں، ملازمین اور آنے والے افراد کا مکمل ڈیٹا فوری طور پر سمارٹ آئی ایپلیکیشن پر اپڈیٹ کریں۔ ڈیٹا کی عدم فراہمی یا غفلت برتنے والے مالکان کے خلاف سکیورٹی وزنایبل ایکٹ کے تحت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ڈی پی او جھنگ نے مزید کہا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کیا جائے اور کسی بھی غیر رجسٹرڈ مہمان کو رہائش دینے سے گریز کیا جائے۔ سکیورٹی کے اس قومی فریضے میں ہر شہری کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

مسلم لیگ (ن) حلقہ خواتین کے زیر اہتمام بھارت کے خلاف مشن بنیان مرصوص کی کامیابی کے سلسلہ میں نکالی گئی

وزیر آباد (نامہ نگار) مسلم لیگ (ن) حلقہ خواتین کے زیر اہتمام بھارت کے خلاف مشن بنیان مرصوص کی کامیابی کے سلسلہ میں نکالی گئی مشن فتح ریلی نکالی گئی ریلی ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال سے شروع ہو کر سرکلر روڈ، برتن بازار، مین بازار سے ہوتی ہوئی لاہوری دروازہ پر اختتام پذیر ہوئی، ریلی کی قیادت سابق ایم پی اے و ضلعی صدر بیگم طلعت شوکت چیمہ نے کی۔ ریلی میں ایم پی اے صائمہ زاہد، ایم ایس ڈاکٹر حکیم اللہ، صدر مرکزی تنظیم تاجران ناصر محمود اللہ والے، ضلعی نائب صدر عامر زمان ساہی، صدر مرکزی بزم غوثیہ ملک محمد یوسف چاند، صدر بابائے صحافت پریس کلب افتخار احمد بٹ، چیئرمین پریس کلب سوہدرہ حاجی نجیب اللہ ملک، صدر ڈسٹرکٹ پریس کلب نعیم بٹ، ضلعی نائب صدر محمد زمان چیمہ، جنرل سیکرٹری حلقہ خواتین ڈاکٹر فرح ادیبا گوندل، میڈم شہناز اختر، عائشہ عزیز، چوہدری عبد الوحید وریاہ، ڈاکٹر سید رضا سلطان، محمد اکبر بٹ، رانا ناصر، نواز مغل، مہر عرفان رفیع، حیدر پرچم ویلفیئر فاؤنڈیشن محمد سرور چوہان سمیت خواتین، سکولوں کے بچوں اور کارکنان نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ بیگم طلعت شوکت چیمہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا۔

سیکرٹری جنرل خالد اختر کے قل شریف کے ختم پاک کے موقع پر انکی روح کو ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی گئی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈرگسٹ اینڈ کیمسٹ ایسوسی ایشن کے سیکرٹری جنرل خالد اختر کے قل شریف کے ختم پاک کے موقع پر انکی روح کو ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔ جس میں شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ بعدازاں مرحوم کی بخشش اور درجات کی بلندی کے لئے دعا کی گئی۔ مرحوم، محکمہ واپڈہ کے ریٹائرڈ سپرنٹنڈنٹ محمد سعید صابر مرحوم اور محمد ارشد کے بھائی، محکمہ پی ٹی سی ایل کے سابق ایس ڈی او محمد عقیل انور کے چچا جان اور محمد عمر، عبدالوہاب کے والد تھے۔

حافظ آباد شہر میں ی علی پور روڈ کی تعمیر کی سست روی کے خلاف محلہ کشمیر نگر میں علاقہ مکینوں اور طلباء وطالبات کا احتجاجی مظاہرہ

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد شہر میں ی علی پور روڈ کی تعمیر کی سست روی کے خلاف محلہ کشمیر نگر میں علاقہ مکینوں اور طلباء وطالبات کا احتجاجی مظاہرہ۔ مظاہرین جو کہ اپنے ہاتھوں میں پورٹریٹ اٹھائے ہوئے تھے، وہ علی پور روڈ کی تعمیر کا فوری مطالبہ کر رہے تھے۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ علی پور روڈ پر کھدائی کے بعد سڑک کی تعمیر کا کام ادھورہ چھوڑ کر ٹھیکہ دار غائب ہے، جس کی وجہ سے علاقہ مکینوں کے علاوہ سکولوں میں جانے والے طلبہ وطالبات کو شدید کوفت اور پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ علاقہ مکینوں اور مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ اندرون شہر علی پور روڈ کی تعمیر کو جلد از جلد مکمل کروایا جائے۔

ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر کا شہر میں صبح دیر تک سٹریٹ لائٹس آف نہ کرنے پر اظہار ناراضگی

لائٹس کو وقت پر چلانے اور بند کرنے سے بجلی کی بچت ہوگی، شفیق احمد ڈوگر

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر کا شہر میں صبح دیر تک سٹریٹ لائٹس آف نہ کرنے پر اظہار ناراضگی، چیف آفیسر کارپوریشن کو سٹریٹ لائٹس وقت پر آن آف کروانے کی ہدایت، لائٹس کو وقت پر چلانے اور بند کرنے سے بجلی کی بچت ہوگی، شفیق احمد ڈوگر۔ وہ یہاں کمشنر آفس میں پسپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ، چیف آفیسر کارپوریشن شیخ اشفاق احمد، اے سی جنرل غلام حسین بھٹی سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر نے کہا کہ جوگی چوک میں زیر تعمیر ڈرین سے کے اردگرد سے مٹی اور دیگر ملبہ کو فوری اٹھایا جائے۔ انہوں نے جی ٹی روڈ پر سیوریج لائن بچھانے کے کام کو جلد مکمل کرنے کے لئے عملہ اور مشینری کی تعداد بڑھانے کی ہدایت کی اور کہا کہ کام کے دوران حفاظتی اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہر کے پارکوں میں صفائی یقینی بنائی جائے اور شہر کی گرین بیلٹس کو مزید بہتر کیا جائے۔

کامیابی کا راز قرآن و سنت پر عمل کرنے میں پوشیدہ ہے: چوہدری رمضان مصطفی سیہول

عسکری قیادت نے آپریشن بنیان مرصوص کا آغاز کرنے پر سنت پر عمل کیا: چوہدری گلفام مصطفی سیہول

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) کامیابی کا راز قرآن و سنت پر عمل کرنے میں پوشیدہ ہے عسکری قیادت نے آپریشن بنیان مرصوص کا آغاز کرنے پر سنت پر عمل کیا یہی وجہ ہے اللہ تعالی نے کامیابی سے نوازا پوری قوم آرمی چیف اور بہادر افواج کو سلام پیش کرتی ہے ٹی ایل پی کے جوانوں نے سوشل میڈیا پر محاذ سنبھال کر دشمن کو شکست دینے میں کردار ادا کیا ہم غزوہ ہند کی تیاری کیے بیٹھے ہیں نعرہ تکبیر کی طاقت بھارت کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کیا ہے ان خیالات کا اظہار تحریک لبیک پی پی 136 کے سابق ٹکٹ ہولڈر چوہدری رمضان مصطفی سیہول اور نائب امیر پی پی 136 چوہدری گلفام مصطفی سیہول ایڈووکیٹ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ وطن عزیز کی حفاظت کیلئے پوری قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ لڑنے کیلئے تیار ہے دشمن کو کسی صورت بھی سنبھلنے کا موقع نہیں ملے گا بہادر افواج نے بھارت کو عبرتناک شکست دی ہے دنیا نے پاکستان کا دفاع دیکھ لیا ہے۔

انجمن شہریان چنیوٹ کے زیر اہتمام "پاکستان زندہ آباد" ریلی کا انعقاد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) انجمن شہریان چنیوٹ کے زیر اہتمام "پاکستان زندہ آباد" ریلی کا انعقاد چیف آفیسر میونسپل کمیٹی مظفر بیگ کی خصوصی شرکت تفصیلات کے مطابق انجمن شہریان چنیوٹ کے زیر اہتمام "پاکستان زندہ آباد" کے عنوان سے ایک پرجوش ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر میونسپل کمیٹی چنیوٹ کے چیف آفیسر جناب ظفر بیگ نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ انہوں نے اس قومی جذبے پر مبنی ریلی کو خوش آئند قرار دیا اور کہا کہ ایسی سرگرمیاں عوام میں حب الوطنی اور شعور کو فروغ دیتی ہیں۔ ریلی میں سینیئر تاجر رہنما جناب نعیم فخری نے بھی شرکت کی اور اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے چنیوٹ کے عوام کے جذبے کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ وطن سے محبت کا یہ انداز قابل تحسین ہے اور ہمیں ایسے اقدامات کی مسلسل حوصلہ افزائی کرنی چاہیے۔ شرکاء نے قومی پرچم تھامے، "پاکستان زندہ آباد" کے فلک شگاف نعرے لگائے اور شہر کی فضا کو حب الوطنی کے رنگوں سے بھر دیا۔

بنیان مرصوص کی عظیم فتح پر مسلح افواج اور قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہیں

بہادر افواج نے ہمارا سر فخر سے بلند کر دیا ہے آج پوری دنیا مودی لابی کا مکروہ چہرہ دیکھ چکی ہے: شہباز احمد کڑھائی والے

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) بنیان مرصوص کی عظیم فتح پر مسلح افواج اور قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہیں وطن عزیز کی حفاظت کیلئے پوری قوم دشمن کے خلاف میدان میں تھی دنیا نے نا صرف افواج پاکستان بلکہ عوام کی بہادری کو بھی دیکھ لیا ہے پاکستان ایک عظیم ملک ہے جب مشکل آئی تو ہم سب سیاست زبان اور صوبائیت سمیت ہر طرح کی تقسیم سے بالاتر ہو کر محب وطن پاکستانی بن گئے یہ اچھا شگون ہے ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے رہنما و سابق صدر امن کمیٹی شہباز احمد کڑھائی والے نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے بہادر افواج نے ہمارا سر فخر سے بلند کر دیا ہے آج پوری دنیا مودی لابی کا مکروہ چہرہ دیکھ چکی ہے۔

عوامی بہبود کے دو بڑے منصوبے تکمیل کی جانب تیزی سے گامزن

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق ضلع چنیوٹ میں عوامی بہبود کے دو بڑے منصوبے تکمیل کی جانب تیزی سے گامزن ہیں۔ جھمرہ روڈ پر 125 بستروں پر مشتمل ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال کی پرشکوہ عمارت کی تکمیل کا کام تیزی سے جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے زیر تعمیر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال کا دورہ کیا اور جاری تعمیراتی کاموں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے ترقیاتی کاموں میں تیزی لانے کا حکم دیا اور واضح کیا کہ شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ صحت کی سہولیات کی تکمیل ترجیح ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے زیر تعمیر ڈسٹرکٹ کمپلیکس کا بھی دورہ کیا۔

اسسٹنٹ سب انسپکٹر مظہر علی سروس مکمل ہونے پر محکمہ پولیس سے ریٹائر ہو گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اسسٹنٹ سب انسپکٹر مظہر علی سروس مکمل ہونے پر محکمہ پولیس سے ریٹائر ہو گئے اے ایس مظہر علی کے اعزاز میں پولیس لائن میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں سینیئر پولیس افسران اور اہلکاروں نے شرکت کی ڈی پی او عبداللہ احمد نے اے ایس آئی مظہر علی کو اعزازی شیلڈ دی※ نیک خواہشات کا اظہار کیا، پولیس افسران اور اہلکاروں نے اے ایس آئی مظہر علی کو پھولوں کے گلدستے و دیگر تحائف پیش کیے ڈی پی او عبداللہ احمد نے اے ایس آئی مظہر علی کی محکمہ پولیس کیلئے خدمات کو سراہا۔ اے ایس آئی مظہر علی نے محکمہ پولیس میں 36 سال خدمات سرانجام دیں اے ایس آئی مظہر علی کو سرکاری اعزاز کے ساتھ رخصت کیا گیا

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے تھانہ مسن میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے تھانہ مسن میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، اس موقع پر ڈی ایس پی صدر سرکل ظہور مگسی، متعلقہ ایس ایچ اوز، اور تفتیشی افسران بھی شریک تھے۔ کھلی کچہری کے دوران شہریوں نے فرداً فرداً ڈی پی او سے ملاقات کی اور اپنے مسائل، شکایات اور انسدادِ جرائم کے حوالے سے تجاویز پیش کیں۔ ڈی پی او بلال افتخار کیانی نے پولیس افسران کو ہدایت کی کہ عوامی مسائل کے فوری اور مؤثر حل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور موقع پر ہی شکایات کے حل کے احکامات جاری کئے۔ انہوں نے منشیات فروشوں، اشتہاری مجرمان اور ناوٹ مافیا کے خلاف مؤثر کارروائیاں تیز کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کیا جائے۔ ڈی پی او نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ علاقہ کے نمبرداروں کے ساتھ قریبی رابطہ رکھیں اور ٹھیکری پہرے کے نظام کو فعال بنایا جائے تاکہ جرائم کی روک تھام میں بہتری لائی جا سکے

مرکزی ریلوے لائن والا قبرستان، اس وقت شدید زبوں حالی کا شکار

شہر بھر کے ہزاروں افراد کے عزیز و اقارب کی آخری آرام گاہ اس قبرستان میں موجود ہے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد شہر کا قدیمی اور مرکزی ریلوے لائن والا قبرستان، اس وقت شدید زبوں حالی کا شکار ہے۔ شہر بھر کے ہزاروں افراد کے عزیز و اقارب کی آخری آرام گاہ اس قبرستان میں موجود ہے، مگر افسوسناک امر یہ ہے کہ اس قبرستان کی چار دیواری کئی جگہوں سے ٹوٹ چکی ہے اور بعض مقامات پر مکمل طور پر غائب ہو چکی ہے، جس کے باعث یہ مقدس مقام آوارہ کتوں، جانوروں اور بے مقصد لوگوں کی آماجگاہ بن چکا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ آوارہ کتے دن اور رات قبرستان میں دندناتے پھرتے ہیں، قبروں کو کھودنے کی کوشش کرتے ہیں، اور بعض اوقات جنازوں کے وقت بھی رکاوٹ بنتے ہیں۔ ان حالات نے نہ صرف قبرستان کے تقدس کو مجروح کیا ہے بلکہ ان افراد کے لیے اذیت کا باعث بنے ہیں جو اپنے مرحومین کی قبروں پر فاتحہ خوانی کے لیے آتے ہیں۔ مقامی شہریوں نے اس افسوسناک صورتحال پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر قبرستان کی چاردیواری کی مکمل مرمت کروائی جائے، قبرستان کے داخلی و خارجی راستوں پر مضبوط گیٹس نصب کیے جائیں اور وہاں باقاعدہ نگرانی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ قبرستان کی بے حرمتی کے واقعات کا سدباب ہو سکے۔ عوامی حلقوں کا یہ بھی کہنا ہے کہ قبرستانوں کا احترام اسلامی تعلیمات کا تقاضا ہے، اور انتظامیہ کی یہ بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ ایسے مقدس مقامات کے تحفظ کو یقینی بنائے۔ اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو صورتحال مزید ابتر ہو سکتی ہے، جس سے نہ صرف شہریوں کے مذہبی جذبات کو ٹھیس پہنچے گی بلکہ معاشرتی بے حسی میں بھی اضافہ ہوگا۔

اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کی شکایات و مسائل کا ازالہ جاری

سرکاری دفاتر میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت مسائل کا حل عوامی ریلیف کی جانب احسن اقدام ہے

جھنگ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کی شکایات و مسائل کا ازالہ جاری ہے۔ اس حوالہ سے ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے اپنے آفس میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت روزانہ کی بنیاد پر شہریوں کے مسائل سنے اور متعلقہ افسران کو فوری ازالہ کے لئے احکامات جاری کئے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ سرکاری دفاتر میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت مسائل کا حل عوامی ریلیف کی جانب احسن اقدام ہے۔ ضلع کے تمام سرکاری محکموں کے افسران عوامی شکایات کے ازالہ کیلئے موجود ہیں۔ اس ضمن میں شہری مسائل کے حل کے سلسلہ میں کسی بھی دفتر میں تشریف لا سکتے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے شہریوں سے کہا کہ انکی شکایات و مسائل پر ترجیحی بنیادوں پر تیز رفتار کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے اور انہیں ریلیف کی فراہمی میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی۔ تمام محکمے عوامی مسائل کے حل کے لئے کمربستہ ہیں۔ انہوں نے افسران کو ہدایات جاری کیں کہ وہ عوامی مسائل کے حل میں گہری دلچسپی لیں اور اپنے دفاتر کے دروازے ان کے لئے کھلے رکھیں۔

بھارتی حکومت کا مکروہ چہرہ دنیا نے دیکھ لیا ہے: فیصل حیات پنوں

پاکستان نے تحمل اور برداشت کا مظاہرہ کیا جسے مودی نے کمزوری سمجھا پاکستان ہمیشہ ایسے ہی جواب دے گا

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) بھارتی حکومت کا مکروہ چہرہ دنیا نے دیکھ لیا ہے پاکستان نے تحمل اور برداشت کا مظاہرہ کیا جسے مودی نے کمزوری سمجھا پاکستان ہمیشہ ایسے ہی جواب دے گا بھارت سمیت دیگر ملک دشمن عناصر سن لیں اللہ کے فضل و کرم سے پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے دشمن نے جب بھی آزمانے کی کوشش کی اسے عبرتناک شکست دیں گے ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما چوہدری فیصل حیات پنوں نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی سوشل میڈیا نے ڈیجیٹل وار میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور جھوٹ پر مبنی بھارتی پراپوگنڈا کو زمین بوس کر دیا پاک فوج کے ساتھ ساتھ پوری قوم کو سلام ہے جس نے سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر آپریشن "سیسہ پلائی ہوئی دیوار" کا حصہ بنے اور دشمن کی خواہشات کو خاک آلود کر دیا پوری قوم بہادر افواج کو سلام پیش کرتی ہے۔

جرم و سزا

CRIME & COURT

تھانہ کوٹلی لوہاراں کے علاقہ سے ڈھائی سالہ بچے کی باقیات جوہڑ سے برآمد

چھ ماہ قبل 2 سالہ ولی فرید گھر کے باہر سے غائب ہوا، مقدمہ درج کیا گیا تھا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) کوٹلی لوہاراں تھانہ کے نواحی گاؤں کے مکین غلام فرید کا دو سالہ معصوم بچہ ولی فرید گھر کے باہر کھیلتے غائب ہو گیا جس کو اہلیان محلہ ڈھونڈتے رہے بعدازاں غلام فرید کی مدعیت میں تھانہ کوٹلی لوہاراں میں مقدمہ بھی درج کرایا گیا اور پولیس بھی بچے کو تلاش کرتی رہی مگر بچہ نہ مل سکا۔ گزشتہ روز گھر کے باہر واقع جوہڑ کی صفائی کے دوران پانی کم ہونے پر کیچڑ و کچرے میں لتھڑی ولی فرید کی باقیات و کپڑے برآمد ہوئیں جن کو بچے کی ماں کو دکھایا گیا جو بچے کے کپڑے وغیرہ دیکھتے ہی حواس کھو بیٹھی اور بے ہوش ہو گئی بعدازاں ہوش میں آنے پر والدین اپنے لخت جگر کو یاد کر کے روتے رہے۔ افسوسناک امر یہ کہ اپنے بچوں خصوصاً کم عمر بچوں کی جانب بھرپور توجہ دینے کی ضرورت ہے اور والدین اپنے کم عمر یا ہر عمر کے بچوں کی جانب غافل نہ ہوں تاکہ ایسے دلگداز واقعات رونما نہ ہوں۔

مسیحی نوجوان کاشف مسیح کے قتل کا مرکزی ملزم سابق پولیس انسپکٹر ملک عرفان گرفتار

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) بھاگو پنڈی کا رہائشی کاشف مسیح جو کہ سابق پولیس انسپکٹر ملک عرفان کے ڈیرہ پر ملازمت کرتا تھا 2 یوم قبل ملک عرفان نے موبائل چوری کے شبہ میں ساتھی ملزمان اریب اور اعجاز وغیرہ کی مدد سے تشدد کر کے ہلاک کر دیا تھا۔ ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد نے افسوسناک واقع کا نوٹس لیتے ہوئے ملزمان کی فوری گرفتاری کی لیے خصوصی ٹیم تشکیل دی جس پولیس ٹیم نے واقع میں ملوث مرکزی ملزم انسپکٹر عرفان کو گرفتار کر لیا ہے۔ جبکہ ملزمان اریب اور اعجاز نے عدالت سے ضمانت حاصل کر رکھی ہے۔ ڈی پی او سیالکوٹ کا کہنا ہے کہ قانون سے بالاتر کوئی بھی نہیں ملزمان کو عدالت سے قانون کے مطابق عبرتناک سزا دلوائی جائے گی اور مقتول کے ورثاء کو ہر صورت انصاف دلوایا جائے گا۔

6 وارداتوں میں شہری نقدی، طلائی زیورات، موٹر سائیکلوں و دیگر سامان سے محروم ہو گئے

راحیل کالونی میں محمد یوسف موٹر سائیکل کھڑی کر کے بکریاں چرانے لگا تو کسی نامعلوم نے موٹر سائیکل چوری کر لی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) سرکل بھر میں 6 وارداتوں میں شہری نقدی، طلائی زیورات، موٹر سائیکلوں و دیگر سامان سے محروم ہو گئے۔ محمد یاسر رکشہ پر سوار ہو کر کالج چوک سے لاری اڈا کی طرف جا رہا تھا کہ نامعلوم چور نے جیب سے 35 ہزار روپے چوری کر لئے علی حسن سول ہسپتال میں زیر علاج تھا کہ اس کی ساس رخسانہ اس کی عیادت کیلئے سول ہسپتال آئی اور رش کی وجہ سے دو نامعلوم عورتوں نے پرس چوری کر لیا جس میں نقدی 5 ہزار روپے، موبائل فون، شناختی کارڈ و دیگر ضروری کاغذات تھے چیلے کی کا عبدالغفار والدہ کی دوائی لیکر واپس آ رہا تھا کہ چیلے کی کے قریب دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر آدھا تولہ طلائی زیورات اور نقدی 33 ہزار روپے چھین لئے راحیل کالونی میں محمد یوسف موٹر سائیکل کھڑی کر کے بکریاں چرانے لگا تو کسی نامعلوم نے موٹر سائیکل چوری کر لی لکڑ اکلاں کا اکرم رضا موٹر سائیکل کھڑی کر کے چارہ کاٹنے چلا گیا تو موٹر سائیکل چوری ہو گئی بوگرے کے غلام مصطفی کی موٹر سائیکل بابا عمر نے ہراساں کر کے چھین لی۔

پابندی کے باجود گندم کی باقیات کو آگ لگانے پر 6 ملزمان کے خلاف مقدمات درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) پابندی کے باجود گندم کی باقیات کو آگ لگانے پر 6 ملزمان کے خلاف مقدمات درج۔ پابندی کے باوجود موضع جامکے چیمہ میں طارق محمود نے 8 کنال رقبہ پر، زوہیب انور نے 4 کنال رقبہ پر، محمد اکرم نے 8 کنال رقبہ پر، عمر فاروق، محمد الیاس، محمد عمران نے اپنے کھیتوں میں گندم کی باقیات کو آگ لگا رکھی تھی پولیس نے مقدمات درج کر لئے

امام علی لورز گروپ کے زیر اہتمام اظہارِ تشکر کی تقریب کا انعقاد

تقریب میں افواج پاکستان کی جانب سے آپریشن بنیان مرصوص میں دشمن کو دندان شکن جواب دینے پر بھرپور خراجِ تحسین پیش کیا گیا

وزیر آباد (نامہ نگار) امام علی لورز گروپ کے زیر اہتمام اظہار تشکر کی تقریب کا انعقاد جماعت اسلامی کے ضلعی نائب امیر صابر حسین بٹ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں افواج پاکستان کی جانب سے آپریشن بنیان مرصوص میں دشمن کو دندان شکن جواب دینے پر بھرپور خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اس موقع پر سماجی شخصیت مظفر بٹ، ذیشان گوندل، ضمیر کاظمی، علی حسن، عدنان کھرل ایڈووکیٹ اور دیگر بھی موجود تھے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صابر حسین بٹ نے کہا کہ بھارت کی جانب سے پاکستان کی فضائی حدود کی خلاف ورزی اور معصوم بچوں کو نشانہ بنانے کی مذمت کرتے ہوئے افواج پاکستان نے انتہائی جرات مندانہ اور فیصلہ کن انداز میں ردعمل دیا۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج نے بھارت کو واضح الفاظ میں الٹی میٹم دیا اور عالمی راہنمو※ں کی مداخلت کو نظر انداز کرتے ہوئے دفاع وطن کا حق ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن بنیان مرصوص کے دوران پاکستان کے جانباز شاہینوں نے بھارت کے اندر گھس کر نہ صرف جدید رافیل طیاروں کو تباہ کیا بلکہ دشمن کے دفاعی نظام ایس-400 اور اسرائیلی ساختہ ڈرونز کو بھی ناکارہ بنا دیا۔ اس جرات مندانہ کارروائی سے نہ صرف بھارت کو ایک تاریخی سبق ملا بلکہ عالمی سطح پر پاکستان کی جنگی حکمت عملی کو سراہا جا رہا ہے۔ صابر حسین بٹ نے کہا کہ دنیا اب پاکستان کی دفاعی سوچ اور جنگی مہارت کو مثال بنا کر اپنے دشمنوں کے خلاف حکمت عملی ترتیب دے گی۔ انہوں نے پاک فضائیہ، بری و بحری افواج اور دیگر تمام شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے جوانوں کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دی اور کہا کہ قوم ان سپاہیوں کی قربانیوں اور بہادری کو کبھی فراموش نہیں کرے گی۔ تقریب کے اختتام پر ملک کی سلامتی، ترقی اور شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

چھانگا مانگا میں ڈکیتی کی واردات نہ معلوم مسلح اسلحہ ڈاکوؤں نے شہری کو نقدی، قیمتی ٹچ موبائل و ضروری کاغذات سے محروم کر دیا

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) چھانگا مانگا میں ڈکیتی کی واردات نہ معلوم مسلح اسلحہ ڈاکوؤں نے شہری کو نقدی، قیمتی ٹچ موبائل و ضروری کاغذات سے محروم کر دیا تفصیلات کے مطابق چھانگا مانگا کے نواحی گاؤں مقام کا رہائشی محمد کاشف اپنی موبائل شاپ بند کر کے گھر جا رہا تھا کے راستے میں دو کس نامعلوم موٹر سائیکل سوار مسلح اسلحہ ڈاکو گن پوائنٹ پر محمد کاشف سے 55 ہزار روپے نقدی رقم، ایک عدد قیمتی ٹچ موبائل، شناختی کارڈ، اے ٹی ایم کارڈ، اور، ڈرائیونگ لائسنس لوٹ کر فرار ہو گئے متاثرہ شخص نے مقدمہ کے اندراج کے لئے تھانہ چھانگا مانگا میں درخواست گزاری جس پر پولیس نے مقدمہ درج کر کے کاروائی کا آغاز کر دیا*

ڈاکو سر عام دندنانے لگے ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر شہری سے موٹر سائیکل اور نقدی لوٹ لیا

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) پولیس تھانہ نورشاہ امن و امان قائم کرنے میں مکمل طور پر ناکام اور علاقہ بھر میں ڈاکو راج ڈاکو سر عام دندنانے لگے ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر شہری سے موٹر سائیکل اور نقدی لوٹ لیا متاثرہ شہری کا وزیر اعلی پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال صدر سرکل تھانہ نورشاہ کے علاقے میں ڈاکو راج برقرار ڈاکو دن دیہاڑے گن پوائنٹ پر شہریوں کو لوٹنے لگے چک 60 فور آر میں محمد بہادر سے موٹر سائیکل نمبر 6060 اے ایس ایچ، موبائل، نقدی 37 ہزار 500 روپے، لوٹ لیا ڈاکو جدید اسلحہ لہراتے ہوئے موقع سے فرار متاثرہ شہری محمد بہادر نے گیمبر پریس کلب رجسٹرڈ کے سینیئر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پولیس تھانہ نورشاہ کی کارکردگی بس فوٹو سیشن تک محدود ہے جس کی وجہ سے علاقے میں امن وامان انتہائی خراب ہو چکا ہے میرا وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور آر پی او ساہیوال میاں محبوب رشید ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان سے پرزور مطالبہ ہے کہ تھانہ نورشاہ کے علاقے میں بے لگام ڈاکوؤں کو لگام دینے کے لیے اپنا کردار ادا کریں اور شہریوں کو تحفظ دیا جائے۔

تحصیل بازار میں 25 دکانوں کی تجاوزات مسمار کرائیں۔ صباء اصغر علی

کوئی خواہ کتنا بااثر ہو قانون سے بالاتر نہیں۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) وزیر اعلی مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صباء اصغر علی کی زیر نگرانی تحصیل بازار میں صبح سویرے تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا گیا جس کے دوران 25 دکانوں سے تجاوزات کو مسمار کیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر سٹی انعم بابر بھی اس موقع پر موجود تھیں۔ آپریشن کی نگرانی کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر صباء اصغر علی نے کہا کہ سیالکوٹ کے اس قدیم بازار میں تجاوزات کی نشاندہی کی گئی اور دکانوں کے مالکان کو نوٹس جاری کیے گئے کہ تجاوزات کو اپنے طور پر ہی مسمار کیا جائے مگر ان پر عملدرآمد نہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ 25 دکانوں میں ایک میونسپل کمیٹی کی ملکیت دکان بھی شامل ہے جہاں سے تجاوزات کو گرایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بازار میں باقی دکانوں کے مالکان کو تحریری طور پر تنبیہ کی گئی ہے آئندہ پرانے نقشوں کی خلاف کرتے ہوئے تجاوزات نہ بنائی اور نہ ہی دکانوں کے اوپر غیر قانونی رہائشی کمرے بنائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق تجاوزات کے خلاف عدم برداشت کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔ تجاوزات کو مسمار کرنے کیلئے بھاری مشنری استعمال کی گئی اور اس موقع پر میونسپل کارپوریشن، سوئی گیس، بجلی، ایس ڈبلیو ایم سی اور محکمہ پولیس کے اہلکار بھی موجود تھے۔

پاکستان کی سلامتی کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے والوں کا انجام عبرتناک ہوگا

ہمارے 90 ہزار شہری دہشتگردی کی بھینٹ چڑھے پاکستان کی معیشت نے اربوں ڈالر کا نقصان اٹھایا ہے: صاحبزادہ شاہ محمد اویس نورانی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل صاحبزادہ شاہ محمد اویس نورانی نے کہا ہے کہ آپریشن بنیان مرصوص نے ثابت کر دیا کہ پاکستان کی سلامتی کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے والوں کا انجام عبرتناک ہوگا پاکستان دہشتگردی سے متاثرہ ملک ہے ہمارے 90 ہزار شہری دہشتگردی کی بھینٹ چڑھے پاکستان کی معیشت نے اربوں ڈالر کا نقصان اٹھایا ہے مگر قوم کے حوصلے پست نہیں ہوئے امن ہماری خواہش ہے لیکن اسے کمزوری سمجھنا بھارت کی سب سے بڑی بھول تھی جس کا اسے شدید خمیازہ بھگتنا پڑا ہے خود سے سات گنا بڑی فوج کو عبرتناک شکست سے دوچار کر کے پاک فوج نے پیشہ وارانہ صلاحیتوں کا بھرپور اظہار کیا اور جرات و بہادری کی نئی مثال رقم کی پاک فوج کے ساتھ ساتھ پاکستانی عوام نے بھرپور جذبہ حب الوطنی کا مظاہرہ کیا اور اپنے اتحاد و یک جہتی سے دشمن کی سازشوں کو ناکام بنایا جس پر افواج پاکستان سمیت پوری قوم خراج تحسین کی مستحق ہے، 16 مئی کو ملک بھر میں جے یو پی یوم معرکہ حق بھرپور طریقے سے منائے گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے جے یو پی ضلع شیخوپورہ کے صدر حاجی طاہر جاوید نقشبندی اور جنرل سیکرٹری ڈاکٹر قاری فیاض الحسن جمیل الازہری کی قیادت میں ملاقات کرنے والے وفد سے ملاقات میں کیا جہاں انہوں نے پارٹی رہنماؤں میں آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر مٹھائی تقسیم کی، صاحبزادہ شاہ محمد اویس نورانی نے کہا کہ بھارتی جارحیت کے جواب میں پاکستانی دوبارہ یک جان ہو چکی ہے بھارت نے پاکستانی عوام کو تقسیم کرنے کی خاطر سرمایہ پانی کی طرح بہایا شرپسندوں کی سرپرستی کی اور انہیں مالی مدد فراہم کر کے پاکستان کو کمزور کرنے کی سازش رچی جو بری طرح ناکام ہو گئی ہے اور پاکستانی قوم یکجان ہو کر افواج پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے۔

بھارت کالعدم تنظیموں کو پاکستان کے اندر دہشت گردی کیلئے استعمال کر رہا ہے

بھارت کا اصل فسطائی چہرہ ایک بار پھر بے نقاب ہوا ہے: حاجی باؤ محمد طارق

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) انجمن تاجران سبزی و فروٹ منڈی کے چیئرمین حاجی باؤ محمد طارق چوہدری نے کہا ہے کہ بھارت کالعدم تنظیموں کو پاکستان کے اندر دہشت گردی کیلئے استعمال کر رہا ہے جسکے شواہد بارہا پوری دنیا کے سامنے رکھے گئے ہیں آپریشن بنیان مرصوص میں عبرتناک شکست کے بعد بھارت بوکھلا کر پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات کو بڑھاوا دے رہا ہے جس سے بھارت کا اصل فسطائی چہرہ ایک بار پھر بے نقاب ہوا ہے پاکستانی حکام بھارتی دہشت گردی کے شواہد پوری دنیا کے سامنے رکھیں تاکہ اسکے مذموم عزائم سے بین الاقوامی برادری آگاہ ہو سکے، بھارت کی طرف سے دوبارہ اگر مس ایڈوینچر کی کوشش کی گئی تو پاکستان کا ردعمل بنیان مرصوص آپریشن سے زیادہ سخت ہوگا، پاکستان دنیا کی ساتویں اور عالم اسلام کی واحد ایٹمی قوت ہے جس کا دفاع ناقابل تسخیر اور فوج ہر طرح کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے بھارت نہ پانی کا رخ موڑ سکتا ہے نہ نئے آبی ذخائر بنا سکتا ہے پاکستان کو اپنے مفادات کا تحفظ کرنا اچھی طرح آتا ہے، پاکستان کی جغرافیائی و نظریاتی سرحدوں کو نقصان پہنچانے کی سوچ رکھنے والے اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے، ملکی سلامتی کا تحفظ پاکستان کی افواج اور عوام کی اولین ترجیح ہے جس کیلئے پوری قوم کسی قربانی سے دریغ نہ کرنے کے جذبہ سے سرشار ہے۔

ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال میں جدید فائر فائٹنگ سسٹم کا افتتاح کیا

افتتاحی تقریب میں پرنسپل ساہیوال میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر عمران حسن خان، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر نثار احمد سعیدی، ایکسین بلڈنگ فتح محمد وٹو، ریسکیو 1122 کا عملہ، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر متعلقہ افسران شریک تھے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال میں جدید فائر فائٹنگ سسٹم کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں پرنسپل ساہیوال میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر عمران حسن خان، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر نثار احمد سعیدی، ایکسین بلڈنگ فتح محمد وٹو، ریسکیو 1122 کا عملہ، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر متعلقہ افسران شریک تھے۔ تقریب کے دوران ایکسین بلڈنگ فتح محمد وٹو نے فائر فائٹنگ سسٹم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ یہ سسٹم جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ ہے، جس میں خودکار الارم، واٹر سپرے سسٹم، آگ بجھانے کے دستی اور خودکار آلات سمیت دیگر حفاظتی اقدامات شامل ہیں، جو کسی بھی ناگہانی صورتحال میں فوری ردعمل کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ "ہسپتال جیسے حساس ادارے میں جدید فائر فائٹنگ سسٹم کا قیام ایک اہم اور ضروری قدم تھا، جس کا آج باضابطہ افتتاح کیا گیا ہے۔" انہوں نے مزید کہا کہ "میں ہسپتال انتظامیہ سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ اس سسٹم کے بہتر استعمال کے لیے ایک تربیت یافتہ سکواڈ تشکیل دیں تاکہ ہنگامی حالات میں بروقت اور موثر کارروائی یقینی بنائی جا سکے۔"

چھانگا مانگا، کوئلے سے بھرے تیز رفتار ٹرک کی گدھا ریڑھی کو ٹکر باپ جاں بحق

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) چھانگا مانگا، کوئلے سے بھرے تیز رفتار ٹرک کی گدھا ریڑھی کو ٹکر باپ جاں بحق بیٹا ایک ٹانگ سے محروم ورثاء غم سے نڈھال تفصیلات کے مطابق چونیاں مین چھانگا مانگا روڈ پر کوئلے سے بھرے تیز رفتار ٹرک کی گدھا ریڑھی کو ٹکر باپ بشارت علی اور بیٹا احمد شدید زخمی ہو گئے ریسکیو 1122 کی ٹیم نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال چونیاں منتقل کر دیا جہاں پر زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چالیس سالہ بشارت علی جان کی بازی ہار گیا جبکہ بیٹا احمد ایک ٹانگ سے محروم ہو گیا اس حادثے سے پورے علاقہ کی فضاء سوگوار ہو گئی اہل خانہ غم سے نڈھال ہو گئے۔

اوباش شخص نے چھ سالہ بچی کے ساتھ زیادتی پولیس نے ایک گھنٹے کے اندر ملزم کو گرفتار کر لیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوباش شخص نے چھ سالہ بچی کے ساتھ زیادتی پولیس نے ایک گھنٹے کے اندر ملزم کو گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ بصیر پور کی حدود میں کباڑ کا کام کرنے والے اوباش رشید نے چھ سالہ بچی کو ورغلا پھسلا کر دوکان کے اندر لے جا کر زبردستی زیادتی کا نشانہ بنا دیا۔ اطلاع ملتے ہی پولیس تھانہ بصیر پور نے ملزم کو ایک گھنٹے کے اندر گرفتار کر کے اس کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔

اوکاڑہ پولیس نے چھاپہ مار کر بدنام زمانہ منشیات فروش سے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر کے اسے گرفتار کر لیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس نے چھاپہ مار کر بدنام زمانہ منشیات فروش سے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر کے اسے گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ گوگیرہ کو اطلاع ملی کہ بدنام زمانہ منشیات فروش بھاری مقدار میں چرس لیکر سواری کے انتظار میں فتح پور سٹاپ پر کھڑا ہوا ہے جس پر انچارج انوسٹی گیشن تھانہ گوگیرہ عظمت علی نے اپنی ٹیم کے ہمراہ چھاپہ مار کر نواحی قصبہ فتح پور کے رہائشی بدنام زمانہ منشیات فروش شہادت علی عرف شدو ولد احمد علی سے 11 کلو چرس برآمد کر کے اس کیخلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔

جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں میڈیکل سٹورز مالکان نے ادویات کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ کر دیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں میڈیکل سٹورز مالکان نے ادویات کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ کر دیا۔ ہر میڈیکل سٹور پر ریٹ مختلف ہیں، ایک نمبر اور 2 نمبر ادویات کی پہچان بھی مشکل ہو گئی۔ بل مانگنے پر مریضوں کے لواحقین کو خوار کیا جانا رواج بن گیا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ حکومت اور یوں کا حکومت اور وزارت صحت کی عدم دلچسپی کی وجہ سے میڈیسن کمپنیوں نے بلاوجہ ادویات کی قیمتوں میں اضافہ کر کے عوام کا خون نچوڑا جا رہا ہے۔ جو غریب اور سفید پوش مریضوں اور ان کے لواحقین کے ساتھ سخت زیادتی ہے۔

حافظ آباد میں موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں اضافہ

حافظ اباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں اضافہ شہر کی معروف سڑک جگہ والا روڈ پر ٹیوشن سینٹر کے باہر سے ہونڈا ون ٹو فاؤ چور چرا کر لے گئے بچے جب ٹیوشن سینٹر سے باہر نکلے تو موٹر سائیکل غائب تھی جس کا رجسٹریشن نمبر AUU 9586 جس پر ون 15 پر کال کی گئی پولیس اہلکار آئے جائے وقوعہ کا معائنہ کیا اور بیان لے کر چلے گئے موٹر سائیکل چوری کی ایف آئی آر درج کروا دی گئی ہے تاحال ابھی تک نہ موٹر سائیکل برامد ہو سکی ہے اور نہ ہی کوئی ملزم کو گرفتار کیا گیا ہے موٹر سائیکل مالک نسیم اختر نے تھانہ سٹی میں درخواست دیتے ہوئے ڈی پی او حافظ اباد سے اپیل کی ہے موٹر سائیکل کو برامد کروایا جائے اور چوروں کو گرفتار کیا جائے اس سے پہلے بھی شہر حافظ اباد کے اندر سے کافی سارے لوگ اپنے موٹر سائیکل سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں اور چوروں کا ابھی تک کوئی سراغ نہیں مل سکا

ڈی ایس پی صدر سرکل اوکاڑہ قاضی باسط کی شہید کانسٹیبل مشتاق کی قبر پر حاضری

پھولوں کی چادر چڑھائی گئی پولیس کے چاق و چابند دستوں نے سلامی بھی پیش کی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی صدر سرکل اوکاڑہ قاضی باسط نے شہید کانسٹیبل مشتاق کی قبر پر حاضری دی پھولوں کی چادر چڑھائی گئی پولیس کے چاق و چابند دستوں نے سلامی بھی پیش کی۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اور ڈی پی او راشد ہدایت کے احکامات کی روشنی میں پنجاب پولیس کے چاق و چابند دستے نے ڈی ایس پی صدر سرکل قاضی باسط کی زیر قیادت اوکاڑہ کینٹ کے علاقہ 52 تھری آر کے علاقہ میں شہید کانسٹیبل مشتاق احمد کی قبر پر حاضری دی شہید کانسٹیبل کے عزیز و اقارب اور اہل علاقہ کے رہائشی افراد کی کثیر تعداد بھی موجود تھی ڈی ایس پی صدر سرکل اور پولیس کے دستے نے سلامی پیش کی شہید کی قبر پر پھولوں کی چادر چڑھاتے ہوئے دعا کی گئی ڈی ایس پی صدر سرکل قاضی باسط کا کہنا تھا کہ شہید جوان محکمہ پولیس کے ماتھے کا جھومر ہیں جن کو کسی صورت فراموش نہیں کیا جا سکتا۔

ہسپتال سے 5 سالہ بچی اغوا پولیس نے مقدمہ درج کر لیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) سول ہسپتال سے 5 سالہ بچی اغوا۔ سول چوک کی صوفیہ اپنی بہن شکیلہ کے ساتھ سول ہسپتال دوائی لینے آئی اس کی نواسی 5 سالہ تحریم بھی ان کے ہمراہ تھی وہ دوائی لینے میں مصروف ہو گئی اور اس کی نواسی رش میں لاپتہ ہو گئی کافی در تلاش کے باوجود نہیں ملی شبہ ہے کہ کسی نے نامعلوم مقاصد کیلئے اغوا کر لیا ہے۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ بقیہ جات 1

قوت اور طاقت بنانا چاہتے ہیں، سب کی نیت ٹھیک تھی تو پاکستان کو تاریخی فتح ملی، اگر عوام تقسیم اور قیادت متحد نہ ہوتی تو دشمن کے خلاف تاریخی فتح حاصل نہیں کر سکتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ تاریخی فتح نے قوم کو متحد اور یکجان بنا دیا، کامیابی پر فخر نہیں، عاجزی اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں، آج میرا اور ہم سب کا سر فخر سے بلند ہے، ہر لحاظ سے بڑے دشمن سے سامنا تھا، مقابلہ کیا اور افواج پاکستان نے جنگ لڑی اور پوری قوم ان کے ساتھ کھڑی تھی۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ ہم نے صرف جنگ ہی نہیں جیتی بلکہ قوم کا روشن مستقبل یقینی بنایا، میں بار بار بچوں کو تفریق اور تقسیم کرنے والوں کے بارے میں بتاتی رہی ہوں، میں بچوں سے پہلے بھی کہتی رہی، آج بھی کہتی ہوں کہ نفرت اور تقسیم پھیلانے والوں کی باتوں میں نہیں آنا۔ انہوں نے کہا کہ ہر نوجوان کا قدم ملک وقوم کی سلامتی کے لیے ہونا چاہیے، سارے ادارے ہمارے اپنے ہیں، لوگ ہمارے اپنے ہیں، اندھی نفرت کا شکار نہیں ہونا چاہیے، وطن کا مستقبل طلبہ کے ہاتھ میں ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ وردی کو ڈنڈے پر لٹکا کر مذاق اڑایا گیا، آج بھی وردی پوش جوان سرحدوں پر ہماری حفاظت کے لیے لڑ رہے ہیں، بچوں کا جذبہ دیکھ کر دل کو تسلی، اطمینان اور مسرت ہوتی ہے، اپنے طلبہ پر فخر ہے۔ فیصل آباد میں تقریب کے دوران انہوں نے کہا کہ جنگ جیتنے سے بڑا خوشی کا لمحہ کوئی نہیں ہوسکتا، بچوں سے کہتی ہوں کہ کسی کے اقتدار کی ہوس کا شکار نہ بنیں اور پاکستان کے نوجوانوں نے نفرت کی سیاست کو مسترد کر دیا۔ مریم نواز نے کہا کہ جب مشکل گھڑی آتی ہے تو قوم کے بیٹے سینہ تان کر کھڑے ہوتے ہیں، ملک کے مستقبل کے بارے میں شک و شبہات پیدا کرنے والے شرمندہ ہوئے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کا کہنا تھا کہ لیپ ٹاپ اور اسکالرشپ طلبہ پر احسان نہیں بلکہ ان کا حق ہے، میں عوام کی امانتوں کی امین ہوں، سب کچھ بیٹے اور بیٹیوں کا ہے، بچوں کے ہاتھ میں لاٹھی اور اسلحہ اچھا نہیں لگتا بلکہ لیپ ٹاپ اچھے لگتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں زیادہ سے زیادہ بچوں کو لیپ ٹاپ اور اسکالرشپ دینا چاہتی ہوں، ہمارے بچے لائق، ذہین اور محنتی ہیں، ہمارا مستقبل انہی سے روشن ہے، لیپ ٹاپ اور اسکالرشپ لینے والے بچوں، ان کے والدین اور اہل خانہ کو مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ مریم نواز نے کہا کہ جن جہازوں کو گرایا اور جلایا گیا، انہی جہازوں اور لوگوں نے جنگ لڑی، انڈیا کہتا تھا کہ رافیل طیارہ گرایا نہیں جاسکتا، ہم نے جے ایف تھنڈر سے گرا کر دکھا دیا۔ انہوں نے کہا کہ قوم کو یقیناً یاد ہوگا، جے ایف تھنڈر کس نے بنایا تھا، نواز شریف نے کہا تھا کہ ہم 9 مئی والے نہیں 28 مئی والے ہیں، آج نوجوانوں کا جوش و خروش بتا رہا ہے، ہم 9 مئی والے نہیں 10 اور 28 مئی والے لوگ ہیں۔ مریم نواز نے کہا کہ 1998 میں لوگ نواز شریف کو ایٹمی دھماکے کا جواب نہ دینے کا کہہ رہے تھے، لوگوں نے نواز شریف کو ایٹمی دھماکے پر پابندیاں لگنے سے ڈرایا لیکن نواز شریف نے کہا کہ دھماکے ضرور کروں گا، میرے وطن کی سلامتی اور دفاع کا معاملہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 2

اور حمایت کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین اس سلسلے میں تعمیری کردار ادا کرنے کیلئے تیار ہے۔

بقیہ بقیہ جات 3

چھاؤنی سیالکوٹ کا دورہ کیا، اس موقع پر نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ اسحاق ڈار، وزیر دفاع خواجہ آصف اور آرمی چیف جنرل منیر بھی وزیراعظم کے ہمراہ تھے۔ اس کے علاوہ ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر، وفاقی وزرا احسن اقبال، عطا تارڑ، کور کمانڈر سیالکوٹ سمیت اعلیٰ سول اور عسکری قیادت بھی وزیراعظم کے ساتھ تھی۔ ترجمان پاک فوج کا کہنا تھا کہ شہباز شریف نے آپریشن بنیان مرصوص کے دوران فوجیوں کی غیر معمولی بہادری اور پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا، وزیراعظم کو پاک بھارت جنگ اور کور کی موجودہ آپریشنل تیاریوں کے بارے میں جامع بریفنگ دی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق انہوں نے معرکہ حق میں افواج پاکستان کی شاندار کارکردگی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی بہادر مسلح افواج نے قوم کے غیر متزلزل عزم اور بہادری سے مادر وطن کا دفاع کیا اور بھارت کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا گیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ افواج پاکستان نے چند گھنٹوں میں دشمن کی جارحیت کو خاک میں ملا دیا، بہادر افواج نے دشمن کی ناپاک جارحیت کا فیصلہ کن جواب دیا، تاریخ یاد رکھے گی کس طرح چند گھنٹوں میں دشمن کی جارحیت کو ناکام بنایا۔ ترجمان پاک فوج کا مزید کہنا تھا کہ وزیراعظم آئندہ چند روز کے دوران ایئر بیسز اور نیول بیسز کا بھی دورہ کریں گے اس دوران وہ پاک فضائیہ اور پاک بحریہ کے افسران و جوانوں سے ملاقات بھی کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 4

شہید علی حیدر کے زخمی کزن توقیر عباس کی خیریت دریافت کی اور نوجوان کے بلند حوصلے کو سراہا۔ انہوں نے توقیر عباس کی زخمی آنکھ کے علاج معالجے بارے ڈاکٹرز سے معلومات لیں اور بہترین طبی سہولتیں فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ توقیر عباس کی آنکھ کو بچانے کیلئے ہر ممکن کوشش کی جائے گی، دعا ہے کہ اللہ زخمی توقیر عباس کو جلد صحتیابی عطا فرمائے، اللہ تعالیٰ نے شہداء کی قربانیوں کی بدولت فتح نصیب کی۔ واضح رہے کہ شہید علی حیدر اور دو زخمی کزن توقیر عباس و منظور فیصل راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم کے باہر چپس برگر فروخت کر کے خاندان کا پیٹ پالتے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 5

بندی نازک ہے، امریکی مداخلت سے پاک بھارت کشیدگی کم ہوئی۔ انہوں نے یہ بات نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی کے وفد سے سفارتخانے میں ملاقات کے موقع پر کہی۔ سینئر سویلین اور فوجی افسران پر مشتمل وفد کے ساتھ امریکا کے نیئر ایسٹ ساتھ ایشیا سینٹر فار اسٹریٹیجک اسٹڈیز کے سینئر افسران بھی موجود تھے۔ پاک بھارت کشیدگی دور کرنے کیلئے رضوان سعید شیخ نے امریکی مداخلت کو سراہتے ہوئے کہا کہ موجودہ جنگ بندی نازک ہے، جموں و کشمیر کے بنیادی مسائل کو حل کرنے کیلئے، امریکا سمیت، عالمی برادری کو مسلسل کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے بھارت پر واضح کیا کہ سندھ طاس معاہدے پر یکطرفہ اقدامات علاقائی استحکام کیلئے خطرہ ہوں گے۔ اس کے علاوہ ٹرمپ انتظامیہ سے تعلق کے بارے میں سفیر پاکستان نے کہا کہ پاک امریکہ تعلقات کا نیا دور مضبوط اقتصادی تعلقات سے عبارت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 6

کیا جائے، غزہ میں بھوک کو بطور ہتھیار استعمال کیا گیا۔ عاصم افتخار نے کہا کہ غزہ میں طبی عملے اور ہسپتال پر حملے کیے گئے، 71 ہزار بچوں 17 ہزار ماؤں کو علاج معالجہ کی ضرورت ہے، فلسطینیوں کو امن کے ساتھ رہنے کا حق ہے، غزہ کی تعمیر نو کے پروگرام کی بھرپور حمایت کی جائے۔ یواین ریلیف چیف نے سلامتی کونسل کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ غزہ کی ناکہ بندی فوری ختم کی جائے، غزہ میں قحط تشویشناک رخ اختیار کر گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 7

صدارت چینی کی قیمتوں سے متعلق اجلاس ہوا جس میں اسحٰق ڈار نے شوگر ملز ایسوسی ایشن کے نمائندگان کو چینی کی قیمت کم کرنے کا حکم دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چینی کا ایکس مل ریٹ 164 روپے فی کلو سے کم کر کے 154 سے 159 روپے تک لایا جائے جبکہ ملز ایسوسی ایشن کی جانب سے نائب وزیراعظم کو تعاون کی یقین دہانی کرائی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 8

کہ آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ نے رقم جاری کرنے کی منظوری 9 مئی کو دی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 9

مقامی کمیونٹی میں بے چینی پھیل رہی ہے۔ انہوں نے کہا پانی تک رسائی کو سیاسی ہتھیار نہیں بنانا چاہیے، سندھ طاس جیسے معاہدے خطے میں استحکام کے ضامن ہیں ان کی حفاظت لازمی ہے۔ فرتھ نے برطانوی حکومت کی جنگ بندی اور کشیدگی میں کمی کے لیے کوششوں کو سراہتے ہوئے زور دیا کہ برطانیہ، جو تاریخی طور پر اس خطے سے جڑا رہا ہے، مزید فعال سفارتی کردار ادا کرے۔ برطانوی وزیر خارجہ ڈیوڈ لامی نے پارلیمنٹ میں جواب دیتے ہوئے کہا کہ برطانیہ میں 3 ملین سے زائد افراد کا تعلق بھارت اور پاکستان سے ہے، ہم نے اس بحران کے آغاز سے اب تک بھارتی و پاکستانی وزرائے خارجہ سے 4 بار بات چیت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ برطانیہ دونوں ممالک پر زور دیتا ہے کہ وہ سندھ طاس معاہدے سمیت تمام سفارتی معاہدوں کی پاسداری کریں، پانی کو کبھی بھی جنگی ہتھیار نہ بنایا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 10

قریشی کو ہی دہشتگردوں کی صف میں لا کھڑا کر دیا۔ بھارتی فوج کی کرنل صوفیہ قریشی نے آپریشن سندور کی تفصیلات بتاتے ہوئے پاک فوج کی جوابی کارروائیوں میں بھارت کو پہنچنے والے نقصانات کی تفصیلات سے میڈیا کو آگاہ کیا تھا۔ اس بیان کو لے کر بھارتی ریاست مدھیہ پردیش کے وزیر وجے شاہ نے بجائے اپنی حکومت اور فوج کی ناکامی کو تسلیم کرنے کے مسلمانوں سے نفرت کا اظہار کرتے ہوئے کرنل صوفیہ کو ہی تنقید کا نشانہ بنا ڈالا۔ وجے شاہ نے کہا کہ دہشتگردوں نے ہمارے ہندو بھائیوں کو کپڑے اتار کر قتل کیا، وزیراعظم نریندر مودی نے اس کے جواب میں دہشتگردوں کی بہن کو ہی آرمی کے جہاز میں ان کے گھروں پر حملہ کرنے کیلئے بھیجا، دہشتگردوں نے ہماری بہن کو بیوہ کیا، اس لیے مودی جی نے ان کی کمیونٹی سے تعلق رکھنے والی بہنوں کو انہیں سبق سکھانے کیلئے بھیجا۔ اس نفرت انگیز بیان کے بعد وجے شاہ کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا جارہا ہے جس پر انہوں نے ایک تعزیتی بیان بھی جاری کیا ہے جس میں انہوں نے کہا کہ اگر میرے بیان سے کسی کی دل آزاری ہوئی تو میں معافی مانگنے کیلئے تیار ہوں، کرنل صوفیہ کی اپنی بہن سے زیادہ عزت کرتا ہوں۔ بھارت کی اپوزیشن جماعت کانگریس نے معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے وجے شاہ کو مدھیہ پردیش کی کابینہ سے فارغ کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ کانگریس کے صدر ملک ارجن کھرگے نے اپنے بیان میں کہا کہ جن کسی نے بھی یہ نفرت انگیز بیان دیا ہے اسے فوری طور پر معطل کیا جانا چاہیے۔ ملک ارجن کھرگے نے کہا کہ پہلگام واقعے کے ذریعے دہشتگردوں نے ملک کو تقسیم کرنے کی کوشش کی لیکن پوری قوم متحد ہے، بی جے پی رہنما نے کرنل صوفیہ قریشی سے متعلق انتہائی گھٹیا، نامناسب اور نفرت انگیز بیان دیا۔

بقیہ بقیہ جات 11

کے رکن قومی اسمبلی ملک عامر ڈوگر نے کہا کہ سی ڈی اے ہمارے ساتھ سوتیلی ماں کا سلوک کرتا ہے جبکہ اس دوران شازیہ ثوبیہ سومرو نے صفائی سمیت دیگر مسائل حل نہ کیے جانے کا شکوہ کیا۔ ڈپٹی اسپیکر غلام مصطفیٰ شاہ نے کہا کہ سی ڈی اے کی کارکردگی انتہائی ناقص ہے، ڈائریکٹر اور ڈپٹی ڈائریکٹر سی ڈی اے پارلیمنٹ لاجز کو معطل کیا ہے جبکہ پارلیمنٹ لاجز کے مسائل کے حل کیلئے نئے ٹینڈرز جاری ہونگے۔ اس موقع پر پی پی رہنما نوید قمر نے کہا کہ ڈائریکٹر اور ڈپٹی ڈائریکٹر کو رفع دفع کرنے کی بجائے سی ڈی اے کو رفع دفع کر دیں، اس پر وزیر داخلہ محسن نقوی نے جواب دیا کہ سی ڈی اے نے 5 سال میں پارلیمنٹ لاجز کی دیکھ بھال پر 90 کروڑ سے زائد خرچ کیے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 12

تحریری تفصیلات وزارت داخلہ نے قومی اسمبلی میں جمع کرا دیں۔ وزارت داخلہ نے بتایا کہ 2024 سے اب تک بیرون ممالک سے 5 ہزار 402 پاکستانی بھکاریوں کو ملک بدر کیا گیا جن میں سعودی عرب، عراق، ملائیشیا، یو اے ای، قطر اور عمان سے پاکستانی بھکاریوں کو ملک بدر کیا گیا۔ وزارت داخلہ کے مطابق سعودی عرب سے 4498، عراق سے 242، ملائیشیا سے 55 اور یو اے ای سے 49 پاکستانی بھکاری ملک بدر کیے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 13

نے لاہور میں ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کے دفتر کا دورہ کیا، جہاں ان کی ملاقات ڈائریکٹر جنرل ٹی ڈیپ پنجاب رفیعہ سید سے ہوئی۔ ملاقات میں مذہبی سیاحت، اقلیتی کاروباریوں کی ترقی اور پائیدار معاشی مواقع کی فراہمی سے متعلق اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ نے اس موقع پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی وژنری قیادت میں اقلیتوں کی فلاح و بہبود کیلئے عملی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اقلیتوں کیلئے جو وژن دیا ہے، وہ پاکستان کی ترقی اور بین المذاہب ہم آہنگی کے لیے ایک روشن مثال ہے۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز کی قیادت میں پنجاب ایک ایسا ماڈل بن رہا ہے جہاں ہر مذہب، ہر طبقے کو یکساں ترقی کے مواقع حاصل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کرتارپور راہداری کے ذریعے مذہبی سیاحت کو فروغ دینا نہ صرف خطے میں بین المذاہب ہم آہنگی کیلئے مؤثر ثابت ہوگا بلکہ اس سے مقامی معیشت کو بھی فائدہ پہنچے گا۔ انہوں نے تجویز دی کہ مذہبی سیاحت کو کمیونٹی بیسڈ اور تجرباتی ماڈل پر فروغ دیا جائے تاکہ سیاحوں کو مقامی ثقافت، خوراک، روایات اور ہنر سے بھی روشناس کروایا جاسکے۔

بقیہ بقیہ جات 14

کو اور بھارت نے پنجاب رینجرز کے محمد اللہ کو پاکستانی حکام کے حوالے کیا۔ رپورٹ کے مطابق بی ایس ایف کے اہلکار پورنم کمار کو 23 اپریل 2025 کو گنڈا سنگھ والا/فیروز پور سیکٹر میں پاکستانی حدود میں غیر ارادی طور پر داخل ہونے پر گرفتار کیا گیا تھا۔ واقعے کے بعد پاکستانی حکام نے قانونی و حفاظتی تقاضے مکمل کیے، جس کے بعد آج واہگہ/اٹاری سرحد پر باقاعدہ طور پر اس کی واپسی عمل میں لائی گئی۔ بی ایس ایف انڈیا کی جانب سے جاری کردہ بیان میں تصدیق کی گئی کہ پاکستان رینجرز نے پورنم کمار کو بحفاظت واپس انڈیا کے حوالے کیا ہے۔ انڈین حکام نے اس اقدام کو سراہا ہے اور اسے ایک مثبت اشارہ قرار دیا ہے۔ پاکستان کا یہ اقدام ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب دونوں ممالک کے تعلقات کشیدہ ہیں۔ دونوں ملکوں کے بارڈر بند ہیں اور محدود جنگی جھڑپوں کے بعد سے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات ابھی تک کشیدہ ہیں۔ تجزیہ کاروں کا کہنا ہے ایسے حالات میں پاکستان کی جانب سے انسانی بنیادوں پر ایک بھارتی فوجی کو واپس کرنا نہ صرف بین الاقوامی اصولوں کی پاسداری ہے بلکہ ایک مثبت پیغام بھی ہے کہ خطے میں امن و تعاون کی گنجائش اب بھی موجود ہے۔ تجزیہ نگاروں کے مطابق یہ قدم دونوں ممالک کے درمیان تناؤ میں کمی کی ایک چھوٹی مگر اہم کوشش کے طور پر دیکھا جارہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 15

۔ ایک آڈیو پیغام میں جنید اکبر نے اپنے ہی ضلع کے رہنماؤں اور کارکنوں کو کھری کھری سنا دیں۔ جنید اکبر کا کہنا تھا کہ میرے اپنے ضلع کے لوگ اگر باہر نکل آتے تو اتنی جنگ نہ ہوتی۔ میں ایم این اے ہوں، میرا اپنا ایم پی اے تک ساتھ نہیں دے رہا۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں گروپ میں میسج کرتا ہوں، ایم پی اے جواب ہی نہیں دیتا۔ ہمارے واٹس ایپ گروپ میں 231 لوگ ہیں، وہی اگر باہر آ جاتے تو ہماری کچھ عزت رہ جاتی۔ اپنے بیان میں انہوں نے اس بات کا بھی عندیہ دیا کہ وہ جلد کوئی فیصلہ کر سکتے ہیں۔ جنید اکبر نے کہا، میرا خیال ہے کہ مجھے اب کوئی فیصلہ کرنا ہی ہوگا۔ جنید اکبر کے اس سخت ردعمل کے بعد پارٹی حلقوں میں ہلچل مچ گئی ہے جب کہ کارکنوں کی خاموشی پر سوالات اٹھنے لگے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 16

انفراسٹرکچر، گھروں، تعلیمی اداروں اور ہسپتالوں کو ہونے والے نقصان کی تفصیلات اکٹھی کی جائیں گی۔ ذرائع کے مطابق رپورٹ میں انسانی جانوں کو پہنچنے والے نقصانات کی تفصیلات بھی فراہم کی جائیں گی۔ ذرائع کے مطابق بھارتی حملوں سے نقصان کی تفصیلات قومی اور بین الاقوامی اداروں کو فراہم کی جائیں گی جبکہ رپورٹ کی روشنی میں بحالی کے کاموں کی منصوبہ بندی کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 17

درخواست پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے شام پر عائد امریکی پابندیاں ختم کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ نے بتایا کہ میں نے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کے ساتھ مشاورت کے بعد یہ اہم فیصلہ کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ فیصلہ شامی عوام کو ایک نئی امید دینے کے لیے کیا گیا ہے۔ انہوں نے شامی قوم سے براہ راست مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ ہمیں اپنے مستقبل کے لیے کچھ خاص دکھائیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکا نے شام کے ساتھ تعلقات معمول پر لانے کے لیے پہلا قدم اٹھا لیا ہے، جو ایک طویل عرصے سے بدترین حالات سے گزر رہا ہے۔ انہوں نے یہ بھی اعلان کیا کہ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو جلد شامی وزیر خارجہ سے ملاقات کریں گے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ شام میں ایک نئی حکومت قائم ہو چکی ہے جو استحکام کی کوشش کر رہی ہے اور امید ہے کہ وہ کامیاب ہوگی۔ امریکی محکمہ خارجہ کے علاقائی ترجمان ساموئل وربرگ نے اس بات کی تصدیق کی کہ صدر ٹرمپ شام پر پابندیاں ہٹانے کے معاملے میں سنجیدہ ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ شام کی قیادت نے اب تک جو اقدامات کیے ہیں، ان سے امریکہ کو مثبت اشارے ملے ہیں۔ وربرگ کے مطابق شامی عوام اب بین الاقوامی تنہائی سے نکلنے کی کوشش کر رہے ہیں اور امریکہ کے ساتھ تعلقات بہتر بنانے کا ایک تاریخی موقع ان کے پاس موجود ہے، خاص طور پر اسد حکومت کے خاتمے اور ایران کے اثر و رسوخ میں کمی کے بعد شامی عوام کے پاس اپنے حالات بدلنے کا موقع ہے۔

بقیہ بقیہ جات 18

جوڈیشل کمیشن کر رہا ہے۔ 6 ماہ سے زائد کا عرصہ گزر جانے کے باوجود آئینی بنچوں کے لیے ججوں کی نامزدگی کا کوئی معیار وضع نہیں کیا گیا۔ اس وقت تمام صوبوں سے 15 جج آئینی بینچ میں موجود ہیں لیکن وہ جج جو انتظامیہ کی گڈ بک میں نہیں انہیں اس میں شامل نہیں کیا گیا۔ سپریم کورٹ میں بنچوں کی تشکیل میں شفافیت لانے کی ضرورت ہے ورنہ عدلیہ پر سوالات اٹھیں گے۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں جسٹس جمال مندوخیل اور جسٹس محمد علی مظہر پر مشتمل کمیٹی آئینی بنچوں کے لیے ججوں کا انتخاب کرتی ہے تاہم ہائی پروفائل کیسز میں ہم خیال بنچوں کی تشکیل کمیٹی کے طرز عمل پر سوالیہ نشان ہے۔ کمیٹی نے ملٹری کورٹس کیس میں جسٹس شاہد وحید کو آئینی بنچ کے لیے نامزد نہیں کیا۔ اسی طرح کمیٹی نے سپر ٹیکس کیس میں ٹیکس کے معاملات میں مہارت رکھنے والے ججوں کو نامزد نہیں کیا۔ اب کمیٹی کو مخصوص سیٹوں کے معاملے میں 12 جولائی کے فیصلے کو چیلنج کرنے والی نظرثانی درخواستوں کی سماعت کرنے والے بنچ کی تشکیل میں پانچ ججوں کو نہ بٹھانے پر تنقید کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔ گزشتہ روز کیس کی سماعت کے دوران سنی اتحاد کونسل کے وکیل فیصل صدیقی نے بینچ کی تشکیل کو چیلنج کیا۔ منگل کی سماعت کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ بینچ بظاہر تقسیم تھا۔ جسٹس امین الدین خان بنچ کی تشکیل کو چیلنج کرنے والی درخواست جمع کرانے کے لیے وکیل کو وقت دینے سے گریزاں تھے۔ تاہم جسٹس جمال خان مندوخیل نے مداخلت کرتے ہوئے کہا کہ وکیل کو اعتراضات اٹھانے کا مناسب موقع دیا جائے۔ ان کی مداخلت کے بعد بنچ نے معاملہ پیر تک ملتوی کرنے کا فیصلہ کیا۔

بقیہ بقیہ جات 19

سٹار لنک کے استعمال کی اجازت دینے پر سعودی عرب کا شکرگزار ہیں۔ عرب ٹی کے مطابق سعودی-امریکی سرمایہ کاری فورم کے دوران مصنوعی ذہانت کے موضوعات پر تبادلہ خیال کرنے والے ایک اجلاس میں ایلون مسک نے مزید کہا کہ وہ ایویلیشن اور ہوابازی کے مقاصد کے لیے "سٹار لنک کے استعمال کی منظوری دینے پر سعودی عرب کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ ایلون مسک نے مزید کہا کہ ہم خود سے چلنے والی گاڑیاں سعودی عرب لائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ذاتی روبوٹ وہ سب کچھ کر سکتے ہیں جو آپ چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کسی ایسے ایک روبوٹ کا مالک ہونا ایک خوبصورت چیز ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میرا خیال ہے کہ ہم ایک بنیادی طور پر مختلف دنیا کی طرف جا رہے ہیں اور مجھے یہ بھی لگتا ہے کہ یہ ایک نئی اور دلچسپ دنیا ہے۔ مجھے لگتا ہے کہ ہر کوئی اس روبوٹ کو اپنا ذاتی معاون بنانا چاہے گا۔ انہوں نے کہا یہ بہت سے معاشی امکانات کو کھولے گا کیونکہ جب ہم سوچتے ہیں کہ معیشت میں اس کے نتائج کیا ہیں تو یہ فی کس پیداواری صلاحیت کو آبادی سے ضرب دینا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایک بار جب آپ کے پاس یہ انسانی روبوٹ ہوں گے تو معاشی پیداوار بہت بڑی اور لامحدود ہو جائے گی۔ ہم موجودہ عالمی معیشت سے دس گنا بڑی معیشت حاصل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ مصنوعی ذہانت میں یہ ترقی عالمی بنیادی آمدنی کی سطح میں اضافے میں معاون ہے۔ اس سے ہر کوئی اپنی مطلوبہ اشیا اور خدمات حاصل کر سکتا ہے۔ ایلون مسک نے کہا کہ مصنوعی ذہانت اور ایکس اے آئی کا مقصد کائنات کو سمجھنا اور یہ سمجھنا ہے کہ اس میں کیا ہے اور ہمیں کیا کرنا چاہیے؟ انہوں نے کہا میرا فلسفہ تجسس اور کائنات کی نوعیت کو سمجھنے کی محبت پر مبنی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 20

پاٹا میں سیلز ترمیمی ایکٹ کالعدم قرار دینے کیخلاف اپیلوں پر سماعت کی۔ عدالت نے گھی اور سٹیل ملز ایسوسی ایشن کی اپیلوں پر حکم امتناع جاری کر دیا اور پشاور ہائیکورٹ کا فیصلہ معطل کرتے ہوئے فریقین کو نوٹس جاری کر دیئے۔ بعدازاں سپریم کورٹ کے 5 رکنی آئینی بنچ نے سابقہ فاٹا اور پاٹا میں سیلز ترمیمی ایکٹ بحال کرتے ہوئے اپیلوں پر مزید سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی کر دی، پشاور ہائیکورٹ نے سابقہ فاٹا اور پاٹا میں سیلز ترمیمی ایکٹ کالعدم قرار دیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 21

ہو گئے۔ چینی میڈیا نے آسٹریلوی ریاست نیو ساتھ ویلز کی پولیس کے حوالے سے بتایا کہ سڈنی سے 350 کلومیٹر جنوب میں واقع چھوٹے سے قصبے نویلکا کے قریب ایک ڈبل کیب یوٹیلیٹی گاڑی اور ٹرک کے درمیان تصادم ہوا، گاڑی میں سفر کرنے والا چھ سالہ لڑکا موقع پر ہی ہلاک جبکہ 3 افراد زخمی ہو گئے جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 22

پر عارضی پابندیوں کو قبول کرنے کے لیے تیار ہے، اگرچہ امریکا سے جاری بات چیت میں ابھی تک اس نکتے پر تفصیل سے بات نہیں ہوئی۔ عرب ٹی وی کے مطابق ایرانی نائب وزیر خارجہ مجید تخت روانچی نے اپنے بیان میں کہا کہ ابھی افزودگی کی سطح اور مقدار پر تفصیل سے بات چیت نہیں ہوئی، تاہم عمومی طور پر ہم نے واضح کر دیا ہے کہ ہم ایک محدود مدت کے لیے افزودگی کی سطح، اس کی مقدار اور دیگر ایٹمی امور پر کچھ پابندیاں قبول کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدامات صرف اعتماد سازی کے لیے ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 23

کا خاتمہ ناگزیر ہو چکا ہے۔ بیرسٹر سیف کا کہنا تھا کہ بانی چیئرمین ملک کے سب سے مقبول عوامی رہنما ہیں، ان کو جعلی اور بے بنیاد مقدمات میں قید رکھنا قوم کو دوبارہ تقسیم کرنے کے مترادف ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جعلی حکومت قومی اتحاد کے اس سنہری موقع کو ضائع کرنے اور فسطائی طرزعمل ترک کرے۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ پی ٹی آئی نہ صرف بھارت کے خلاف مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی تھی بلکہ سوشل میڈیا کے محاذ پر بھی بھارتی جھوٹے بیانیے کو ناکام بنایا۔ بیرسٹر سیف نے دعویٰ کیا کہ پی ٹی آئی کی سوشل میڈیا ٹیم نے بھارت کا منفی پروپیگنڈا پوری قوت سے بے نقاب کیا اور قوم کا بیانیہ مضبوطی سے اجاگر کیا۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ موجودہ حالات میں قومی یکجہتی اور سیاسی استحکام سب سے زیادہ اہم ہیں، اور اس کے لیے ضروری ہے کہ بانی چیئرمین کو فوری طور پر رہا کیا جائے تاکہ ملک آگے بڑھ سکے۔

بقیہ بقیہ جات 24

کیا ہے، برطانیہ جارح اسرائیلی جہازوں کو پرزوں کی فراہمی کر رہا ہے جو کہ بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہے۔ فرانسیسی خبر رساں ادارے کے مطابق گروپ کی جانب سے غزہ جنگ کے دنوں میں اسرائیل کو جنگی جہازوں کے پرزوں کی فراہمی کو بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 25

پر عائد پابندیاں اٹھانے کے اعلان پر خیر مقدم کے پیغامات کا سلسلہ جاری ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق شامی وزیر خارجہ اسعد الشیبانی نے امریکی صدر کے فیصلے کو شام کے لیے ایک اہم موڑ قرار دیا ہے۔ اسعد الشیبانی نے اپنے بیانات میں شام پر عائد پابندیاں اٹھانے کے حوالے سے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے حالیہ بیانات کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ پیش رفت شامی عوام کے لیے ایک اہم موڑ کی نمائندگی کرتی ہے کیونکہ ہم تباہ کن جنگ کے سالوں کے بعد استحکام، خود کفالت اور حقیقی تعمیر نو کے مستقبل کی طرف گامزن ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 26

ایڈمن جج جسٹس سید شہباز علی رضوی اجلاس کی صدارت کریں گے۔ اجلاس میں ڈی جی ڈسٹرکٹ جوڈیشری ہائیکورٹ، چار انسداد دہشتگردی عدالتوں کے ججز، آئی جی پنجاب پولیس اور آئی جی جیل خانہ جات سمیت دیگر اعلیٰ حکام شریک ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 27

کے خلاف اپیل مسترد کر دی، درخواست گزار نے رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ کے تحت ایکسائز ڈیپارٹمنٹ سے ٹیکس پیئرز کی تفصیلات لینے کے لیے رجوع کیا تھا۔ عدالتی فیصلے میں کہا گیا ہے کہ انفارمیشن کمیشن نے ایکسائز کو متعلقہ معلومات فراہم کرنے کا حکم دیا، ایکسائز کی جانب سے ٹیکس پیئرز کی ذاتی انفارمیشن کے علاوہ باقی معلومات فراہم کر دی گئیں، درخواست گزار نے ٹیکس پیئرز کی معلومات لینے کی بھی استدعا کی۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ ایکسائز نے متعلقہ ٹیکس پیئرز کی ذاتی انفارمیشن دینے سے انکار کر دیا، ایکسائز کی جانب سے انفارمیشن کمیشن کے فیصلے کو لاہور ہائی کورٹ میں چیلنج کیا گیا، لاہور ہائی کورٹ کے سنگل بنچ نے ایکسائز کی درخواست منظور کر لی اور انفارمیشن کمیشن کے احکامات کالعدم قرار دے دیئے۔ عدالتی فیصلے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ درخواست گزار نے سنگل بنچ کا فیصلہ انٹرا کورٹ اپیل کے ذریعے چیلنج کیا، رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ کے تحت کوئی بھی شہری معلومات تک رسائی حاصل کر سکتا ہے۔ بعدازاں لاہور ہائی کورٹ نے غیر ضروری اپیل دائر کرنے پر درخواست گزار کو 10 لاکھ روپے جرمانہ کر دیا اور 2 رکنی بنچ نے سنگل بنچ کے فیصلے کے خلاف اپیل مسترد کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 28

ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہر ہفتے ملاقات کا عدالتی حکم موجود ہے، لیکن اس پر عمل نہیں ہو رہا۔ ان کا کہنا تھا کہ بجٹ قریب ہے، سیکیورٹی اور دیگر اہم معاملات پر بانی پی ٹی آئی سے مشاورت ضروری ہے، ملاقات سے روکنا بہت بڑی زیادتی ہے۔ دوسری جانب اسلام آباد ہائیکورٹ میں 190 ملین پاؤنڈ کیس میں بانی پی ٹی آئی کی پیرول پر رہائی کی درخواست پر رجسٹرار آفس کے اعتراضات کے ساتھ سماعت ہوئی۔ قائم مقام چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے سماعت کے دوران کہا کہ پیرول کی درخواست سزا معطلی کیس سے مختلف ہے اسے الگ طور پر دیکھا جائے گا۔ بانی پی ٹی آئی کے وکیل لطیف کھوسہ نے عدالت سے استدعا کی کہ پیرول پر رہائی کی درخواست کو سزا معطلی کیس کے ساتھ فکس کیا جائے۔ انہوں نے مؤقف اختیار کیا کہ درخواست کی قابل سماعت ہونے کا فیصلہ عدالت کو کرنا ہے، اسسٹنٹ رجسٹرار کا یہ دائرہ اختیار نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایسا تاثر دیا جارہا ہے کہ ایک شخص کو انصاف نہیں مل رہا، جو کہ خطرناک رجحان ہے۔ قائم مقام چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ بانی پی ٹی آئی کو ٹرائل کورٹ سے سزا ہو چکی ہے اور وہ سزا یافتہ ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جو اعتراضات لگائے گئے ہیں ان پر عدالتی حکم جاری کیا جائے گا۔ سماعت کے دوران وکیل نیاز اللہ نیازی نے بتایا کہ توہین عدالت کی سات درخواستیں بھی زیر التوا ہیں، جبکہ 190 ملین پاؤنڈ سزا معطلی کی سماعت بھی تاحال مقرر نہیں ہوئی۔ لطیف کھوسہ نے عدالت سے زور دیا کہ پیرول کیس بھی انہی کے ساتھ فکس کیا جائے۔ قائم مقام چیف جسٹس نے واضح کیا کہ پیرول پر رہائی ایک مختلف نوعیت کا معاملہ ہے اور اس پر الگ سے فیصلہ کیا جائے گا۔ عدالت نے اس موقع پر مشورہ دیا کہ حکومت کے زیر اختیار معاملے کو عدالت میں لانے کے بجائے متعلقہ فورم سے رجوع کیا جائے۔ واضح رہے کہ 190 ملین پاؤنڈز یا القادر ٹرسٹ کیس میں الزام لگایا گیا تھا کہ عمران خان اور ان کی اہلیہ نے پی ٹی آئی کے دور حکومت میں برطانیہ کی نیشنل کرائم ایجنسی (این سی اے) کی جانب سے حکومتِ پاکستان کو بھیجے گئے 50 ارب روپے کو قانونی حیثیت دینے کے عوض بحریہ ٹاؤن لمیٹڈ سے اربوں روپے اور سیکڑوں کنال مالیت کی اراضی حاصل کی۔

بقیہ بقیہ جات 29

المرصوص" کے نتیجے میں میزائلوں کا ذخیرہ تباہ ہونے کے بعد بھارت نے روس سے مزید S-400 میزائلوں کی درخواست کی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی وزیراعظم نریندر مودی نے منگل کو آدم پور بیس کا دورہ کیا اور پس منظر میں S-400 میزائل لانچروں کی تصویر کے ساتھ ایک اجتماع سے خطاب کیا تاکہ بھارتیوں کے گرتے ہوئے حوصلوں کو کچھ سہارا مل سکے۔ روسی خبر رساں ادارے "سپوٹ نک" نے کہا کہ روس جلد ہی بھارت کی درخواست کا جواب دے گا۔

بقیہ بقیہ جات 30

قوم کے ساتھ کھڑے ہوئے ہیں، ہم کسی حکومت کے پیچھے نہیں کھڑے ہوئے۔ جس حکومت کو ہم مانتے نہیں ہیں ہم اس حکومت کے پیچھے نہیں کھڑے ہوتے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس قوم کو حکومت کی ضرورت نہیں تھی قوم کو یکجا ہونے کی ضرورت تھی۔ دفاعی تجزیہ کار (ر) ایئر مارشل شاہد اختر نے کہا کہ میں بہت زیادہ سرپرائز نہیں ہوں گا کیونکہ مجھے اندازہ تھا کہ کس لیول کی ٹریننگ چل رہی تھی لیکن پچھلے دو تین سالوں میں جو کچھ ڈیولپمنٹس ہوئی ہیں اور جس طرح ہم نے اسپیکٹرم کو کنٹرول کیا ہے تو یہ میرے لیے ایک بڑی خوش آئند بات تھی، ایک ڈاکٹرائن ہے پوری فلاسفی ہے جنگ حکمت عملی کہ ساروں کو اکیمر لیڈ کر کے استعمال کیسے کرنا ہے تو اس نے تو مجھے بھی حیران کر دیا ہے۔ پاکستان کی جانب سے بھارتی لڑاکا طیارہ رافال گرائے جانے کے حوالے سے ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ انہوں نے نہیں بھی بتایا تھا لیکن چونکہ ہم نے بتا دیا تھا تو فائدہ تو ہمیں ہو رہا تھا، جب ان سے یہ سوال پوچھا گیا تو وہ بڑی ڈیفنسیو پوزیشن میں تھے، ان کی گورنمنٹ کی پالیسی بھی نہیں تھی کہ اس بات کو تسلیم کیا جائے تو ان کا جواب وقت کے حساب سے بہترین تھا۔

بقیہ بقیہ جات 31

یوم تحفظ وطن" منانے کا اعلان کیا ہے، پاک افواج کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا، مودی سرکار کو امن کی نہیں طاقت کی زبان سمجھ آتی ہے، پاکستانی قوم افواج پاکستان کی پشت پر کھڑی ہے۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر ڈاکٹر یوسف ارائیں مرکزی رہنما جمعیت علما پاکستان نے عوامی ریلی میں کیا ہے۔ اس موقع پر ضلعی صدر اسلام الدین خان، جاوید اسحاق سٹی جنرل سیکرٹری اور دیگر نے خطاب کیا۔ تفصیلات کے مطابق جمعیت علما پاکستان اور ملی یکجہتی کونسل پاکستان کے صدر صاحبزادہ ڈاکٹر ابوالخیر محمد زبیر اور مرکزی سیکرٹری جنرل صاحبزادہ پیر سید صفدر حسین شاہ گیلانی نے جے یو پی کی مرکزی مجلس شوریٰ کے آن لائن اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے آپریشن بنیان مرصوص کی شاندار کامیابی اور بھارت کی حالیہ جارحانہ کشیدگی کا پاک فوج کی جانب سے دیے گئے دندان شکن جواب کو قومی غیرت اور عسکری مہارت کی فتح قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ مودی سرکار کو امن کی زبان سمجھ نہیں آتی وہ صرف طاقت اور مزاحمت کی زبان ہی سمجھتا ہے، پاکستان کی افواج نے ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ وہ دشمن کی کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی پوری صلاحیت رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ اور دوست ممالک کے تعاون سے سیز فائر ہوا جس کا کریڈٹ امریکہ بہادر اور ٹرمپ صاحب لے رہے ہیں تو اب یہ ان کی ذمہ داری بھی ہے کہ وہ بھارت کی جانب سے سیز فائر کی خلاف ورزیوں کا فوری نوٹس لیں اور اسے لگام دیں کیونکہ بھارت خطے کے امن کو تباہ کرنے پر تلا ہوا ہے جبکہ پاکستان نے ہمیشہ صبر، تدبر اور امن کی بات کی ہے مگر جب دشمن حد پار کرے تو جواب دینا ناگزیر ہو جاتا ہے۔ الحمدللہ پاک فوج نے بروقت اور فیصلہ کن کارروائی کرتے ہوئے مودی کو واضح پیغام دے دیا ہے کہ یہ نیا پاکستان ہے، جو اپنی سرحدوں، قوم، اور غیرت کی حفاظت کرنا جانتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 32

کہا ہے کہ پاک فوج نے بھارت کو منہ توڑ جواب دیکر اپنی برتری ثابت کر دی ہے، ضرورت اس بات کی ہے کہ مذاکرات میں کشمیر اور اپنے دریاؤں کی حفاظت کو بھی یقینی بنایا جائے، پاکستان کو کمزور سمجھنے والوں کی آنکھیں کھل جانی چاہئیں، اللہ کا شکر ہے کہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے اور ہماری بہادر افواج دشمنوں کی تمام سازشوں کو جواب دینے کے لئے ہر وقت تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اگر واقعی میں ملک کے اندر استحکام لانا چاہتی ہے تو ایسے وزیروں اور مشیروں سے جان چھڑوائے جن کی تنخواہیں اور مراعات قومی خزانے پر بھاری بوجھ ہیں۔ پاکستان کسی بھی قسم کے غیر سیاسی طرز عمل کا متقاضی نہیں ہو سکتا۔ وقت کا تقاضا ہے کہ جمہوری اقدار کی ترویج اور مضبوط جمہوری نظام کے لئے تمام اسٹیک ہولڈر آئین و قانون کے دائرہ کار میں رہتے ہوئے کام کریں۔ مگر المیہ یہ ہے کہ کسی کو بھی عوام کی فکر نہیں ہے۔ مسائل نے لوگوں کو جینا محال کر دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ فارم 47 کے جعلی مینڈیٹ پر قائم ہونے والی حکومت نا اہلوں پر مشتمل ہے ان کے پاس صلاحیت اور قابلیت نام کی کوئی چیز نہیں۔ ملک وقوم کو انتقامی سیاست سے نجات اور معاشی استحکام کی اشد ضرورت ہے۔ حکومت بوکھلاہٹ کا شکار ہے۔ پی ڈی ایم ٹو کی پالیسیاں نا قابل فہم اور مایوس کن ہے۔ یوں محسوس ہوتا ہے کہ جیسے شہباز حکومت اپنے لئے خود مشکلات میں اضافہ کر رہی ہے۔ پورے ملک میں اضطراب کی کیفیت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی انتقامی کارروائیوں سے ملک و قوم کو ایسی بند گلی کی طرف دھکیلا جا رہا ہے جہاں تباہی کے سوا کچھ نہیں، حالات پہلے ہی بہت گھمبیر اور مسائل کے انبار لگے ہیں۔ 25 کروڑ عوام میں مایوسی پھیلتی چلی جارہی ہے۔ ملکی حالات تیزی سے ابتر ہوتے چلے جا رہے ہیں۔ حکمران اپنی ناکامیوں کا ملبہ دوسروں پر ڈالنے کے لئے بہانے ڈھونڈ رہے ہیں۔ محمد جاوید قصوری نے اس حوالے سے مزید کہا کہ ملک وقوم کو ایسی قیادت کی ضرورت ہے جو ملک وقوم کو مشکلات سے نکال سکے اور ترقی کی راہ پر گامزن کر سکے۔ ملکی تاریخ گواہ ہے کہ گزشتہ 76 برسوں سے ملک پر اشرافیہ قابض ہے جسے عوام کی مشکلات کے حل سے کوئی غرض نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 33

میں تقریباً 3.5 روپے کی کمی کا تخمینہ ہے جبکہ ہائی اسپیڈ ڈیزل میں 7 روپے فی لیٹر کمی کی جاسکتی ہے۔ پیٹرول کی قیمت میں کمی کا تخمینہ پچھلے دو ہفتوں کے دوران پیٹرول کی بین الاقوامی قیمت میں تقریباً 1.5 ڈالر فی بیرل اور ڈیزل میں تقریباً 3 ڈالر فی بیرل کی سے لگایا گیا۔ ایکس ڈپو پیٹرول کی موجودہ قیمت 252.63 روپے فی لیٹر ہے۔

بقیہ بقیہ جات 34

۔ ان کا کہنا تھا کہ سیز فائر پر عمل در آمد اہم ہے، لیکن اصل مسئلے کا حل تلاش کیے بغیر امن کی کوئی کوشش مکمل نہیں ہوسکتی۔ رضوان سعید شیخ نے واضح کیا کہ پاکستان امن میں سب کے مفاد کو دیکھتا ہے، تاہم اگر جارحیت مسلط کی گئی تو پاکستان اس کا بھرپور اور مؤثر جواب دینے کی مکمل صلاحیت اور عزم رکھتا ہے۔ انہوں نے مسئلہ کشمیر پر بین الاقوامی توجہ کو حوصلہ افزا قرار دیتے ہوئے کہا کہ عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ کشمیری عوام کے حق خودارادیت کو تسلیم کرتے ہوئے اپنا کردار ادا کرے۔ ان کا کہنا تھا کہ مسئلہ کشمیر کی حل طلبی پائیدار امن کی ہر کوشش کو متاثر کرتی رہے گی۔ رضوان سعید شیخ نے کشیدگی کم کرنے کے لیے امریکی قیادت کی مسلسل کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ امریکہ نے اس حوالے سے مؤثر کردار ادا کیا ہے اور ہم ان کے شکر گزار ہیں۔ ساتھ ہی انہوں نے سعودی عرب، ترکیہ اور دیگر دوست ممالک کی حمایت اور سفارتی کاوشوں پر بھی تشکر کا اظہار کیا۔ سفیر پاکستان کے اس بیان کو نہ صرف خطے کی موجودہ صورتحال کے تناظر میں اہم قرار دیا جا رہا ہے بلکہ یہ بھی ظاہر کرتا ہے کہ پاکستان بین الاقوامی سطح پر مسئلہ کشمیر کو اجاگر کرنے اور خطے میں امن و استحکام کے لیے سفارتی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ بقیہ جات 35

افریقہ، ترکی، بنگلہ دیش، برازیل اور بھارت جیسے ممالک کے بین الاقوامی ماڈلز اور مورگیج فنانسنگ کے طریقہ کار کو اسٹڈی کرے۔ انہوں نے کہا کہ اس سکیم میں کرایہ داروں کو پہلی ترجیح دی جانی چاہیے اور اس سکیم کو سیاست سے پاک ہونا چاہیے تاکہ حق دار لوگ ترجیحی بنیادوں پر اس اسکیم سے فائدہ اٹھائیں۔ انہوں نے کہا کہ کوشش کی جائے کہ اس سکیم کو کم سے کم اور آسان ترین شرائط رکھی جائیں تاکہ کرایہ دار اس سے حقیقی معنوں میں استفادہ کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے سو فیصد گارنٹی دیے جانے کے بعد نجی بینک اس میں خوش دلی سے شامل ہوں گے اور اگر یہ منصوبہ کامیاب ہو جاتا ہے تو اس سے ہزاروں نہیں لاکھوں خاندانوں کا بھلا ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 36

۔ صدر کریانہ ایسوسی ایشن نے کہا کہ حکومت نے زائد اسٹاک نہ ہونے کے باوجود چینی کی برآمد کی اجازت دی، جس کا فائدہ صرف مخصوص عناصر نے اٹھایا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ شوگر ملز مالکان بلاجواز ہمیں قیمتوں میں اضافے کا ذمہ دار قرار دے رہے ہیں جبکہ اصل کنٹرول اور ذخائر کا اختیار انہی کے پاس ہے۔ دوسری جانب شوگر ملز مالکان کی جانب سے تاحال باضابطہ ردعمل سامنے نہیں آیا، تاہم ذرائع کا کہنا ہے کہ وہ قیمتوں میں اضافے کو عالمی منڈی میں نرخوں کے اتار چڑھاؤ اور حکومتی پالیسیوں کا نتیجہ قرار دے رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 37

2298، سٹی میں 1381 اور سول لائنز میں 562 ملزمان گرفتار کیے گئے۔ سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ بجلی چوری میں ملوث عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، ملکی وسائل کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس کارروائیاں جاری ہیں۔ سی سی پی او نے ہدایت کی کہ فیلڈ افسران بجلی چوری کی شکایات پر بلاتاخیر کارروائی کیلئے متعلقہ محکمہ سے کوآرڈینیشن یقینی بنائیں، بجلی چوری کے درج مقدمات میں مطلوب اشتہاریوں کی گرفتاریاں ہر صورت یقینی بنائیں، بجلی چوری کے مقدمات کو یکسو کر کے چالان بروقت عدالتوں میں جمع کروائے جائیں۔

بقیہ بقیہ جات 38

گئیں، درخواست گزار نے ٹیکس پیئرز کی معلومات لینے کی بھی استدعا کی۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ محکمہ ایکسائز نے متعلقہ ٹیکس پیئرز کی ذاتی انفارمیشن دینے سے انکار کر دیا۔ محکمے کی جانب سے انفارمیشن کمیشن کے فیصلے کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کیا گیا۔ لاہور ہائی کورٹ کے سنگل بنچ نے ایکسائز کی درخواست منظور کر لی اور انفارمیشن کمیشن کے احکامات کالعدم قرار دے دیئے۔ عدالتی فیصلے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ درخواست گزار نے سنگل بنچ کا فیصلہ انٹرا کورٹ اپیل کے ذریعے چیلنج کیا، رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ کے تحت کوئی بھی شہری معلومات تک رسائی حاصل کر سکتا ہے۔ بعدازاں لاہور ہائی کورٹ نے غیر ضروری اپیل دائر کرنے پر درخواست گزار کو 10 لاکھ روپے جرمانہ کر دیا اور 2 رکنی بنچ نے سنگل بنچ کے فیصلے کے خلاف اپیل مسترد کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 39

جو اپنے ویسٹ واٹر کو ٹریٹمنٹ کے بغیر کسی بھی نالے یا ڈرین میں ڈالے گا، نئے یونٹ کو ضلعی سطح پر سماعت کے اختیارات تفویض کیے گئے ہیں۔ ترجمان ادارہ ماحولیات پنجاب ساجد بشیر نے کہا کہ شمالی اضلاع میں سماعت کا اختیار ڈپٹی ڈائریکٹر ریگولیٹری کنٹرول کو جبکہ جنوبی اضلاع میں سماعت کا اختیار ڈپٹی ڈائریکٹر ریسرچ اینڈ انویسٹی گیشن کو دیا گیا ہے، اسسٹنٹ ڈائریکٹرز کو سماعت کے نوٹس جاری کرنے کا اختیار دے دیا گیا، نیا یونٹ لاہور ای پی اے ہیڈکوارٹرز کے تحت کام کرے گا۔ یونٹ کے لیے گاڑیاں اور عملہ ڈائریکٹر ای پی اے کی منظوری سے فراہم کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 40

سے ہوئی۔ جاں بحق بچی کی لاش اور زخمی بچے کو اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ جاں بحق بچی کی شناخت 12 سالہ سیرل کے نام سے ہوئی جبکہ حادثے میں زخمی بچے کی شناخت 5 سالہ ایان سے ہوئی۔

بقیہ بقیہ جات 41

موسم اور برف دیکھنے کیلئے سیاحوں کی ملک بھر سے آمد کا سلسلہ جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 42

کارروائی کے دوران 500 خالی بوتلیں، 50 لٹر ناقص سرکہ، 20 کلو ممنوعہ کیمیکل اجزا، اور بھاری مقدار میں غیر معیاری پیکنگ میٹیریل برآمد کیا گیا۔ کارروائی کے دوران 200 لٹر ناقص سوڈا واٹر موقع پر تلف کر دیا گیا جبکہ دو فیکٹریوں کو بھاری جرمانے کیے گئے۔ جعل سازی ثابت ہونے پر ایک جوس پلانٹ اور اچار یونٹ کے مالکان کے خلاف مقدمات درج کیے گئے ہیں، اور دو افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ معروف برانڈز کے نام استعمال کر کے ناقص جوس تیار کرنے والے پلانٹ کی پروڈکشن فوری طور پر بند کر دی گئی ہے۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی محمد عاصم جاوید کے مطابق کیچپ اور جوس پلانٹ میں استعمال ہونے والا خام میٹیریل گندگی سے بھرے کیمیکل ڈرمز میں ذخیرہ کیا گیا تھا۔ جعلی لیبلنگ اور کمپنیوں کے نام اور غلط پتے درج کر کے صارفین کو گمراہ کیا جا رہا تھا۔ عوام کی صحت سے کھیلنے والوں کے خلاف سخت کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ بقیہ جات 43

ہوئے کہا کہ یقیناً اللہ تعالیٰ اُن لوگوں سے محبت کرتا ہے جو اس کے راستے میں اس طرح صف باندھ کر لڑتے ہیں جیسے کہ وہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہوں۔ ڈاکٹر عبدالعزیز نے کہا کہ یہ جہاد مقدس ہے، اور رسول خدا ﷺ، فرشتے اور انبیاء کرام آپ کے ساتھ ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ اپنے سروں کو بلند رکھتے ہوئے خالد بن ولید کو یاد رکھو، صفوں میں متحد رہو، اپنے ٹینک تیار رکھو اور پرچم بلند رکھو، کیونکہ اب ہنود کے بعد یہود کی باری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت پورا عالم اسلام افواج پاکستان کی طرف دیکھ رہا ہے اور ان کی بہادری اور قربانی تاریخ کے اوراق میں سنہرے حروف سے لکھی جائے گی۔ آخر میں انہوں نے سپہ سالار پاکستان اور ہر بہادر سپاہی کے لیے خوشبودار سلام پیش کرتے ہوئے دعا کی اللہ پاک پاکستان کو ہمیشہ محفوظ رکھے اور بلندی عطا فرمائے۔

بقیہ بقیہ جات 44

اہلکاروں کے مطابق بے ہوش شخص کے سامان سے ایک خاتون کے نام کے دو بھارتی پاسپورٹ برآمد ہوئے ہیں۔ پاسپورٹس پر درج نام امجدی بیگم ہے، جب کہ دونوں پاسپورٹس کی میعاد 2028 تک ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ دونوں پاسپورٹ جدہ سے جاری ہوئے ہیں اور ان پر پتہ حیدرآباد، آندھرا پردیش بھارت کا درج ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ یہ جاننے کی کوشش کی جارہی ہے کہ مذکورہ شخص کون ہے اور بھارتی پاسپورٹس اس کے پاس کیسے پہنچے۔

بقیہ بقیہ جات 45

پولیس کی جانب سے مؤثر کارروائی کی گئی۔ فائرنگ کے تبادلے میں دو ڈاکو زخمی ہوئے جنہیں حراست میں لے لیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق آپریشن خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کیا گیا، جس کے دوران کچے کے علاقے کو گھیرے میں لے کر مغویوں کو بحفاظت بازیاب کرایا گیا۔ مغویوں کو فوری طور پر محفوظ مقام پر منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کی بھاری نفری علاقے میں تعینات کر دی گئی ہے اور مزید سرچ آپریشن جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 46

راشد ہدایت نے سخت نوٹس لیا جس پر ملزم رشید کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیا گیا جبکہ بچی کو میڈیکل کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ڈی پی او نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی نیور اگین مہم کے تحت خواتین اور بچوں کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔

بقیہ بقیہ جات 47

کے بعد تیز رفتار ڈمپر الٹ گیا جبکہ ایک رکشہ مکمل طور پر تباہ ہو گیا، حادثے کے بعد لاشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ جاں بحق افراد کی عمریں 20 سے 30 سال کے درمیان ہیں۔ عینی شاہدین کے مطابق رکشہ مکمل طور پر ڈمپر کے نیچے دبنے سے پانچ افراد موقع پر ہی دم توڑ گئے۔ اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی جس نے تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 48

آلات ضبط کر لیتے ہیں جس سے لوگ پریشان اور عدم تحفظ کا شکار ہو جاتے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق بھارتی فورسز کے اہلکار گھروں پر چھاپوں اور تلاشی کارروائیوں کے دوران گھریلو سامان کی توڑ پھوڑ کرتے اور قیمتی اشیاء لوٹ لیتے ہیں۔ عام شہریوں کو ہراساں کرنے اور بلاجواز گرفتاریوں کا مقصد علاقے میں خوف و دہشت کا ماحول پیدا کرنا اور اختلاف رائے کو دبانا ہے۔ یہ کارروائیاں عام کشمیریوں کے ساتھ مجرموں جیسا سلوک کرنے اور تلاشی کارروائیوں کے بہانے ان کی زندگیوں میں خلل ڈالنے کی دانستہ کوششوں کی عکاسی کرتی ہیں۔ سرینگر میں جن لوگوں کے گھروں پر چھاپے مارے گئے ان میں نور محمد شیخ، وسیم طارق، انجم یونس، بلال احمد لون، فیضیاب شوکت دیوانی، بلال لون، منظور تولا، محمد ایوب ڈار، مشتاق احمد، ظہور احمد بٹ اور فردوس احمد ڈار شامل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 49

ہفتہ کے مختلف ایام میں لگا رہی ہے اور عید الاضحی کے موقع پر ان منڈیوں کو عارضی سیل پوائنٹس میں منتقل کرنے اور تحصیل سطح پر میونسپل کمیٹیوں کے اضافی مویشی سیل پوائنٹس قائم کیے جائیں گے۔ کمشنر نے چاروں اضلاع ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ وہ کیٹل مارکیٹ کمیٹی افسران سے مل کر تمام انتظامات کو بروقت اور مؤثر طریقے سے مکمل کریں تاکہ شہریوں کو قربانی کے جانوروں کی خریداری میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ ہو۔ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے افسران نے بتایا کہ عید کے تینوں ایام میں اضافی ورکرز، مشینری اور دو شفٹوں میں صفائی کے انتظامات کیے جائیں گے۔ گھر گھر بائیوڈیگریڈیبل بیگز کی فراہمی کے ساتھ ساتھ شہر و دیہات میں جگہ جگہ عارضی کلیکشن پوائنٹس بھی قائم کیے جائیں گے۔ کمشنر نے ہدایت کی کہ صفائی آپریشن کو مؤثر انداز میں ترتیب دیا جائے۔ اجلاس میں عوامی بہبود اور شہروں کی خوبصورتی سے متعلق اقدامات پر بھی تفصیلی بریفنگ دی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 50

ناپاک منصوبوں کے درمیان رکاوٹ ہیں اسی لیے تو مساجد و مدارس کو نشانہ بنایا۔ مولانا حزیمہ سمیع الحق نے واضح کیا کہ جب بھی ملک میں کوئی آفت آتی ہے یا کوئی جنگ کا ماحول پیدا ہوتا ہے تو وطن عزیز پاکستان کی حفاظت کے لیے سب سے پہلی صف میں علمائے کرام کھڑے نظر آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ علمائے کرام اور دین دار طبقہ ہندوؤں کے نشانے پر بھی ہے، یہودیوں کے نشانے پر بھی ہے اور منافقین کے نشانے پر بھی ہے اس کے باوجود علمائے کرام وطلبا ثابت قدم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس نازک صورتحال میں پوری قوم، تمام علمائے کرام و مدارس اپنی افواج کے پشت پر کھڑی ہے ہم سلام پیش کرتے ہیں پاک فضائیہ کے شاہینوں کو جنہوں نے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا، قائد جمعیت شہید ناموس رسالت شہید پاکستان شیخ الحدیث حضرت مولانا سمیع الحق نے کہا تھا کشمیر کے مسئلے کا حل جہاد ہے اور ہمارے دشمن کا مزاج یہی ہے کہ لاتوں کے بھوت باتوں سے نہیں مانتے۔ علمائے کرام نے چند ہفتے پہلے اسرائیل کے خلاف جہاد کا فتویٰ دیا تھا اور حالیہ کشیدگی میں ہم نے دیکھا کہ ہندوستان نے اسرائیل ساختہ ڈرونز کا استعمال کیا، اس سے پتہ چلتا ہے کہ اسرائیل کے ہمنوا حکمرانوں نے اس فتوے کو کتنا سنجیدہ لیا لیکن افسوس مسلمان ممالک کے حکمرانوں پر کہ جنہوں نے اپنے برادر اسلامی ملک فلسطین کے مسلمانوں کی نسل کشی اور قتل عام پر غیر سنجیدگی دکھا رہے ہیں۔ مولانا حزیمہ سمیع الحق نے کہا کہ آج دنیا نے دیکھ لیا حضرت مولانا سمیع الحق شہید کے نظریے کو کہ ایک جوابی کارروائی سے امریکہ مذاکرات کے لیے کود پڑا اور نہ ایک ہی دن پہلے امریکی نائب صدر نے کہا تھا کہ یہ ہندوستان و پاکستان کا ذاتی مسئلہ ہے ہمارا اس معاملے سے کوئی لینا دینا نہیں، جب دیکھا ہندوستان کے رافیل طیارے گر گئے اور روس کا دیا ہوا ایس 400 دفاعی نظام تباہ ہو گیا تب مغرب کو مذاکرات یاد آگئے۔

بقیہ بقیہ جات 51

دوسرے کے لیے بے پناہ عزت رکھتے ہیں"۔ انہوں نے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی شخصیت کو سراہتے ہوئے کہا کہ چند سال قبل جب ان سے ملاقات ہوئی تھی تو کم عمری کے باوجود ان میں غیر معمولی فہم و فراست دیکھی۔ ٹرمپ نے سعودی عرب کو بیرون ملک دورے کی اپنی پہلی سرکاری منزل قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس دورے کی نوعیت انتہائی اہم ہے اور سعودی عرب کے ساتھ دیرینہ تعلقات مزید مستحکم ہو رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 52

چکر ہو گئیں جس کی اطلاع پر تھانہ پیپلز کالونی پولیس نے متاثرہ شہری کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا اور اس حوالہ سے ایس پی مدینہ ڈویژن سعد ارشد نے واردات میں ملوث نامعلوم خواتین کی گرفتاری کے لئے ایس ایچ او تھانہ پیپلز کالونی انسپکٹر رانا مغفور کی سربراہی میں خصوصی ٹیم تشکیل دی ٹیم نے ٹیکنیکل وسائل کی مدد سے واردات کے چوری کی واردات میں ملوث تینوں خواتین کو گرفتار کر کے انکے قبضہ سے لاکھوں نقدی اور زیورات برآمد کر لئے پولیس نے گرفتار خواتین سے تفتیش کا آغاز کر دیا

بقیہ بقیہ جات 53

الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا کہ بنو قابل لاہور پروگرام کے ذریعے آئی ٹی کا انقلاب برپا کریں گے۔ آئندہ ہفتوں میں شہر کے مختلف مقامات پر مزید آئی ٹی سنٹر (کمپوٹر لیب) کو آپریشنل کر دیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بنو قابل آئی ٹی سنٹر میں 50 طلبہ ایک وقت میں آئی ٹی کورس کی کلاسز لے سکیں گے۔ آئی ٹی سنٹر میں ایک دن میں تین شفٹوں میں طلبہ و طالبات مفت تعلیم حاصل کریں گے۔ بنو قابل آئی ٹی پروگرام سے جدید کمپیوٹر کورسز کی تعلیم دی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ بنو قابل آئی ٹی کورس کے صلاحیتی ٹیسٹ پاس کرنیوالے طلبہ کے آج انٹرویوز آج سے شروع ہیں۔ پاس ہونے والے ہزاروں طلبہ لاہور کے مختلف آئی ٹی سنٹرز میں تعلیم حاصل کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 54

بین المذاہب ہم آہنگی، اقلیتوں کو بااختیار بنانے اور معیشت میں شمولیت کے عزم کا عکاس تھا۔ سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے کہا کہ اقلیتیں پاکستان کی ترقی میں ایک کلیدی کردار ادا کر رہی ہیں اور انہیں معاشی پالیسی سازی، تجارت اور کاروباری ترقی جیسے اہم شعبوں میں مکمل طور پر شریک کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اقلیتوں کو قومی دھارے میں شامل کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ وقت آگیا ہے کہ اقلیتی کاروباری افراد کے لیے مخصوص سہولیات فراہم کی جائیں اور ان رکاوٹوں کو ختم کیا جائے جو ان کی ترقی کی راہ میں حائل ہیں۔ انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی اقلیت دوست پالیسیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی قیادت میں ایک برداشت اور شمولیت پر مبنی معاشرہ ابھر رہا ہے جو بانی پاکستان قائداعظم کے وژن کی عکاسی کرتا ہے۔ سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے دنیا بھر کی سکھ برادری کو پاکستان کے لیے غیر متزلزل حمایت پر خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج ہر شہری کے حقوق کی محافظ ہیں، چاہے اس کا تعلق کسی بھی مذہب یا عقیدے سے ہو۔ صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاد نے اپنے خطاب میں کہا کہ انہیں فخر ہے کہ لاہور چیمبر میں مسیحی اور سکھ برادری سے تعلق رکھنے والے درجنوں کاروباری افراد بطور ممبر شامل ہیں جو ملک کی معاشی و سماجی ترقی میں بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لاہور چیمبر ہمیشہ انسانی حقوق کے تحفظ اور تمام شہریوں کے لیے مساوی معاشی مواقع کا حامی رہا ہے۔ ہمیں خوشی ہے کہ حکومتِ پنجاب نے اقلیتی امور کی اہم وزارت سردار رمیش سنگھ اروڑہ جیسے اہل اور بصیرت رکھنے والے سیاستدان کو سونپی۔ انہوں نے صوبے میں بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کے لیے وزیر کے کردار کو سراہتے ہوئے انہیں لاہور چیمبر کی جانب سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ میاں ابوذر شاد نے سٹینڈنگ کمیٹی برائے ہیومن رائٹس کا مکمل روڈ میپ بھی وزیر کے ساتھ شیئر کیا جس میں بتایا گیا کہ کس طرح لاہور چیمبر اقلیتوں کے حقوق، بین المذاہب ہم آہنگی اور معاشی شمولیت کو فروغ دینے میں کردار ادا کر سکتا ہے۔ نائب صدر لاہور چیمبر شاہد نذیر چودھری نے اس موقع پر کہا کہ حکومت اور کاروباری برادری کو مل کر ملک کے تمام طبقات، خصوصاً پس ماندہ اور محروم طبقات، کو قومی ترقی کے دھارے میں شامل کرنا چاہیے۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء نے سردار رمیش سنگھ اروڑہ کو بین المذاہب ہم آہنگی، سماجی ہم بستگی اور اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے ان کی خدمات پر بھرپور خراج تحسین پیش کیا۔ مزید برآں، شرکاء نے پاکستان کی مسلح افواج سے اظہار یکجہتی کے لیے ایک انسانی زنجیر بھی بنائی، جو قومی اتحاد و یکجہتی کی علامت تھی۔

بقیہ بقیہ جات 55

ی اور ایلیٹ ٹیموں نے شرکت کی۔ ترجمان پنجاب پولیس مزید بتایا کہ پولیس ٹیموں نے ڈاکوؤں کے متعدد ٹھکانوں کو تباہ کر دیا ہے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے بدنام زمانہ گینگ کے خطرناک ڈاکوؤں کی سرکوبی پر تمام پولیس ٹیموں کو شاباش دی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 56

طور پر تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کیا گیا، مگر وہ جانبر نہ ہو سکی اور دم توڑ گئی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی تفتیش جاری ہے تاکہ اس المیے کی وجوہات کا مکمل جائزہ لیا جاسکے۔ یہ افسوسناک سانحہ نہ صرف ایک قیمتی جان کا ضیاع ہے، بلکہ معاشرتی سطح پر بڑھتے ہوئے ذہنی دباؤ اور گھریلو مسائل کی سنگینی کی بھی واضح تصویر پیش کرتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 57

رقم کراچی کے صارفین کو نومبر سے جنوری تک ملنے والے ریلیف سے کاٹی گئی ہے۔ کے الیکٹرک نے درخواست میں مارچ کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کے ریلیف سے بھی رقم کٹوتی کی درخواست کی ہے۔ یاد رہے کہ کراچی کی مختلف 7 کاروباری تنظیمیں کے الیکٹرک کے مطالبے پر نیپرا کی طرف سے فیول پرائس ایڈجسٹمنٹس کے ریلیف میں کٹوتی کی مسلسل مخالفت کر رہی ہیں۔ ان کا موقف رہا ہے کہ پاور پلانٹس کے اسٹارٹ اپس کے خرچے صارفین پر نہیں ڈالے جاسکتے۔ نیپرا کے الیکٹرک کی درخواست پر 22 مئی کو سماعت کرے گی۔

بقیہ بقیہ جات 58

گئے۔ ننھے پہلوان شاگرد بھی اپنے استادوں کے ساتھ جشن میں شریک ہوئے۔ تقریب میں انعام بٹ نے کہا ہم افواج پاکستان کی اس شاندار کامیابی پر انہیں سلام پیش کرتے ہیں، یہ جیت صرف میدان کی نہیں، قوم کے دلوں کی فتح ہے۔

بقیہ بقیہ جات 59

ہوئی تو عدالت نے جبری طور پر لاپتہ افراد کے کیسز مسنگ پرسنز کے کمیشن میں بھیج دیے۔ کراچی کے علاقے نارتھ ناظم آباد سے 23 سال کی لڑکی کی بازیابی سے متعلق درخواست مسترد کر دی گئی۔ عدالت کی جانب سے کہا گیا کہ لڑکی کی گمشدگی کا کیس مسنگ پرسنز کی فہرست میں نہیں آتا۔ وہ کیس مسنگ پرسنز کی کیٹیگری میں آتے ہیں جنہیں مبینہ طور پر لاپتہ کیا گیا ہو۔ درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ لڑکی کی گمشدگی کا مقدمہ درج ہو گیا

بقیہ بقیہ جات 60

کامن روم کے ملازمین، ججز لائبریری کے ملازمین بھی شامل ہیں۔ مزید برآں لوئر کورٹ برانچ، میکینکس برانچ کے ملازمین، رٹ برانچ، ارجنٹ سیل کے ملازمین ، ٹریول اینڈ کوآرڈینیشن کے ملازمین، ٹرانسپورٹ برانچ کے ملازمین، ٹیلی فون ایکسچینج برانچ کے ملازمین بھی شامل ہیں، سافٹ ویئر اینڈ ویب سیکشن، سیکیورٹی برانچ، سکینگ برانچ، سہولت سینٹر برانچ، آر کے جے برانچ، رجسٹرار آفس کے ملازمین بھی اس کا حصہ ہیں۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم کا ویژن کام کے وقت بس کام ہو گا، مجاز اتھارٹی نے خبردار کرتے ہوئے کہا کہ ملازمین کو تین دن میں تحریری جواب جمع کرانے کی ہدایت کی گئی ہے، جواب جمع نہ کرانے پر تادیبی کارروائی کی جائے گی، گریڈ 20 اور 21 کے افسران سے بھی وضاحت طلب کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 61

شاہزیب چاچڑ کا کہنا ہے کہ 5 ملزمان شہری کو اغواء کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ 5 ڈاکوؤں میں سے 2 کو ہلاک کر دیا جبکہ 3 فرار ہو گئے۔

بقیہ بقیہ جات 62

19 مئی تک ملتوی کر دی۔ وفاقی حکومت کی جانب سے ایڈیشنل اٹارنی جنرل مرزا نصر احمد مرزا پیش ہوئے، برطانوی قونصلیٹ کاؤنٹی سرے کی جانب سے تین بچوں کی حوالگی کیلئے لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کیا گیا ہے، جبکہ عدالت نے برطانوی قونصلیٹ کے وکیل کو گارڈین کورٹ میں فائل کی گئی درخواست کی کاپی ساتھ لگانے کی ہدایت کر رکھی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 63

نہ ہوئی تو امریکہ کی روس کے حوالے سے پالیسی بدل سکتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 64

، جو والد کے انتقال کے بعد اپنے تایا عمران کے زیر کفالت تھا، اپنی والدہ سے بھی کٹا ہوا تھا کیونکہ وہ دوسری شادی کے بعد بچے سے مکمل لاتعلق ہو چکی تھی۔ علی اکبر کے نام والد کی تین ایکڑ زرعی زمین تھی، جسے ہتھیانے کے لیے ملزم عمران نے نہایت سفاکی کا مظاہرہ کیا۔ ملزم علی اکبر کو ورغلا کر نہر سہاگ لے گیا جہاں بجلی کے تاروں میں استعمال ہونے والی ٹیپ سے اس کے ہاتھ پاؤں باندھے، گلا دبا کر قتل کیا اور نعش نہر میں بہا دی۔ علی اکبر دوسری جماعت کا طالبعلم تھا اور اپنے تایا کے ساتھ رہتا تھا۔ وقوعہ کا راز ملزم عمران کے بیٹے 13 سالہ عبدالہادی نے فاش کیا، پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم عمران کو گرفتار کر لیا ہے، جس نے دوران تفتیش جرم کا اعتراف کر لیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ موقع واردات سے بچے کی جوتیاں اور استعمال شدہ ٹیپ بھی برآمد ہو چکی ہے۔ پولیس اور ریسکیو ٹیموں نے مسلسل کئی گھنٹے جاری رہنے والے آپریشن کے بعد نہر سے علی اکبر کی لاش برآمد کر لی ہے۔ اس اندوہناک واردات نے پورے علاقے میں کہرام مچا دیا ہے۔ ڈی پی او راشد ہدایت نے ملزم کی فوری گرفتاری پر پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا ہے کہ کسی بھی قاتل کو قانون سے بالاتر نہیں ہونے دیا جائے گا۔ ایس ایچ او تھانہ حویلی لکھا انسپکٹر محمد سرور نے واقعہ کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ ملزم کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جا رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بھی واقعے کا نوٹس لے لیا ہے اور رپورٹ طلب کر لی ہے جبکہ فوری کارروائی کر کے ملزم کی گرفتاری پر پولیس کو شاباش دی۔

بقیہ بقیہ جات 65

سروس کے مطابق غلام احمد گلزار نے سرینگر میں ایک بیان میں پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی کو خوش آئند قدم قرار دیتے ہوئے خبردار کیا کہ بھارت کا جنگی جنون، انتہاپسندی اور ہٹ دھرمی خطے میں بسنے والے لاکھوں انسانوں کے لیے تباہ کن اور مہلک ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنگی جنون نہ صرف غربت اور فاقہ کشی کا باعث بنے گا بلکہ اسے اسلحے کی دوڑ کو مزید تقویت ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اور پاکستان ماضی میں کشمیر پر کئی جنگیں لڑ چکے ہیں اور یہ تنازعہ ایک خوفناک جنگ کا باعث بن سکتا ہے جس سے پوری دنیا متاثر ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ تصادم سے ثابت ہوا کہ کشمیر ایک جوہری فلیش پوائنٹ ہے جو بین الاقوامی برادری کے لیے چشم کشا ہے۔ حریت رہنما نے کہا کہ تنازعہ کشمیر کے پائیدار، باعزت اور منصفانہ حل کے بغیر کوئی امن اور ترقی ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ کشمیر نہ تو کوئی سرحدی تنازعہ ہے اور نہ ہی کوئی زمینی جھگڑا، بلکہ یہ حق خودارادیت کا معاملہ ہے۔ یہ بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ ایک تنازعہ ہے اور اقوام متحدہ کی ایک درجن سے زائد قراردادیں ہیں جن میں عالمی ادارے کی زیر نگرانی آزادانہ اور منصفانہ رائے شماری کی ضمانت دی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 66

نقصان کا ازالہ حکومت اپنی ذمہ داری سمجھ کر کر رہی ہے۔ انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے متاثرہ علاقوں میں فوری طور پر امدادی اور بحالی ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں جو ہر متاثرہ گاؤں کا دورہ کر رہی ہیں تاکہ متاثرہ فرد محروم نہ رہے سردار عامر الطاف خان نے کہا کہ بھارتی گولہ باری سے متاثرہ تمام شہداء کے لواحقین کو ان کے گھر کی دہلیز پر مالی امداد پہنچائی جارہی ہے جبکہ زخمیوں کو علاج معالجے کے لیے خصوصی تعاون دیا جا رہا ہے جن شہریوں کے مکانات مکمل یا جزوی طور پر تباہ ہوئے ہیں انہیں تعمیر نو کے لیے حکومت تعاون فراہم کیا جائے گا تاکہ وہ اپنی معمولات زندگی کی طرف واپس لوٹ سکیں انہوں نے کہا کہ کشمیری قوم ایک باہمت، نڈر اور وفادار قوم ہے۔

بقیہ بقیہ جات 67

عرب دو ہیلی کاپٹر لائے گئے تھے۔ علاوہ ازیں مکمل فضائی عملہ اور تکنیکی معاونین بھی مشقوں میں شریک ہوئے۔

بقیہ بقیہ جات 68

اس پناہ گاہ میں السوار کی موجودگی کا پتا چلا، اور کارروائی بہت جلدی عمل میں لائی گئی۔ تاہم عہدے دار نے مزید کہا کہ حملے کے نتائج ابھی تک غیر واضح ہیں

بقیہ بقیہ جات 69

۔ سیف سٹی فیصل آباد نے فیس ریکوگنیشن ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے ملزم کی فوری شناخت کی اور نشاندہی پر پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کر لیا۔

بقیہ بقیہ جات 70

ملانے کیلئے آپریشن بنیان المرصوص کامیابی سے ہمکنار کر کے ثابت کر دیا ہے کہ پاکستان ایک ذمہ دار ایٹمی قوت ہے، جس نے تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کی فوج کے عزائم کو ناکام بناتے ہوئے اسے اس کے گھر میں گھس کر سبق سکھایا، پاک بھارت جنگ میں پاک فوج نے ایک نئی تاریخ رقم کر کے نہ صرف پاکستان و کشمیری قوم کا اعتماد بحال کیا بلکہ عالمی برادری کو بھی حیران کر دیا۔

بنو قابل لاہور پروگرام کے ذریعے آئی ٹی کا انقلاب برپا کرینگے ضیاء الدین انصاری

بنو قابل آئی ٹی سنٹر میں 50 طلبہ ایک وقت میں آئی ٹی کورس کی کلاسسز لے سکیں گے، آئی ٹی سنٹر میں ایک دن میں تین شفٹوں میں طلبہ وطالبات مفت تعلیم حاصل کرینگے

آئی ٹی سنٹر میں ایک دن میں تین شفٹوں میں طلبہ وطالبات مفت تعلیم حاصل کریں گے، سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن لاہور کا بنو قابل آئی ٹی سنٹر (کمپوٹر لیب) کا افتتاح

لاہور (خبر نگار) جماعت اسلامی کا بنو قابل پروگرام، الخدمت فاؤنڈیشن لاہور کے زیر اہتمام شیر شاہ کالونی میں بنو قابل آئی ٹی سنٹر کا افتتاح کر دیا گیا۔ سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن و امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے آئی ٹی سنٹر کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ صدر الخدمت فاؤنڈیشن لاہور انجینئر احمد حماد رشید سیکرٹری الخدمت فاؤنڈیشن اعجاز نذیر، انچارج بنو قابل پروگرام لاہور عثمان افضل و دیگر ذمہ داران موجود تھے۔ صدر الخدمت فاؤنڈیشن نے لاہور نے ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ کو آئی ٹی سنٹر کی کے حوالے سے بریفنگ دی۔ ضیاء (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 53)

LAHORE
FREE IT COURSES

لاہور: سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ شیر شاہ کالونی میں آئی ٹی سنٹر (کمپیوٹر لیب) کا افتتاح کر رہے ہیں

زمین کی خاطر یتیم بھتیجے بے دردی سے قتل وزیر اعلیٰ کا نوٹس

زمین کی خاطر تایا نے 9 سالہ یتیم بھتیجے کے ہاتھ پاؤں باندھ کر گلہ دبا دیا، مقتول دوسری جماعت کا طالب علم تھا: پولیس ذرائع

وقوعہ کا راز ملزم عمران کے بیٹے 13 سالہ عبدالہادی نے فاش کیا، پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم عمران کو گرفتار کر لیا ہے

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) زمین کی خاطر تایا درندہ بن گیا، یتیم بھتیجا سفاکیت سے قتل کر کے نہر میں پھینک دیا، بیٹے نے قتل کا پردہ چاک کر دیا، وزیر اعلیٰ پنجاب کا نوٹس، ملزم گرفتار، لاش برآمد۔ تفصیلات کے مطابق گاؤں 3 ایس پی میں انسانیت کو شرمندہ کر دینے والا واقعہ سامنے آیا ہے، جہاں ایک بے رحم تایا نے صرف تین ایکڑ زمین کی خاطر اپنے معصوم، یتیم بھتیجے کی جان لے لی۔ پولیس کے مطابق دوسری جماعت کا طالب علم 9 سالہ علی اکبر، جو والد کے انتقال کے بعد اپنے تایا عمران کے زیر کفالت تھا، اپنی والدہ سے بھی کٹا ہوا تھا کیونکہ وہ دوسری شادی کے بعد بچے سے مکمل لاتعلق ہو چکی تھی۔ علی اکبر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

بھارتی فوجیوں کی محاصرے اور تلاشی کی کارروائیوں اور چھاپوں کا سلسلہ جاری

غاصب اہلکار محاصرے اور تلاشی کی پرتشدد کارروائیوں کے دوران زبردستی رہائشی گھروں میں گھس جاتے ہیں

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فورسز کے اہلکاروں نے سرینگر سمیت مختلف علاقوں میں گھروں پر چھاپوں اور محاصرے اور تلاشی کی کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارتی فورسز کے اہلکار وادی کشمیر کے مختلف علاقوں میں محاصرے اور تلاشی کی پرتشدد کارروائیوں کے دوران زبردستی رہائشی گھروں میں گھس جاتے ہیں اور خواتین اور بچوں سمیت مکینوں کو ہراساں اور تشدد کا نشانہ بناتے ہیں اور بے گناہ نوجوانوں کو بلاجواز گرفتار کرتے ہیں جبکہ زمینوں اور بینکوں کی اہم دستاویزات، موبائل فون، لیپ ٹاپ اور دیگر ڈیجیٹل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 48)

لاہور: چیئرمین الحمراء رضی احمد اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر توقیر حیدر سے نامور آرٹسٹ ساوان پیرزادہ ملاقات کر رہے ہیں

القسام بریگیڈز کے سربراہ محمد السنوار کو نشانہ بنانے کے لیے اسرائیلی فوج کا حملہ

محمد السنوار کو خان یونس میں ایک اسپتال کے نیچے واقع خفیہ پناہ گاہ میں فضائی حملے کا نشانہ بنایا، بیان

تل ابیب (این این آئی) تین اسرائیلی عہدے داروں نے انکشاف کیا ہے کہ اسرائیلی افواج نے حماس کے عسکری ونگ (القسام بریگیڈز) کے سربراہ محمد السنوار کو جنوبی غزہ کے شہر خان یونس میں ایک اسپتال کے نیچے واقع خفیہ پناہ گاہ میں فضائی حملے کا نشانہ بنایا۔ ایک اسرائیلی عہدے دار نے انگریزی نیوز ویب سائٹ کو بتایا کہ حکومت کو انٹیلی جنس معلومات موصول ہوئیں جن سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 68)

پاک بھارت جنگ میں پاک فوج نے ایک نئی تاریخ رقم کر دی، وزیر جنگلات

پاک فوج نے مودی کے عزائم کو خاک میں ملا کر ثابت کر دیا پاکستان ایک ذمہ دار ایٹمی قوت ہے

مظفر آباد (این این آئی) آزاد کشمیر کے وزیر جنگلات چوہدری اکمل حسین سرگالہ نے کہا کہ پاک فضائیہ کے شاہینوں نے مکار دشمن غرور خاک میں ملا کر ثابت کر دیا ہے کہ پاک فوج دنیا کی کامیاب ترین فوج ہے، جس کا عالمی طاقتوں سمیت دنیا کے بڑے نشریاتی اداروں بھی مسلح افواج پاکستان کو دنیا کی مضبوط ترین فوج قرار دینے پر مجبور ہو گئے، پاک فوج نے مودی کے عزائم کو خاک میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 70)

فیصل آباد، تھانہ پیپلز کالونی پولیس شہری کے گھر پر چوری کی بڑی واردات میں ملوث 3 خواتین گرفتار

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد تھانہ پیپلز کالونی پولیس شہری کے گھر پر چوری کی بڑی واردات میں ملوث 3 خواتین کو گرفتار کرنے میں کامیاب، لاکھوں نقدی اور طلائی زیورات برآمد۔ پولیس رپورٹ کے مطابق 4 روز قبل النجف کالونی کے رہائشی احمد کے گھر میں داخل ہونیوالی 3 نامعلوم خواتین اسکے گھر سے 9 لاکھ 70 ہزار نقدی اور 10 لاکھ سے زائد مالیت کے طلائی زیورات چوری کر کے رفو چکر ہو گئیں، جس کی اطلاع پر تھانہ پیپلز کالونی پولیس نے متاثرہ شہری کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا اور اس حوالہ سے ایس پی مدینہ ڈویژن سعد ارشد نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

جلد معاشی استحکام حاصل کرنے کیلئے اقلیتوں کی شمولیت یقینی بنانا ہو گی: رمیش سنگھ اروڑہ

اقلیتوں کا معاشی ترقی میں کردار شاندار ہے، صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاد

میاں ابوذر شاد، صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور کا لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ

Lahore Chamber of Commerce & Industry

لاہور (خبر نگار) پنجاب کے وزیر برائے اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے کہا ہے کہ جلد معاشی استحکام حاصل کرنے کے لیے اقلیتوں کی شمولیت یقینی بنانا ہو گی۔ وہ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں ایک خصوصی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاد، سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان، نائب صدر شاہد نذیر چوہدری، سابق سینئر نائب صدر علی حسام اصغر اور ہیومن رائٹس فار مائنارٹیز سٹینڈنگ کمیٹی کے کنوینر سلیم شا کرنے بھی خطاب کیا۔ دورہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)

حجرہ شاہ مقیم: کباڑیے کی معصوم بچی سے درندگی، ملزم گرفتار

بچی گزر رہی تھی کہ اوباش دوکان میں لے گیا، ملزم حوالات جبکہ بچی ہسپتال منتقل

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) اوباش نوجوان نے 6 سالہ بچی کو بداخلاقی کا نشانہ بنا ڈالا، ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق چیز خریدنے کیلئے گھر سے نکلنے والی چھ سالہ معصوم بچی جب گلی میں موجود کباڑیے کی دوکان کے سامنے سے گزری تو ملزم بچی کو بہانے سے دوکان میں لے گیا اور مبینہ طور پر جنسی زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا، بصیر پور میں پیش آئے افسوسناک واقعہ کی اطلاع ملنے پر ڈی پی او اوکاڑہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46)

ترکیہ، بین الاقوامی فضائی مشقوں میں سعودی عرب کی رائل ایئر فورس کی شرکت

ریاض (این این آئی) بین الاقوامی مشقوں میں رائل سعودی ایئر فورس نے شرکت کی ہے۔ یہ جنگی صورت حال اور ریکیو مشنز پر حاوی مشقیں ترکیہ کے قونیا ایئر بیس میں منعقد کی گئیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فضائی مشقوں میں سعودی عرب کی رائل ایئر فورس کے علاوہ بھی کئی ملکوں کی ایئر فورسز کے دستے شریک ہیں۔ مشقیں 11 دن جاری رہیں گی۔ سعودی فضائی دستے کے سربراہ لیفٹیننٹ کرنل پائلٹ عبد الرحمان المنصور کے مطابق تلاش اور ریسکیو کے مقاصد اور تیاری کے مقاصد کے لیے انعقاد پذیر ہونے والی ان مشقوں میں سعودی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 67)

فیصل آباد، راہزنی کی وارداتیں کرنے والا گروہ گرفتار

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد پولیس نے راہزنی کی وارداتیں کرنے والے گروہ کو گرفتار کر لیا۔ فیصل آباد پولیس نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں ملوث گروہ کو سیف سٹی کیمروں کی مدد سے گرفتار کر لیا۔ فیصل آباد سے مختلف وارداتوں کی کالز ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر موصول ہوئیں۔ ورچوئل پٹرولنگ آفیسرنے کالرز کی فراہم کردہ معلومات پر ملزمان کو ٹریس کرنا شروع کیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 69)

پاک بھارت جنگ سے ثابت ہوا کشمیر ایٹمی فلیش پوائنٹ ہے، غلام احمد گلزار

تنازعہ کشمیر کو حل کیے بغیر خطے میں پائیدار امن اور ترقی ممکن نہیں، رہنما حریت کانفرنس

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس کے وائس چیئرمین غلام احمد گلزار نے کہا ہے کہ بھارت اور پاکستان کے درمیان حالیہ جنگ نے ایک بار پھر دونوں ممالک کو ایٹمی جنگ کے دہانے پر پہنچا دیا، انہوں نے خبردار کیا کہ تنازعہ کشمیر کو مسلسل نظر انداز کرنے سے جنوبی ایشیا میں بڑے پیمانے پر ہلاکتیں اور تباہی ہو سکتی ہے۔ کشمیر میڈیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 65)

لاہور: ایل ڈبلیو ایم سی کا ملازم کوڑے کو ٹھکانے لگانے کی بجائے کھلی گلی میں پھینک رہا ہے

پنجاب پولیس کی کچہ کریمنلز کیخلاف بڑی کامیابی

بوسن گینگ کے 2 سرکردہ ڈاکو ہلاک اور 05 زخمی، پولیس ٹیموں نے ڈاکوؤں کے متعدد ٹھکانے تباہ کر دیئے

آپریشن میں راجن پور، مظفر گڑھ پولیس، سی سی ڈی اور ایلیٹ ٹیموں نے شرکت کی، ترجمان پنجاب پولیس

لاہور/راجن پور (خبر نگار) پنجاب پولیس نے کچہ کریمنلز کے خلاف بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے بوسن گینگ کے 2 سرکردہ ڈاکو ہلاک کر دیئے جبکہ 04 زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں۔ ڈی پی او راجن پور کی قیادت میں ضلعی پولیس، سی سی ڈی راجن پور اور مظفر گڑھ کی ٹیموں کا بوسن گینگ کے خلاف ٹارگٹڈ آپریشن تیسرے روز بھی جاری ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ پولیس ٹیموں اور ڈاکوؤں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ پولیس آپریشن کے دوران بوسن گینگ کے سرکردہ رکن التماس بوسن اور غضنفر بوسن کیفر کردار کو پہنچ گئے۔ آپریشن میں راجن پور، مظفر گڑھ پولیس، سی سی ڈ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 55)

پنجاب پولیس کا کچہ کریمنلز کے خلاف آپریشن جاری، بوسن گینگ کے 2 سرکردہ ڈاکو ہلاک، 4 زخمی اور ڈاکوؤں کے متعدد ٹھکانے تباہ کر دیئے

ساتویں کلاس کی دلبرداشتہ طالبہ نے خودکشی کر لی

13 سالہ بچی نے گھریلو جھگڑے پر ذہنی دباؤ کے باعث زہریلی گولیاں کھائیں

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) ساتویں جماعت کی طالبہ نے گھریلو جھگڑے سے دلبرداشتہ ہو کر زندگی کا خاتمہ کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق اللہ داد کالونی میں دل کو دہلا دینے والا واقعہ سامنے آیا ہے، جہاں محض 13 سالہ طالبہ نے مبینہ طور پر گھریلو جھگڑے سے دلبرداشتہ ہو کر زہریلی گولیاں کھا کر اپنی زندگی کا خاتمہ کر لیا۔ پولیس کے مطابق متوفیہ عابدہ بی بی، جو ساتویں جماعت کی طالبہ تھی، کا گھر والوں سے کسی بات پر جھگڑا ہوا تھا۔ واقعے کے فوراً بعد جب بچی نے زہریلی گولیاں نگل لیں تو اسے فوری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 56)

کراچی کے صارفین کیلئے بجلی 5 روپے 2 پیسے سستی کرنے کی درخواست

فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ سے صارفین کو 6 ارب 79 کروڑ روپے کے ریلیف کا تخمینہ

اسلام آباد (این این آئی) کے الیکٹرک نے مارچ کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کے تحت کراچی کے صارفین کے لیے فی یونٹ بجلی 5 روپے 2 پیسے سستی کرنے کی درخواست نیپرا میں جمع کرا دی۔ درخواست میں فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ سے صارفین کو 6 ارب 79 کروڑ روپے کے ریلیف کا تخمینہ ہے۔ کے الیکٹرک نے ساتھ ہی یہ درخواست بھی کر دی کہ کے الیکٹرک کی پاور پلانٹس کے اسٹارٹ اپ سمیت مختلف مدوں میں 14 ارب 60 کروڑ روپے کی رقم زیرالتوا ہے، جس میں سے نیپرا نے نومبر سے جنوری کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹس میں سے 9 ارب 40 کروڑ روپے الگ کر لئے ہیں اور یہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 57)

لاہور جی ٹی روڈ پر ٹریفک حادثہ، 5 افراد جاں بحق، 4 زخمی

ڈمپر الٹنے کے نتیجے میں ایک رکشہ مکمل نیچے دب گیا، 2 موٹر سائیکل بھی زد میں آ گئے، لاشوں، زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا

رکشہ مکمل طور پر ڈمپر کے نیچے دبنے سے پانچ افراد موقع پر ہی دم توڑ گئے، اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی، تحقیقات کا آغاز

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور خوفناک ٹریفک حادثے میں 5 افراد جاں بحق جبکہ 4 زخمی ہو گئے۔ حادثہ ڈمپر کی بریک فیل ہونے کی وجہ سے پیش آیا جس نے 3 رکشوں اور 2 موٹر سائیکلوں کو روند ڈالا۔ بتایا گیا ہے جی ٹی روڈ پر آخری منٹ اسٹاپ پر تیز رفتار ڈمپر نے 3 رکشوں اور 2 موٹر سائیکلوں کو روند ڈالا، حادثے میں 5 افراد جاں بحق اور 4 شدید زخمی ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثہ ڈمپر کی بریک فیل ہونے کے باعث پیش آیا، حادثے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)

مسئلہ کشمیر حل کیے بغیر خطے میں امن ممکن نہیں، پاکستانی سفیر

پاکستان اور بھارت کے درمیان بنیادی مسئلہ جموں و کشمیر ہے، مسئلہ کشمیر کی جانب دنیا کی توجہ مبذول ہونا حوصلہ افزا ہے، رضوان سعید شیخ

پاکستان ایک امن پسند قوم ہے جو خطے میں ڈیڑھ ارب انسانوں کے مفادات کو مقدم رکھتے ہوئے پائیدار امن کا خواہاں ہے

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے ترک نشریاتی ادارے کو دیے گئے انٹرویو میں کہا ہے کہ پاکستان ایک امن پسند قوم ہے جو خطے میں ڈیڑھ ارب انسانوں کے مفادات کو مقدم رکھتے ہوئے پائیدار امن کا خواہاں ہے۔ رضوان سعید شیخ نے کہا کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان بنیادی مسئلہ جموں و کشمیر ہے، جس کا منصفانہ اور پائیدار حل نہ صرف دونوں ممالک بلکہ پورے جنوبی ایشیا کے استحکام کے لیے ناگزیر ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

سستے مکانات کیلئے بینکوں کو 100 فیصد حکومتی گارنٹی دینے کے فیصلے کا خیر مقدم

کرایہ داروں کو ترجیح، ترکی، بنگلہ دیش، برازیل جیسے ممالک کو اسٹڈی کیا جائے، پیاف عہدیدار

لاہور (این این آئی) پیاف کے پیٹرن انچیف میاں سہیل نثار، چیئرمین سید محمود غزنوی، سینئر وائس چیئرمین مدثر مسعود چودھری اور وائس چیئرمین راجہ وسیم حسن نے وفاقی حکومت کی جانب سے سستے مکانات کیلئے مالی معاونت کے منصوبے میں بینکوں کو 100 فیصد حکومتی گارنٹی دینے کے فیصلے کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ اس منصوبے کے سو فیصد نتائج حاصل کرنے کیلئے وسیع تر مشاورت کا عمل شروع کیا جانا چاہیے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ منصوبے کو پیش نظر رکھتے ہوئے کم لاگت والے گھروں کے لیے قابل عمل پالیسی ماڈل کو اپنایا جانا چاہیے۔ اس سلسلہ میں حکومت اس شعبے سے وابستہ تمام اسٹیک ہولڈرز کو بھی مشاورت کے عمل میں شامل کرے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت اس تناظر میں سنگاپور، جنوبی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)

POST GRADUATE MEDICAL INSTITUTE
بنیان مرصوص

لاہور: پرنسپل پوسٹ گریجوایٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر الفرید ظفر کی قیادت میں افواج پاکستان کی شاندار کامیابی کے حوالے سے اظہار تشکر واک کی جا رہی ہے

LAHORE PRESS CLUB

لاہور: پاکستان میں بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر اقبال حسین کو صدر پریس کلب ارشد انصاری شیلڈ دے رہے ہیں

رواں سال بجلی چوری میں ملوث 11900 سے زائد ملزمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس کے مطابق رواں سال بجلی چوری میں ملوث 11900 سے زائد ملزمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی۔ ترجمان کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف شہر کے مختلف تھانوں میں 9900 سے زائد مقدمات کا اندراج کیا گیا، اقبال ٹاؤن میں بجلی چوری کے 1528، صدر میں 2282 اور کینٹ میں 3892 ملزمان کو حراست میں لیا گیا، ماڈل ٹاؤن میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)

غیر ضروری اپیل دائر کرنے پر درخواست گزار کو 10 لاکھ جرمانہ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کے دو رکنی بنچ نے غیر ضروری اپیل دائر کرنے پر درخواست گزار پر 10 لاکھ روپے جرمانہ کر دیا جبکہ سنگل بنچ کے فیصلے کے خلاف اپیل بھی مسترد کر دی گئی۔ درخواست گزار نے رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ کے تحت محکمہ ایکسائز سے ٹیکس پیئرز کی تفصیلات لینے کے لیے رجوع کیا تھا۔ عدالتی فیصلے میں کہا گیا ہے کہ انفارمیشن کمیشن نے محکمہ ایکسائز کو متعلقہ معلومات فراہم کرنے کا حکم دیا، محکمے کی جانب سے ٹیکس پیئرز کی ذاتی انفارمیشن کے علاوہ باقی معلومات فراہم کر دی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

فوڈ اتھارٹی کی بڑی کارروائیاں، ناقص مشروبات اور جعلی فیکٹریوں کا پردہ فاش

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے غیر معیاری اور صحت کے لیے مضر مشروبات تیار کرنے والی متعدد فیکٹریوں کے خلاف بڑی کارروائیاں کی ہیں۔ ان کارروائیوں میں ویلیج-38 ڈی، جواد ایونیو ڈی بلاک، اسٹیشن اسٹاپ اور کوٹ امیر علی شاہ کے علاقوں میں قائم مختلف جوس پلانٹس، سوڈا واٹر فیکٹریوں اور ایک کیچپ و سرکہ یونٹ کی تفصیلی انسپکشن کی گئی۔ ترجمان کے مطابق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)

آبی آلودگی، پنجاب میں پہلی بار اسپیشل انسپکشن یونٹ قائم

تمام انڈسٹریل یونٹس اپنا گندہ پانی صاف کرنے کے پابند ہوں گے

لاہور (این این آئی) ڈی جی ماحولیات پنجاب عمران حامد شیخ نے پنجاب میں انڈسٹریل ویسٹ واٹر کے اخراج کی نگرانی کے لیے خصوصی یونٹ قائم کر دیا۔ ڈی جی ماحولیات عمران حامد شیخ کا ویسٹ واٹر کے اخراج کے خلاف اہم اقدام، تمام انڈسٹریل یونٹس اپنا گندہ پانی صاف کرنے کے پابند ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ اب سے ہر اس انڈسٹریل یونٹ کو چلنے نہیں دیا جائے گا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 39)

کراچی، سرجانی ٹاؤن میں رکشہ الٹنے سے بہن جاں بحق، بھائی زخمی

جاں بحق بچی کی شناخت 12 سالہ سیرل جبکہ حادثے میں زخمی بچے کی شناخت 5 سالہ ایان سے ہوئی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے سرجانی ٹاؤن میں رکشہ الٹنے سے بہن جاں بحق جبکہ بھائی زخمی ہو گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق سرجانی ٹاؤن میں خدا کی بستی کے قریب تیز رفتار رکشہ الٹ گیا، حادثے میں بہن جاں بحق جبکہ بھائی شدید زخمی ہو گیا۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ جاں بحق بچی کی شناخت 12 سالہ سیرل کے نام سے ہوئی جبکہ حادثے میں زخمی بچے کی شناخت 5 سالہ ایان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)

بالاکوٹ، وادی کاغان میں گلیشیئر ہٹا کر سڑک لولوسر جھیل تک بحال

سرد موسم اور برف دیکھنے کیلئے سیاحوں کی ملک بھر سے آمد کا سلسلہ جاری

بالاکوٹ (این این آئی) وادی کاغان میں گلیشیئر ہٹا کر سڑک لولوسر جھیل تک بحال کر دی گئی۔ نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) حکام کے مطابق لولوسر سے بابوسر ٹاپ تک روڈ کھولنے کیلئے دو طرفہ کام جاری ہے، مئی کے آخری ہفتے تک سڑک بحال کر دی جائے گی۔ حکام کا کہنا ہے کہ جلکھڈ سے کشمیر کو ملانے والی رابطہ سڑک کو کھولنے کیلئے مشینری نے کام شروع کر دیا ہے۔ دوسری جانب سرد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)

کوئٹہ: پرائم منسٹر یوتھ ٹیلنٹ ہنٹ باکسنگ چیمپئن لیگ کے موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ و دیگر کا گروپ فوٹو

لاہور، چینی کی قیمت میں ہوشربا اضافہ، شوگر ملز اور کریانہ ایسوسی ایشن آمنے سامنے

اوپن مارکیٹ میں چینی کا ریٹ 164 سے بڑھ کر 175 تک پہنچ گیا

لاہور (این این آئی) لاہور میں چینی کی قیمتوں میں ایک بار پھر نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے، جس کے بعد شوگر ملز مالکان اور مرکزی کریانہ ایسوسی ایشن کے درمیان تنازع شدت اختیار کر گیا ہے۔ اوپن مارکیٹ میں چینی کی قیمت 164 روپے فی کلو سے بڑھ کر 175 روپے فی کلو تک جا پہنچی ہے، جس نے عام صارفین کو شدید مالی دباؤ کا شکار کر دیا ہے۔ مرکزی کریانہ ایسوسی ایشن کے صدر نے اس صورتحال کی ذمہ داری براہ راست شوگر ملز مالکان اور متعلقہ بیوروکریسی پر عائد کی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ فروری میں چینی کی قیمت 125 روپے فی کلو تھی، لیکن ایکسپورٹ کی اجازت ملنے کے بعد قیمتوں کو پر لگ گئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

لاہور: پولیس اہلکار پنجاب اسمبلی کے داخلی دروازے پر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

پاکستان کے دفاع کے قصے آج دنیا بھر میں گونج رہے ہیں، ڈاکٹر عبدالعزیز

پاکستان کی مسلح افواج پوری امت مسلمہ کی عزت و وقار کی علامت ہے، شامی اسکالر کا خراج تحسین

دمشق/اسلام آباد (این این آئی) شام کے معروف اسلامی اسکالر اور صوفی بزرگ ڈاکٹر عبدالعزیز الخطیب الحسنی الجیلانی نے افواج پاکستان کو شاندار خراج تحسین پیش کرتے ہوئے حالیہ کامیابی کو ایک تاریخی فتح قرار دیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ پاکستان کی مسلح افواج نہ صرف ملک کی محافظ ہیں بلکہ پوری امت مسلمہ کی عزت و وقار کی علامت بھی ہیں۔ ڈاکٹر عبدالعزیز نے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان کے دفاع کے قصے آج دنیا بھر میں گونج رہے ہیں۔ مسلح افواج ہماری شان اور لشکر ہماری قوت ہیں۔ آپ کی بنیاد سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہے، اور یہ فتح محض دو ملکوں کی نہیں بلکہ دو عقیدوں یعنی ایمان اور کفر کی جنگ تھی۔ انہوں نے افواج پاکستان کو سورۃ الصف کی آیت 4 کا حوالہ دیتے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

کراچی، بیہوشی کی حالت میں ملنے والے بزرگ سے دو بھارتی پاسپورٹ برآمد

دونوں پاسپورٹ جدہ سے جاری ہوئے ہیں اور ان پر پتہ حیدر آباد، آندھرا پردیش بھارت کا درج ہے

کراچی (این این آئی) کراچی کے مصروف ترین علاقے صدر میں واقع اللہ والی مسجد کے قریب ایک بزرگ شہری بے ہوشی کی حالت میں پائے گئے، جنہیں فوری طور پر جناح اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق بے ہوش شخص کی شناخت 60 سالہ عبدالعزیز کے نام سے ہوئی ہے۔ تاہم ان کی اصل شناخت اور پس منظر کے حوالے سے مزید تحقیقات جاری ہیں۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 44)

سکھر، کچے کے علاقے میں پولیس کی کارروائی، 12 مغوی بازیاب

بازیاب افراد میں وہ تین نوجوان بھی، گزشتہ رات بچل شاہ میانی کے علاقے سے اغوا کیا گیا تھا، پولیس

سکھر (این این آئی) سکھر پولیس نے کچے کے علاقے میں ایک کامیاب آپریشن کے دوران 12 مغویوں کو بازیاب کرا لیا۔ پولیس حکام کے مطابق بازیاب کرائے گئے افراد میں وہ تین نوجوان بھی شامل ہیں جنہیں گزشتہ رات بچل شاہ میانی کے علاقے سے اغوا کیا گیا تھا۔ ترجمان پولیس کا کہنا ہے کہ مغویوں کی بازیابی کے دوران ڈاکوؤں نے پولیس ٹیم پر فائرنگ کر دی، جس کے جواب میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 45)

افسران اور ملازمین کی بغیر اطلاع غیر حاضری پر ثبوت سمیت وضاحت طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے افسران اور ملازمین کی بغیر اطلاع غیر حاضری پر ثبوت سمیت وضاحت طلب کر لی۔ ملازمین میں اکاؤنٹ برانچ، اے جی سیل، آڈٹ سیل، بی اینڈ ایف ایم برانچ، بل برانچ، بلڈنگ لاہور ہائیکورٹ برانچ، کینٹین کے ملازم، کیس کمپلیٹ برانچ، کیس فکسر برانچ، کاز لسٹ سیکشن، سیول 1 اور سیول 2 برانچ کے ملازمین شامل ہیں۔ اس کے علاوہ کمرشل اینڈ ٹیکسیشن برانچ، کاپی برانچ، کریمنل برانچ، ڈے کیئر سینٹر، ڈسپیچ برانچ، ڈی آر آر سیول برانچ وغیرہ کے ملازمین بھی شامل ہیں، جنرل برانچ، جنرل اسٹیبلشمنٹ، ہیڈ ججمنٹ رائٹر، ایچ آر برانچ، آئی ٹی برانچ، جج (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

شکار پور میں پولیس مقابلے میں 2 مبینہ ڈاکو ہلاک

شکار پور (این این آئی) شکار پور میں آرائیں لنک روڈ پر پولیس مقابلے میں 2 مبینہ ڈاکو ہلاک ہو گئے۔ ایس ایس پی شاہزیب چانڈیو کا کہنا ہے کہ 5 ملزمان شہری کو اغوا کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ 5 ڈاکوؤں میں سے 2 کو ہلاک کر دیا جبکہ 3 فرار ہو گئے۔ ایس ایس پی کا کہنا ہے کہ ہلاک ملزمان کی شناخت نہیں ہو سکی، لاشیں اسپتال منتقل کر دی گئی ہے۔ ایس ایس پی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

جسٹس فاروق حیدر کی برٹش شہریت کے حامل بچوں کی حوالگی سے متعلق کیس کی سماعت سے معذرت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس فاروق حیدر نے برطانوی قونصلیٹ کی جانب سے برٹش شہریت کے حامل بچوں کی حوالگی سے متعلق کیس کی سماعت سے معذرت کر لی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس فاروق حیدر اور جسٹس علی ضیاء باجوہ پر مشتمل دو رکنی بنچ نے کیس دوسرے ڈویژن بنچ میں بھجوانے کی سفارش کرتے ہوئے فائل چیف جسٹس کو بھجواتے ہوئے کیس کی مزید سماعت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 62)

گوجرانوالہ کے پہلوانوں کا یوم تشکر، پاکستان کی فتح کا جشن منایا

کیک کاٹا گیا، افواج پاکستان کے حق میں فلک شگاف نعرے، روایتی بھنگڑے ڈالے گئے

گوجرانوالہ (این این آئی) بھارت کے خلاف پاکستان کی تاریخی فتح پر گوجرانوالہ کے پہلوانوں نے انعام بٹ پہلوان اکھاڑے میں یوم تشکر منایا۔ اس موقع پر کیک کاٹا گیا، افواج پاکستان کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے گئے اور وطن سے محبت کے اظہار میں روایتی بھنگڑے ڈالے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

سندھ ہائیکورٹ نے لاپتہ شہریوں کی واپسی پر درخواستیں نمٹا دیں

کراچی کے علاقے نارتھ ناظم آباد سے 23 سال کی لڑکی کی بازیابی سے متعلق درخواست مسترد کر دی گئی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے سعود آباد سے لاپتہ محمد نوید اور عوامی کالونی سے لاپتہ احمد شمیم گھر واپس آگئے ہیں۔ تفتیشی افسر نے دونوں شہریوں کی واپسی سے متعلق رپورٹ عدالت میں جمع کروادی ہے۔ عدالت عالیہ میں لاپتہ افراد کی بازیابی سے متعلق درخواستوں کی سماعت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)

کوئٹہ: مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری صوبائی وزیر زراعت میر علی حسن زہری سے ملاقات کر رہے ہیں

روسی صدر سے ملاقات کے لیے ہر ممکن کوشش کروں گا، یوکرائنی صدر

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اب تک اس ملاقات میں شرکت کی تصدیق نہیں کی، گفتگو

کیف (این این آئی) یوکرینی صدر ولادیمیر زیلنسکی نے زور دے کر کہا ہے کہ وہ روسی صدر ولادیمیر پیوٹن سے براہ راست ملاقات کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے۔ عرب ٹی وی کے مطابق ان کا کہنا تھا کہ جنگ بندی کی کوئی بھی سنجیدہ کوشش صرف پوتن سے بات چیت کے ذریعے ہی ممکن ہے، کیونکہ صرف وہی اس پر عمل درآمد کا اختیار رکھتے ہیں۔ کیف میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے زیلنسکی نے کہا کہ "اگر جنگ بندی پر بات ہونی ہے تو صرف روسی صدر کر سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اب تک اس ملاقات میں شرکت کی تصدیق نہیں کی۔ یوکرینی صدر کو توقع ہے کہ اگر روس نے مذاکرات میں سنجیدگی نہ دکھائی تو امریکہ اور یورپی یونین کی جانب سے اس پر سخت پابندیاں عائد کی جائیں گی، خصوصاً اگر استنبول میں طے شدہ بات چیت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 63)

لاہور: شہری چوبرجی چوک میں دوکان سے ایئر کولر خرید رہے ہیں

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار الٰہی شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 یاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور